U17875 P Date - 10-K-07

Title - DAFTAR SHUGARF

Creator - Asghar Ali Khan Naseem.

Publisher - Matba Mustafai (Lucknow).

Date - 1285 H

Pages - 250

Subjects - Urdu Shayari - Daweween-o-Kulliyaat

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نسیم انفاس افلاکیان نے چمن آرائی گل توحید سے نکہت فروشی ہی کہ جسنے تختہ
خاک کو لالہ رخان سبزہ رنگ سے دامان گلچین بنایا شمیم سنبل آہ خاکیان نے بہار
پیرائی ریاحین تحمید سے نافہ در آغوشی ہی کہ جسنے گل خورشید کو طرہ دستار افلاک
فرمایا چمنستان سخن آبیاری نعت اوس سرچشمہ ہدایت سے شاداب ہی کہ جسکی زلال
بشارت جَنّٰتٌ تَجرِی مِن تَحتِہَا الاَنہَار نے تشنگان وادی ارادت کو سیراب کیا
گلستان معانی آب جوی منقبت اوس نگارستان نبوت سے سرسبز ہی کہ جسکے نخل تمنا کو باغبان
قدرت نے آبشار اِنَّا اَعطَینٰکَ الکَوثَر سے آب دیا صدر نشین مسند قاب قوسین
او ادنیٰ سرور عالم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم آفرینش شاخ قلم گلفشانی درود آل اطہار
ہی کہ جنکی فیض مقدم سے حدیقہ خزان رسیدہ امت مرتبہ صحن فردوس کا پایا برگ
و بار گلبن زبان ستایش صحابہ کبار ہی کہ جنکی حسن تدبیر نے خیابان ہدایت کو خار
ضلالت سے پاک فرمایا آوارہ کوی ناکامی نام آور عالم گمنامی خارچین گلشن طبع سلیم
شیخ امیر اللہ تسلیم ارباب سخن کی خدمت مین التماس آرا ہی چہرہ شاہد مضمون نو سے
نقاب کشا ہی یعنی سنہ ۱۲۴۲ ہجری مین شاعر رنگین بیان نکتہ ور رشک سحبان ہمپایہ قدسی و کلیم

جناب میرزا محمد اصغر علیخان نسیم ابن نواب آقا علی خان قاچار شاگرد جناب حکیم
محمد مومن خان اسکنہم اللہ فی فرادیس الجنان خطۂ پاک دہلی سی لکھنؤ مین تشریف فرما
ہوئی غلغلۂ شیوا بیانی آوازۂ نکتہ دانی بلند ہوا اکثر صغار و کبار و امرای روزگار
فیضیاب تلمذ حضرت والا ہوی ہر طرف شاعری کی دہوم ہوئی معاملہ بندی کی حقیقت
معلوم ہوئی فصاحت نے سبکی زبان پر زہر کہایا بلاغت نے زمین شعر کو آسمان بنایا واقعی
چستی بندش مین کچہ کلام نہین سوائد کا کہین نام نہین با این ہمہ خدام والا کو کبھی ترتیب
دیوان کا خیال نہ آیا بسبب وارستہ مزاجی اور عالی ہمتی کی کچہ فراہم نہ فرمایا ہر پارۂ جگر
صورت دل پریشان ہو گیا صفحۂ عالم سی مثل خیال باطل بی نشان ہو گیا کئی مثنویان
موزون فرمائین کوئی ناتمام رہی کسی کا پتا نہین ایک جلد الف لیلی کی باقی رہی نظر
ثانی کی نوبت نہ آئی چہپ گئی آخر کو ۱۲۹۲ سنہ ہجری مین چہاردہم ماہ رمضان المبارک کو
دار فانی سی برخاستہ خاطر ہوی حریم حرم عالم جاودانی مین حبیب گویان حاضر ہوی
ہر ایک کی زبان پر انا للہ و انا الیہ راجعون آیا شعر و سخن کو خاک بسر داغ بر دل پایا
اکثر شاگردون دوستون نی تاریخین وفات کی موزون فرمائین بل تحریر بدایین ہمت
اندراج پائین الحال امیر اعظم رئیس معظم افسر ملک معانی فرمان فرمای کشور سخندانی جناب
نواب محمد تقی خان بہادر دام اقبالہ ابن نواب صادق علی خان بن نواب
اصغر علیخان ابن نواب محمد علیخان بہادر سالارجنگ برد اللہ مضجعہم نی کچہ کلام جو
پرچہ جا بجا سی فراہم کیا بکمال شوق و سعی نہایت ایک دیوان ترتیب پایا کہ استاد
مغفور کا بعد وفات کچہ یادگار رہی بی نشان ہو کر بہی پنہا سی نشان بہ صراحت
مطبع مصطفائی مین چہپنی کی اجازت دی مصارف کی کفالت کی اللہ تعالے
ایسی رئیس باہمت اور شاگرد استاد پرست کو سعادت ازلی عطا فرمائی کونین مین
ترقی جاہ و دولت سی سرفراز و ممتاز رکہی آمین یارب العالمین قطعات تاریخ وفات

از جناب نیر الدوله مدبر الملک منشی میر ظفر علیخان بهادر جنگ اسیر تخلص شاگرد غلام همدانی مصحفی

میرزا آنکه بود کشور دهلی وطنش ۞ | صاحب علم و زباندان و خردمند فهیم
رفت از دار فنا جانب فردوس برین | باد در مرتبهٔ قرب خداوند علیم
سال تاریخ وفاتش قلم کرد رقم | شد بجوار ارم از چمن دهر نسیم ۱۲۸۲

از منشی آغا علی صاحب تخلص شمس شاگرد جناب قاضی محمد صادق خان اختر

نسیم دهلوی اصغر علی خان شاعر نامی | چو از دنیا روان شد جانب جنت بصد عزت
بتاریخ وفاتش گفت شمس این مصرع موزون | نسیم دهلوی جان نسیم گلشن جنت ۱۲۸۲

از نتائج طبع سید کاظم حسین صاحب تخلص تنویر شاگرد جناب میر علی اوسط صاحب رشک

نسیم دهلوی عندلیب گلشن فکر | بباغ خلد روان شد چو شبنم سحری
چو بود شاعر رنگین کلام و رنگین طبع | پریده بلبل روحش شد از حیات بری
چو عام شد خبر مرگ او بگلشن دهر | ز بلبلان سخن شد خروش نوحه گری
سه بار ده تاریخ گفتم ای تنویر | نسیم شد بهوا داری ارم سفری ۱۲۸۲

از نتائج طبع نواب محمد تقی خان صاحب تخلص افسر شاگرد نسیم دهلوی

چو اصغر علی خان استاد کامل | سوی خلد رفت زین دار فانی
م فکر افسر پی سال رحلت | نوشتم ز ملک سخن شد معانی ۱۲۸۲

از نتائج طبع علی محمد خان صاحب تخلص ولی شاگرد نواب ظفریاب خان صاحب

چو اصغر علی خان سوی خلد شد | خزان دیده شد باغ شعر و سخن
ولی بهر سال وفات نسیم | بگو هاے استاد ملک سخن ۱۲۸۲

طبعزاد فدا علی صاحب عیش شاگرد جناب میر کلو صاحب عرش

رفت سوے نسیم در جنت | بود استاد نکته دان شاعر
عیش بنوشت سال در سحم | مرد واے واے خوش بیان شاعر ۱۲۸۲

از نواب فضل علیخان بہادر عرف لاڈلے صاحب تخلص شوق ابن نواب فخر الدولہ بہادر

چون نسیم دہلوی یکتا ے عصر — زین جہان رخت سفر بر بست ہاے
سال رحلت شوق خستہ دل نوشت — اوستاد ما ز دنیا رفت واے
۱۲۸۲

از نتایج فکر میرزا مرتضی بیگ عرف پہچو بیگ صاحب تخلص عاشق شاگرد نسیم دہلوی

شد جانب خلد اوستادم عاشق — شاہنشہ اقلیم معانی ای آہ
ہاتف تاریخ انتقالش فرمود — شاعر بے مثل بود اِنّا شد
۱۲۸۲

طبعزاد مولوی باسط علی صاحب تخلص شوکت شاگرد نسیم دہلوی

حیف نسیم دہلوی سوی جہان ہے کورون — صرصر مرگ سے ہوا خشک نہال شاعری
شوکت خستہ دل یہی سال وفات اب لکھو — آہ جہان سے اوٹھ گیا آج کمال شاعری
۱۲۸۲

طبعزاد لالہ حیراتی لال صاحب تخلص شگفتہ شاگرد نسیم دہلوی

شمع نکہت نسیم استاد — گلزار جہان سے چل بسے وای
لکہی تاریخ اسے شگفتہ — استاد شفیق و مہربان ہاے
۱۲۸۲

بلبل گلزار سخن شادی لال چمن شاگرد نسیم دہلوی

چون ز حکم خدای پاک نسیم — یافت ناگہ بباغ جنت جای
از سر درد ای چمن بنویس — وای بے اوستاد گشتم وای
۱۲۸۲

از نتیجہ طبع شیخ محمد حسن صاحب تخلص ملال شاگرد نسیم دہلوی

چون نسیم سخنور کامل — زین جہان الم فزا رفتہ
سال رحلت ملال محزون گفت — وای استاد من کجا رفتہ
۱۲۸۲

از مرزا اصغر علی بیگ صاحب تخلص گوہر شاگرد نسیم دہلوی

آج دنیا سے نسیم دہلوے — لے گئے تشریف اے دل ہای ہاے
یہ لکہی گوہر نے تاریخ وفات — شاعر بے مثل و کامل ہای ہاے
۱۲۸۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدہ در مدح حضرت ابو المنصور ناصر الدین سلیمان جاہ قیصر زمان سلطان عالم محمد واجد علیشاہ خلد اللہ ملکہ

پیرہن ہین ہی اشاہد مضمون نہان
دائرہ مشکل گریبان ہی تو کاغذ دامان

ربط لفظی نے نیا قاعدہ دکھلایا آج
دہن حرف سی پیوند ہی خامی کی زبان

نظر آتا ہی ورق ناصیۂ معشوقے
ریزش کلک سی نقطون نے ہی چنی کیا افشان

ہر کشش مین ہی ہلال خم ابرو پیدا
ختم آغاز کی نونین ہین بشکل مژگان

سرخ ہین تاب مضامین سی جو نقطی تھی سیاہ
شعلۂ فکر سی ایسا ہی قلم گل افشان

طبع کو طاعت مضمون نہو کیونکر حاصل
صاحب خانہ ہی پابند مزاج مہمان

کیون نہو غرق ندامت سخن مہمل
جوشش فکر سی معنی کی اٹھی ہین طوفان

فہم جستہ نہین ہم سی میرے آگاہ
دہن زخم کو حاصل ہی کہان لطف زبان

اشعار دریل خبین سی لکھتا ہی قلم
فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلان

صدر کی صورتِ اوجِ فلکی دکھلائے
حشو مثلِ کمرِ شاہد مطلب ہی نہان

چشمۂ مہر تجلی سے ہوا عین عروض
ابتدا نیّرِ اعظم کی طرح ہی تابان

ضرب کی قسمت مین قصد سے وہ رتبہ پایا
کہ گہر ریز ہوی اہلِ سخن کے دامان

منتقص وافی و مالوف و صحیح و مجزُو
سب ہین ہین بندشِ تخئیل معقد کی نشان

سات ہین بندشِ ابیات کی شکلین لاریب
نکتہ ور دلمین سمجھ لینگی اشارات نہان

منقسم ضرب تہجی ہی برائے ترکیب
حرف سے لفظ بنی لفظ سے معنی ہون عیان

صورتِ شعر مین تبیس طرح کی ہین تنگ
علمِ اُستاد سے آگاہ نہین ہر نادان

چند اعداد افاعیل کو کہتی ہین عروض
انکی پڑہ لینی سے شاعر نہین ہوتا انسان

جُہلا کی جو پڑہی کوئی کتاب اس فن کے
سنگینے کی خلشِ فکر وہ اُستاد زبان

کہتی پہرتے ہین یہ کیا بحر ہی اور دائرہ کیا
دیکہو ہمنی بہی طبیعت سے نکالی اوزان

دیکہہ سیفی کی رسالی کو بنے خود سیفی
ہین تعجب کی قاعدہ لیکن وہ ہوی قاعدہ دان

لفظ تخبیق نہ تخنیق سمجھتے ہین کچہ
خرم اور خزم کی تحقیق مین اکثر حیران

صفت قافیہ مین ذکر اگر آجائے
پوچھین اقسام روی کی تو نہ ثابت ہو نشان

ہو جو ترکیب مضافی کی ضرورت واقع
صورت آئنہ رہ جائین سراپا حیران

پوچھی گر کوئی تو ارشاد ہو یہ از رہ طعن
فارسی گو نہین اردو کی ہین ہم قاعدہ دان

کسی استاد کا دیوان اگر کوئی پڑہے
ایک ہی بیت کی معنی نہ ادا ہون یکسان

کہتے ہین عرفی و فردوسی و خاقانی کو
جل گئی روح تک اونکی وہ کہی شعر تپان

صدقی او بیر جو نہین علمِ سخن سی آگاہ
خوش بہت ہوتی ہین کہی اگر اُستاد زبان

ای خدا کیا ہوی اُستاد سخن فہم افسوس
کیسے یہ خوبی اعمال سے بگڑی انسان

وہ عروضی نہین جو فعل و فعولن جانے
پوچھی مجھسی تو بتاؤن تجھی کچہ اسکی نشان

پہلے تخئیل کہ آغاز ہے اسپر موقوف
جسکو علّامہ طوسی نے کیا زیب بیان

اوسکے اقسام ہین جو حضرت عرفی نی لکھا
شک نہین ہین کسی طرح سمجھ رکھ ایجان

شعر بہی تین ہین مضمونی و حالی کیفی
انکی اجماع سی ابیات مین آئی نقصان

پہر ہی میزان معانی کہ تُلے ہر مضمون
بیت مطلب مین برابر نہوئی اسکی ہان

جب ملی انسے فراغت تو پڑی جھگڑا اور
پاک ہون جملۂ باہم سے زوائد پنہان

دیکہہ ہی مفرد اصلی سے مرکب کیا کیا
تثنیہ جمع ہو ہر واحد ذاتی ہین کہان

فائدہ کیا تجہی اس ہرزہ خیالی سی نسیم
بی تعلق صفت شعلہ رہی لال زبان

عاشق آل نبی تو ہی نہین شک ہرگز
جو خلاف اسکی سمجھتا ہو وہ خود ہی نادان

حرف ملفوظ شہادت کی لیی کافی ہین
دیکہہ کس پیچ مین ہوتا ہی عقیدت کا بیان

غور الف بی ہین جو کی پنجتن پاک ملے
ایک سی دو ہوا اور دو سی ہوئی پانچ عیان

بدل کمر کج و شہوار اگر رکھتا ہے
قدردان سی ہی پہیلا ہی کج ہی ہین دامان

قصد صادق ہین نکر دیر کہ فرصت معلوم
حوصلہ دل سے نکلجاے بشکل ارمان

مطلع

ربط رکھتی ہے جو تخئیل مجسم سی زبان
نظر آتے ہین دم فکر ہزارون سامان

نو عروسی کی مری جیسی بندش ہین دیکہ
لفظ بہی سہرے مضامین کیطرح ہین نازان

فکر دوشیزہ ہی مضمون سے نے سمیٹا دامن
صورت خانۂ قدرت ہے مری پاک زبان

لوث رکھتا نہین دامان نزاکت کی مانند
بی تعلق صفت روح بریدہ ہی بیان

اے قلم ناصیہ سا میری طرح ہو تو سہے
جای تسلیم ہے گردن کو جھکا جلد یہان

اے سخن وقت ادب ہے نہ نکلنا گستاخ
اے دہن جشمۂ خورشید ہین ہو اپنی بان

رحم اے چرخ ستم پیشہ ندی یون تکلیف
تا کجا صورت آئینہ رہون مین حیران

زلف جانان کی طرح روز پریشانی ہے
سر چڑہا کر مجھی پامال نکر او نادان

کمر یار نہین ہون جو کیا ہے معدوم
ناہ ہین ہون کہ نظر سے ہی مجھی کہتا ہی نہان

دوست بیجا کوئی لحظہ کہ لکھون چند اشعار
دیری ہی بینش نظر ہی مری مدح سلطان

آفتاب شرف افزای جلال و تمکین
جان عالم شہ گردون حشم و عرش مکان

ہر دہن بہر دعا یون ہی کشادہ شب و روز
جسطرح دیدۂ عاشق بامید جانان

شوق پابوس مین ہر دل ہی ہوا یتک بیتاب
آگئی جسم بشر مین صفت برق طپان

شہرت لطف نی رفعت وہ ہوس کو بخشی
قدسیونکو ہی یہ حسرت نہ ہوی ہم انسان

ابر رحمت کیطرح ریزش پیہم ہر وقت
نیک و بد پر ہی شب و روز برابر احسان

حوصلہ چیز ہی کیا وہم سی بخشش افزون
قفل ہو جاتی ہین اظہار طلب مین دندان

وہ سخی ابن سخی ہے کہ صلہ جب بخشا
شعرا کی دُر غلطان سی بہری درج دہان

ریزش سیم نی اختر کی چمک پیدا کے
ہمسر چرخ نظر مین ہی ہین کا دامان

کوئی شاکی نہین اس دور مین لیکن عسرت
کہ ہوی جو دسی اوسکے کمر معشوقان

رنگ غم چہرۂ عاشق سی نہین ہم صحبت
رنج افلاس ہی تنگی سی حسینونکا دہان

کون ہنگام سخا اوسکی تہیدست رہا
مٹھی باندہی ہوی ہی گود مین طفل نادان

خنجر جود نہ اس ہاتہ کی اوس ہاتہ کو ہو
جسطرح اپنی نظر آنکہ سے اپنی پنہان

لب و رخسار حسینون کی ہوی پر رونق
بوسہ زر مین ہین مصرف یہانتک انسان

بارش سیم نی کی وقت سخا ہوے سفید
چاند کا ہوتا ہی خورشید کی چہرہ پہ گمان

آگیا تہا وہ جو اک نقطہ تہ جود اوسکے
سر پہ اپنی اوسی زر سے لیکے ہوا ہی نازان

کون ایسا ہی جسی حق نمک سی ہی فراغ
جسم کیا حلقہ بگوشی مین ہین لاکہون دل و جان

جا بجا جوش کرم سی یہ روانہ زری ہے
ریش زاہد دم شانہ ہوی مقیش افشان

اثر فیض یہ ہی طفل کی منہ مین جا کر
صورت سیم جما قطرۂ شیر پستان

اسقدر بخشش پیہم سے ہوا ہی شہرہ
منہ چھپانی لگا افسانۂ حسن خوبان

ابتو دیوانی بہی کہاتی ہین گہر کی چوٹین
رکہتی ہی دُر عوض سنگ کنار طفلان

عشق کی جا دل عشاق مین ہی استغنا
کام آتا نہین افسون نگاہِ خوبان

جسطرف جائین ملاقات کو زر ہو حاصل
صورتِ طعنۂ معشوق ہی دولت ارزان

سیر چشمی کا یہ عالم ہی باین بخشش و جود
ہر گھڑی آنکھ ہی آئینۂ زانو نگران

وہ جری ہی کہ بہادر کی سے لیے نام اسکا
باعث قوت دل موجب آسایش جان

غیظ آمیز جو کوئی نگہ گرم پڑے
آب ہو جائین بدن پر زرہ و خود گران

تیز دستی سے ہزارون صف اعدا لوٹین
آنی پائی نہ دہن تک کبھی فریاد امان

وہ فراق ابدی ہو جو تہ تیغ آئے
حشر مین بھی نہ ملی روح کو جسم انسان

جسم سے پائی فراغت تو رہی وہمین قید
روح کو حلقۂ جوہر ہو کنار زندان

چین آجائی جبین پر تو رہی تا دم مرگ
بید مجنون کیطرح قامت دشمن لرزان

بارش تیر عدو کی لیے زینت بخشے
چشم پر زخم کی ہو جائی مژہ ہر پیکان

صورت برق تابت ہو کبھی سرعت تیغ
کیا تھی آئی تھی کدہر گئی یہ کہان ہی پنہان

شوکتین چہرۂ روشن مین وہ دین خالق نے
حسن سے جسکے عجب ہی خورشید منور لرزان

جلوۂ یوسف مصری ہی جبین کو حاصل
لکھنو پر ہمین ہوتا ہی گمان کنعان

ای نسیم جگر افگار نہو سمع خراش
لکھ کچھ اشعار دعا روک لی خامی کی زبان

ای خدا تا کہ رہین شمس و قمر مین انوار
ای خدا تا کہ رہی ہستی جن و انسان

عمر و اقبال ترقی مین رہین ہر لحظہ
بطفیل نبی و حضرتِ شاہِ مردان

سایۂ پنجتن پاک سی راحت ہو نصیب
نرہی دل مین کسی طرح کا باقی ارمان

اقربا خویش جگر بند احبا باہم
صورت غنچہ و گل سب رہین شادان خندان

ایضاً

بہر ترتیب سخن دو حرف بہی ممکن کہان
لفظ کی ترکیب کو محتاج ہی حسن بیان

جسکے سی بال کو سنہ نقطہ لکھتا ہی قلم
شرم عریانی سی لفظون مین معانی ہین نہان

جسم کاغذ دامن الفاظ سی چھپتا نہین
ضعف کاتب سی قلم کی نوک مین جنبش کہان

تن سی رخصت آنکہ سی ہین دین کنارہ کش ہین نیز
قصر خالی دیکہکر ہین جسم فاقونکی مکان

مفلسی سی فرقت محبوب کی رونق ہوی
وقت رخصت اشک سی خالی ہی چشم عاشقان

وقت شب اوراق گلشن ہاتہ پہیلائی رہی
اشتہا سے ہوگئی شبنم غذای آسمان

جبر گردون کی کشید دولت اصلی ہوگی
شعلہ خورشید تابان مین نہین باقی ہوان

قالب مضمون مین آگئی ہوتے ہین خمیر
بہوک کی ناطاقتی ہی ہل نہین سکتی زبان

مجلسو مین کوئی دامن تر نظر آتا نہین
ابر ممسک ہی سحاب دیدہ ہر نوحہ خوان

بی خزان ہی خشک ہی ہر برگ شاخ نخل و گل
شرح کی قابل نہین احسان بخل آسمان

تابش حسن بتان مین گرمیان باقی نہین
سرد ہی سوز محبت دل نہین دیتا دہوان

فکر شاعر سی جو بدلی صورت دور رمل
ضرب آخر مین ہوا ہر فاعلاتن فاعلان

بس نسیم خسرو ملک سخن خامی کو روک
اور صورت پر دکہا اب حسن مضمون جوان

ربط ہفت اقسام بندش اور نہ تخئیل صاف
تابشین دیتا ہی مثل مہر وقت امتحان

وزن میزان معانی مین ہین مصرع ہم جمال
وقف ہی حسن سخن مانند جود قدردان

صدر مطلع رکن حشو ابتدا ضرب و عروض
قید مین میزان لفظی مین اگر ڈہونڈو نشان

قالب ترکیب لفظی مین نہین دخل فضول
ذہن مین آتا نہین بہولی سی حرف رایگان

کیا کوئی سمجہی گا یہ رمز سخن کچہ اور ہی
ہان ہی سمجہی تو سمجہی مین ہون جسکا مدح خوان

حاسد و نافہم و جاہل سی نہین امید داد
ذرہ ناچیز کیا جانی کمال آسمان

لاؤ شہوار مضمون بدل کر جلد اپنی خیال
تا کہین لبریز ہو آغوش گوش سامعان

لکہ وہ مطلع روشنی بخشی جو مثل آفتاب
جلوہ گر ہو کثرت انوار مضمون سے جہان

مطلع

کسقدر مغرور کرتا ہی مرا فیض زبان
خامہ بل کہانے لگا مثل مزاج نوجوان

گھوتی ہی زلف مضمون شکل افعی باربار — پوچھتے ہی کون دیکھی گا مرا حسن نہان
فکر کہتی ہے خیال پاک اہن کی قسم — مس کرے ہی مجھکو تصور یہ مجال اوسکی کہان
شوق کہتا ہی معاذ اللہ مین وہ چیز ہون — پای ہر مغرور مین پہناؤن سرون بیڑیان
خاطر نازک یہ کہتے ہی توقف چاہیے — وقت نظم مدح ہو جائیگا سب کا امتحان
مرحبا ای جوش صادق ہو کوئی دم آشنا — حبذا ای شوق تو بہر خدا ہو مہربان
مژدہ ای دل فیض استاد ازل ہی جوش پر — ہمت ای طبع معلی ہی زمان امتحان
باش ای خامہ کہ حسن مدعا ہی جلوہ گر — صفحۂ قرطاس ہی آئینہ روی بتان
شوخیان وہ کہلا رہی ہی فکر رنگین کی بہار — کثرت گلہای مضمون سے ہی سینہ بوستان
نوجوانان چمن استادہ ہین چالاک و چست — نغمہ زا ہین نالہای عندلیب خوش بیان
ابر ہی اٹہکہیلیون پر برق ہی بیتاب چال — چہچہے ہین طائران خوش نوا کی ہر زبان
ہے کہین لطف تبسم مین کہین جا قہقہے — کوئی مینا در بغل کوئی سبو بر پاسبان
ہے زبان زاہد صد سالہ صرف الحذر — دیکہکر رندونکی باہم کیف مین مستیان
بسکہ ہی پیش نظر ہر دم یہ لطف دلفریب — کیا عجب بیساختہ منہ سی اگر نکلے فغان
خاطر نازک تو شوق سے بیتاب ہے — کہتی ہی کچہ تو بہی کہ یہ لطف صحبت ہی کہان
حسرت وصل سے آج تو خالی کوی دم ہو کنار — کہولدی بند نقاب شاہد معنی و بیان
نطق کو رخصت عطا ہو مدح ظل اللہ کی — لے تمنا لفظ بنکر بوسہ کام و زبان
بہیگ کر ٹپکے لب اظہار مطلب کے آہنگ — یون وہ کہائی جوش مضمون بارش ابر بیان
اعتبار آفرینش زینت تاج و نگین — یادگار خسروان واجد علی شاہ جہان
دل بڑہی سینہ سے استقبال کو ولیے امید — جس طرف رخسار تابان کی نظر آئینہ نشان
گر طواف آستان مین ہو توقف ایکدم — نکہت گل پر پڑین موج صبا کی قمچیان
بیضۂ فولاد سے نکلے صدای عندلیب — گلشن عارض کو ہو اعجاز کا گر امتحان

رعب شوکت سی گلستان مین غنچے بانہین بندہین
غنچہ سربستہ کہ سکتا نہین راز نہان

قدرت حق نے یہ جسم ظاہری پیدا کیا
چشم عاشق بن گئین ہر عقل کی حیرانیان

گر حدیث جرأت سلطان عالم مین لکہون
محو کردون بہمن و دارا کی ساری داستان

جسم اعدا گہ خلش دیکہی سنان تیر کی
ہر جراحت آفرین کیواسطی کہولی دہان

راحت خواب اجل صمصام بخشے خصم کو
ہو ہر اک آغوش جو ہر منزل آرام جان

ہے وہ عالی مرتبت جسکا عروج عز و جاہ
پوچہتا ہی چرخ ہفتم پر مزاج قدسیان

اس تمنا پر کہ شاید آج ہو حاصل قبول
روز اک صورت بدلتا ہی خیال آسمان

صدقی اس ہمت کی حال ہیکسان پر اندن
ہر دم افزایش مین ہے مانند شوق نوجوان

اسقدر بخشے جواہر وہ کہ جسکے شرم سے
پہیکدی دامن سے الماس کو اک آسمان

قطرہ شبنم گہر کی آبرو پیدا کرے
صبحدم دیکہے اگر لطف بہار بوستان

روسیاہی کلفتون کی یک قلم جاتی رہی
دہو دیا ابر کرم نے دفتر رنج جہان

حکم سے ہر سینہ صد چاک ہوتا ہے رفو
زخم بہر دیتی ہین شانو کے بہی گیسو بتان

قصہ شرح خلق والا ہی جو منظور مزاج
بوسہ گاہ خامہ ہین میری سخن کی شوخیان

لطف پابوس اسقدر حاصل ہوا ہی عمر کو
جسم سی روح ہین ہی کہ سکتی نہین نقل مکان

جہکتے جہکتے آرزو مین سر بداہن ہو گئین
بار احسان محبت سے سبکدوشی کہان

قدرت حق نی نہین پیدا کیا اسکا شریک
جسطرح سی آہ عاشق ہی خدنگ بے کمان

مین بہی ہون امیدوار ای شاہ والا مرتبت
جوش ہمت گر اجازت دی تو کچہ ہو مہربان

خواہش پابوس ہی ایسے کہ مثل رو دگا
گو کہ ہون یکجا مگر گردش مین ہین شوق و گمان

کیون نہ صدقے ہون ہجوم آرزو کی ہر گہڑی
سامنی آنکہو نکی ہی تصویر سلطان جہان

دیدہ ہی چشم تصور سے جمال پاک کی
بک رہا ہون بیخودی مین صورت دیوانگان

تنگ آیا ہون نہایت خاطر مشتاق سے
ہر گہڑی کہتی ہی چل ہر وقت سمجہاتی ہی ہان

مین گدای بینوا ہون شاہ خاقان سخن
چشم ظاہر سے جو دیکھون ایسی قسمت ہے کہان

دل مین رکھتا ہون جو تسلیم جدا کی آرزو
حرف بیجا تا ہی تنہا ہو کی ہر لفظ زبان

چاہتا ہون سرفرازی جلد ہو حاصل مجھی
تنگ ہی سامان فرصت اے شہنشاہ جہان

ای نسیم دہلوی بس لکھ کچھ اشعار دعا
تا دکھائی شکل انجام سخن حسن بیان

یا الٰہی فرش ہی جبتک زمین بالای آب
یا الٰہی ہیتہون جبتک ہی سقف آسمان

دوست شادان عدو برہم رہین مانند زلف
نقش بند کاف و نون حامی ہی ہر زمان

قصیدہ در مدح نواب شرف الدولہ مظفر الملک محمد ابراہیم خان بہادر مستقیم جنگ دام اقبالہ

کیون نہ گنجایش مضمون نہین نظر آتی خلل
مختصر جیب ابد تنگ ہی دامان ازل

فکر دوشیزہ سہی ہون شاعر پاکیزہ مزاج
وہ زمین چاہیے مجکو جو نہو مستعمل

جز خدا اسکو مرا طول سخن ہی معلوم
قصۂ آخر کو نہین یہان سے اول

گرمی عارض مضمون سے عرق ریز ہی طبع
آتش شوق کی شعلون سے ہی سینہ منقل

قصد سے ہوتی ہین پردہ جو کچھ کہا یا
ضبط اور نطق مین ہوتے ہین ہم رد و بدل

آرزو کہتی ہی کیا آپ ہی زاہد خشک
کہ پڑی صحبت خاطر مین ہزارون ہی خلل

طعنے دیتی ہی تمنا کہ مبارک باشد
اٹھو واعظ سہی یا دہ ہین جہان مین کچھ بل

حوصلی کہتے ہین اس بی ادبی سی گذرو
کہدو ناصح سہی کہ جا بزم محبت سے نکل

لاجرم مرضی احباب مناسب سمجھا
طبع کو میل ہوا جانب تمہید غزل

اتنے مین آ کی مضامین قصائد نے کہا
صورت وعدۂ دیروز گئے آج بدل

ناکہان خاطر افسردہ مین اک جوش آیا
کھل وہی نشتر مضمون نے سخن کے اکحل

لے اڑی باد صبا نکہت گیسوی خیال
آ گئے سجدۂ تسلیم مین غنچون کے محل

جلوۂ تیز افکار فلک پر پونہچا
رات بھر شبنم کو اکب سی ہی رد و بدل

کسقدر نالۂ موزون کے ہوی استقبال
ہر طرف خیل ملک آکی ہوی ست و بغل

مدتون ور تصدق سے نپائی فرصت
ساکنان فلکی بہول گئے حسن عمل

طول آغاز سے انجام تہا آشفتہ مزاج
مختصر کی گئی تمہید کلام اوّل

ٹہیراو خامہ کہ اب ہی قم تکلیف سخن
فکر صافی سے ہوا آئینۂ دل صیقل

شور ہی چار طرف فصل بہار آپہنچی
جوش مستی مین ٹپکتی ہین اُمنڈ کر بادل

ناز کرتے ہوئے آتی ہین ہوائین ٹہنڈی ہے
کہل رہے ہین دل مشتاق کی سینون مین کنول

عکس سبزیکا جو ہی چرخ کی آئینے مین
سبز ہین اطلس نیلی پہ خطوط جدول

گدگداتے ہین نگاہین اثر نرمی سی
آج کل سبزۂ نوخیز ہے خواب مخمل

کرچکا فیض ہوا نطق زبان مین تاثیر
کہتے ہین سبز قدم نحس کو متکلم مثل

آجکل عالم ہستی سے جو ہوتا ہے سفر
خضر بنکر طلب روح کو آتی ہے اجل

اصل پر اپنی کسیکو بہی نہین استقلال
ق
آگیا عالم اسباب کے ہر شی مین خلل

بنگ ہو جاتی ہی ساغر مین انڈلتی ہی شراب
سبز ہو جاتی ہی مینا کی طرح سی بوتل

کثرت بے ادبی دیکہ کے بہکا زاہد
آگیا جوش پہ سودای دماغ مختل

تنگ ظرفون کے ہوی جمع صلاۓ دل یہ فراخ
خود پرستی پہ ہی آمادہ مزاج اسفل

گرمی حسن تمنا سے یہ بہڑکی ہی آگ
دود دل دیدۂ اختر مین ہوا ہی کاجل

واہ کیا وقت طرب خیز ہے اللہ اللہ
کہ نہ پیرا کہین ہوتے نہین فریاد اجل

ہین حکایات جگر سوز کے باہم چرچی
شغل و اسوخت کسی جا کہین افسانۂ نل

کہدی اتنا کوی بلبل سی کہ ہان بسم اللہ
ہم قصیدے کے پڑہین شعر وہ ابیات غزل

مطلع

حفظ آداب مین آئی نہ کسیطرح خلل
دیکہ او طبع رسا خوب سنبہل خوب سنبہل

شرف الدولہ نواب فلک قدر ایسا
کہ نہین حیّز امکان مین کوئی آج مثل

تھے جو حیوان وہ انسان ہوئے خدمت سے
فیض تعلیم سے قالب مین گئی روح بدل

وہ شکر ریزی لب ہی دہن شیرین مین
ہوگیا قصد سے پہلے سخن تلخ عسل

خُلق وہ خلق کہ انجام تصور سے زیاد
کہیے اوسکو سبق حضرت استاد ازل

ادب آموز فلاطون ہین مضامین خیال
ہر کنائی ہین ارسطو کو ہے تعلیم عمل

ہر سخن منہ سے نکلتا ہے کرامت ہوکر
کیون نہو قوت ادراک نتیجہ مین خلل

گر نہ آمیزش تجویز سے پائین ترتیب
حشر تک دفتر اقلیم رہین سب مہمل

راست ہر کج ہو جو آداب حضوری پائے
چین جبینو سے نکل جای سر زلف سے بل

خواب راحت کی مزی دہن شمشیر مین ہین
مدعی کے لیے آغوش اجل ہی مقتل

ضربت تیغ جو ناگاہ صدا دی بیٹھے
قبر دشمن سے کہی آ مرے آرام بغل

طول زخم تن اعدا یہ ندامت بخشے
دیدۂ سوزن جراح مین پیدا ہو سبل

روح دشمن سے کہ ہو ہستی و عدم سے مردود
دو کشاکش مین ہے ہی صورت اوتادرل

مختصر ہے دم ہمت جو ارادہ ہو جاے
طول محشر سے زیادہ ہو اگر طول امل

کور ہو دیدۂ ممسک جو کرم کو دیکھے
ریزش ہفت خزائن ہی نظر مین خردل

شاہد ہمت پیشین ہین ابھی تک موجود
سینۂ چرخ پہ ہیں شمس و قمر کے ہیکل

بخشش چند نفس مین یہ ہون انبار بلند
جز زر و سیم نظر آئی نہ اطراف جبل

تگ فیض رسان کچھ جو اشارہ کر دے
سبز ہو جائین تسلی سے ہزارون جنگل

تیز یان لاکہ کرے توسن مضمون لیکن
طی نہو وسعت میدان کرم کا اول

رخصت ای جوش کہ ہی اوطرفا خیال
بچہ گیا فکر معلے کا فلک پر دنگل

جی مین آیا کہ نئی طرح کا مطلع پڑہیے
جسمین ترکیب مضامین ہو بطرز مجمل

مطلع

کیا معلے روہی جہانتاب کے شاعر کو مثل
ایک خورشید ہے سو وہ پیش نظر ہے مشتعل

تہ و بالا یہ کرے دبدبۂ شہرت حسن
نظر آجائیں اگر مصحف رخ کے جلوے
طرۂ فرق سے مشک ختنی شرمندہ
وہ اثر حق نے دیا صفحۂ پیشانی مین
دی کمانسے کبھی نسبت کبھی جائیں ہلال
نظر آئے صف مژگان تو صفیں ہون برہم
آنکھ اسباب تحیر ہے اوسی کیا کہیے
شمع بینی مین ہی ایسا اثر یکتا ئے
دیکھ لے عارض تابان سے اگر کچھ جلوے
فاقہ کش ہے ہین گو رہبت مدت سے
ہے دہن دولت شیرین سخنی سے لبریز
نام کیا صاف لکھوں تک ادب کا ہی لحاظ
ہے ا امرکا اور ب ہی بنائی دولت
لطف ایجاب دعا سے ا ثانی مین
ہی مین یاری ہی تو ہی ہم مین یکمنت کا ہیچ
لکھنی تہی فیل سواری کی جو ہمکو تعریف
کن سے لے تا دم برخیز ہوا مجمع شب
وہ بلندی ہی جو اونچی کبھی گردن ہو جاہی
دیکھیے ہیئت کو جو اوسکے تو کہئے اسد حیہ
وہیان دانتو نکا جو آیا تو یہ سوجھی تشبیہ
لکھیے کسطرح سے چالاکی توسن کا حال

چرخ اول کبھی ہفتم کبھی ہفتم اول
نزہے مخمصۂ دہر مین اضداد ملل
جلوۂ نور جبین قدرت صناع ازل
دردسر کے لیے ہے جسکا تصور صندل
راست کوئی ہی نبائی خم ابرو کی مثل
قصۂ نیشتر چند سے لیکن مجمل
قدرت حق کا تماشا ہے نہ جادو نہ عمل
کہ دوئی لا نسکے جسمین نگاہ احول
آئنہ سمجھا اوسے آینہ زیر بغل
لب جان بخش کی کسطرح نہ شائق ہو اجل
ایک کوزہ مین ہی گنجایش دریای عسل
کچھ اشارونمین بتا دیتا ہو نمین طرز بدل
رب پے رسم محبت ہی بہت خوب عمل
ہم برائے ہنر آموز ہی اسباب دول
ہاتھ آئے جفری کے لیئے ترکیب جمل
تا سحر دائرۂ شب مین رہا دور زحل
تب کہین قالب ہموار نے پائی ہیکل
سر کا بوسہ فلک پاؤں کا بوسہ جبل
بیضۂ چرخ ہے آبلۂ پا سے نمل
صبح نے منہ پہ لیا دامن شب کا آنچل
نیشتر عزم تصور سے گیا صاف نکل

آرزو مند صبا ہے کہ قدم تو دیکھے
نظر آتا نہین وہ مثل اشارات ازل

اوسکو کیا دیکھ سکے کوئی جہان طائر شوق
ایک پرواز مین ہو ہمسفر قوت شل

تنگ وہ جانتا ہی وسعت میدان خیال
اوّل و آخر کونین ہی اک بعد اقل

بس زیادہ نہ بڑہا او شاعر مغرور نسیم
تو ہی خود رفتہ نہ آئی کہین ایمان مین خلل

پڑہ کچھ اشعار دعا ہی ختم انجام کلام
تن رستی کا ہی مشتاق خیال مختل

اے خدا تا کہ رہین شمس و قمر کی جلوی
اے خدا تا کہ رہین آتے دن سست بغل

عزت و دولت و اقبال رہین ہمراہ
شوکت و شان و تجمل مین نہ پیدا ہو خلل

دوستونکی لیے جنگل مین ہو منگل ہر روز
دشمنونکے لیے منگل مین ہو سونا جنگل

ایضا

شوخیان کرتی ہی کیا کیا وہم بد انظر
شرم کہتی ہی بچی گی مری عصمت کیونکر

آرزو دینی لگی پاس ادب کو طعنے
آپکو حضرت تقوی کا مبارک رہی گہر

جوش انفاس سی کرتا ہی خلش کے زرین
شوق آمادۂ فریاد ہی کہولی ہوی سر

ٹکٹکی ہے دل مشتاق کی یون سوے بہار
جسطرح شائق آغوش عروسی شوہر

غفلت شوق سے کیا رنج فراموشی ہی
سیم و زر لینی لگے بوسہ دست زرگر

کشش حسن نے ہر چیز کو کہینچا ایسا
کہ نہین خاطر زاہد مین خدا کا کچھ ڈر

ہوس و بدین ہر جسم سے خالی ہی لباس
سنے گلاب نظر آتا ہی گریبان سحر

غنچین گہو رہی ہین طرف بی ادبی
حوصلونکی نگہ غیظ سی لرزان ہی جگہ

مستیان کیف سخن سی ہین تیز باتین پیدا
بات کرتی ہین سمجھتی نہین مطلب اکثر

بڑہ گئی ہمت گستاخی خاطر ایسے
رند واعظ سی یہ کہتے ہین اوٹھا لا ساغر

بارش گریۂ مستانہ صدا دیتی ہے
ایک نیرش مین و عالم کی بہگو دون دفتر

کروٹین جملہ خاطر مین بدلتی ہین خیال
بیقراری کے اشارے ہین اوٹھاؤ بستر

منہ لعاب ہین ابر سی دہوتی ہی زمین — تا بہ سلجای کسی جا نہ جمی پای نظر
اشک دامن مین ٹپکتی ہین تو ہوتا ہی یقین — بہ گئے پہوٹ کے چند آبلہ دیدۂ تر
ہے وہ موسم کہ ہوا گوشہ نشین ہر واعظ — دخت رز پردۂ خم سے نکل آئی باہر
پارسای سفری ہی طرف عالم قدس — توبہ رندان قدح نوش سی کرتی ہی حذر
چہیڑتے ہین رگ دل نشتر مضمون بلند — رکہتی ہی فکر رسا سوے تمنا قصد سفر
چاہتا ہون کہ لکہون مطلع روشن کوئی — فکر سے گوش مضامین مین پہنا دون گہر

مطلع

حسن وہ دیکہ سکے ہی یہ کہان تاب نظر — نور پرور دہ عارض ہین تری شمس و قمر
ای جناب شرف الدولہ وزیری جا — جان و دل میری فدا کیون نہ ہین شام و سحر
وہ کرم جسکے تصور مین نہین گنجایش — دامن و جیب ہین ہر فرد کے لبریز گہر
صدقے اس چشم حیا خیز کے اللہ اللہ — گہٹریان شرم کی غنچون نی کسین چہپ چہپ کر
واہ رے لطف کہ دشمن کے لیے مہمانی — دب گئی ہمت بد خواہ تہ بارش زر
رفعت قصر کے جلوی کو نہ پوچھے ہرگز — بہر پرواز تصور کے جو پیدا ہون پر
ایک ساعت جو مقابل ہو تو پہر حشر تک — محو تمثال رہے آینہ اسکندر
گر مے حلم سے ٹہنڈی ہون جلانی والے — اوڑہ لین دامن خاکی کے ردائین اخگر
حد اوصاف بیان ہو نسکین گو ہر دم — فکر شاعر کی بدلتی رہے لاکہون پیکر
خلق وہ خلق کہ تسخیر مین عالم کے دل — کوئی جان حلقہ بگوشی سی نہین ہی باہر
فہم وہ مرضی صانع کی سمجہ لی باتین — مطلب اوس سی ہی جو منظور خدائی اکبر
مس کرین اوس رخ روشن کی اگر نظارے — رشک سی قلب ہو سیماب کی صورت مضطر
ہو میسر اگر اوس چہرۂ روشن کی ضیا — روح آجاے لبون پر پے تعظیم نظر
آرزو مند تصدق کو یہ ہو بیتا سنے — دل بغل سی نکل آئی کہی سینے سے جگر

دیکھ آتا ہی جو اوس لوح جبین کے انوار
دل یہ کہتا ہے تصور سے ٹھہر جا دم بھر

ہی دہ مقبول اگر اوسکی ثنا کچھ لکھین ہم
ابر رحمت سے دُہلین جرم و گنہ کی دفتر

نام آجای زبان پر تو یہ بخشے تاثیر
دیکھ لین صورت اصلے کو مزاج ابتر

یہ شرف عرض تمنا کو وہان ہو حاصل
مدعا سر کو جھکا دے پے تسلیم اکثر

ہمت ایسی کہ اجازت ہی یہ ہر سایل کو
مانگ اتنا کہ جو ہو وہم و گمان سے باہر

جرات ایسی کہ نہین خلق ہوی جسکی پناہ
بیشتر قصد سے دشمن کی نہ ہو تن پر سر

دیکھ کر چشم غضب ناف عدو مین چھپ جاے
کثرت خوف سی ہو تیغ سمٹ کر خنجر

الغرض وصف سراپا مین تصور سے یاد
اب نہین عالم ایجاد مین اوسکا ہمسر

لکھیے اشعار دعا وقت دعا ہی یہ نسیم
مختصر کیجیے اظہار سخن کا دفتر

اے خدا تا کہ رہی مدح سرائی کا رواج
اے خدا تا کہ رہی قدر فن و علم و ہنر

ہر زبان محو ثنا خوانے ممدوح رہے
نام سے اسکے ہو عالم مین سخن نام آور

ایضاً

برشتگی ہے نگہ مین یہ گرم ہے جوبن
فروغ عارض گل سے ہے فتیلہ روشن

بہت دنون مین قدم رنجگی بہار کی کی
کہ ہر طرف ہی گل افشان زبانہ گلخن

حجاب دیدہ سے ہوتے ہین منعقد غنچے
دکھا رہی ہے مری نوعروسی گلشن

گھرا ہوا ہی جو ابر بہار صورت شام
جبین شاخ پہ گل کی کنول ہوی روشن

نہال جھوم رہے ہین جو فور مستی مین
ہوای سرو کا ہر سمت گرم ہے توسن

پڑے ہین عکس جو رخسار گل کی ہر جانب
زمین باغ کا رنگین ہی جا بجا دامن

ہجوم شوق مین فرصت نہین ہی سجدہ سے
نصیب ہے سر بلبل کو آستان چمن

ہواے خندہ بہم جو گدگداتے ہی
ہر ایک غنچہ نوخیز کا کھلا ہے دہن

صبا نے سحر محبت سی کر لیا مشتاق
امیدوار ہی بوسونکا عارض گلشن

حدیث خود غلطے ہے قبول خاطر خلق — خراب پھرتا ہی واعظ لیے کتاب کہن
ہزار عزم ہین لیکن قدم نہین اوٹھتا — بسان چشم محبت ہی آرزو رہزن
اوٹھا مزاج سے ایسا لحاظ بی ادبی — کہ لے گئے ہین مری اشک بوسۂ دامن
لٹا رہا ہون برابر تراشۂ دل زار — بھری ہوی ہی لبالب کنار ہر دشمن
نہین ہی ایک گھڑی بہی فراغ ہم نفسے — چمن مین نالۂ بلبل ہی دل مین شور محن
اجل کشاکش امید مین پریشان ہے — کہ آجکل ہے فراموش عادت مردن
مزاج دان نہین ملتا ہین تیغ کیون خاموش — کسے دکھائیے ای ہمنفس نزاکت فن
وہ آفتاب ہون جسکو کبہی زوال نہو — اوٹھا کے ہاتہ دعائین کیا کرین دشمن
بس اب تہنیۂ خاطر ہی جانئے صاف — خیال نو کو ہوئی احتیاج مشق کہن
زبان پاک ادا کر رہی ہی شرط بیان — فرشتہ خو شرف الدولہ اعتبار زمن
وہ باخدا ہے کہ فیض ضمیر روشن سے — رہے نہ روح کو باقی حجاب جامۂ تن
جو دیکہے شوخی خاطر تو ہو حجاب ایسا — رہے عروس سخن کو سخن نقاب دہن
کہان ہی عارض شمس و قمر مین حسن ایسا — کہ وقت وصف کرون مین اوسی ثنائے سخن
نگاہ کا ہی یہ عالم کہ جب اوسے دیکہین — نصیب ہون جگر و دل کو سیکڑون روزن
وہ حلم ہی کہ فلک جسکی بوجہ سے پس جاے — وہ خلق ہے کہ فرشتے پکارا وٹھین احسن
فلک مقام و ملک طینت و ملک ہم بزم — سخی دہر و عطاء ہمت و شجاع زمن
زمان جود اگر آکے حوصلے دیکہین — زمین و چرخ کو ہو رنج تنگی دامن
وفور فیض سے بدخواہ بہی نہو محروم — زبان تیغ سے چاٹے لعاب ہر دشمن
مٹائی تیغ نگاہ غضب جو ہستی خصم — سنائین روح کی آرام کو فسانۂ تن
لہو کو چاٹ کے ڈوسنے تن عدو مین جو تیغ — دکہاے جلوۂ مرجان ہر آستخوان بدن
ہوئی ثنا سے یہ بالیدگی سخن مین میرے — کہ آفرین کے لیے تنگ ہی شگاف دہن

سنا ہی غل جو سواری کی آمد آمد کا
رکی ہوے ہین نگاہون کی طرف توسن

جمال پاک سے جذب نگاہ ہوتا ہے
عجب نہین کہ تڑپہی شوق کو یقین وظن

لکہون خطاب کی دو تین شعر اسجا پر
دکہاؤن اور طرح سے کلام جوبن

خدا کیواسطے اب اجتناب سی باز آ
کہ پہر رہی ہی کئی ونسی آرزو بہ بطن

ادب شعار ہون گستاخ ہوسکون کیونکر
ہزار طرح سے خاطر ہین ہی لحاظ سخن

رہونہین پرورش اضطراب مین کبتک
نگاہ لطف کوئی سطرف بہی حضرت من

امیدوار ملاقات ہون اجازت ہو
کہ پہر نہ پاےگا ایسا کبہی وحید زمن

نہ پایا صاحب ہمت جہا نہین کوئی
کہ مجہسے پوچہتا وہ یاد ہی تجہے کیا فن

بشکل بلبل تصویر ہو گیا خاموش
سوا فغان کے نہ نکلا کبہی زبان سے سخن

کہا یہ علم و ہنر سے کہ جاؤ رخصت ہو
اب اختیار کرو جا کے گوشۂ مدفن

ملےگا کوئی سخن فہم تو بلالین گے
نہین تو خیر جو کچہ مرضی خدای زمن

قسیم شوکت خاطر وتہا جلکے کیا کیا
سلام شوق لکہو وزبان مین قفل دہن

ایضا

کہان ہی ایک طرح پر یہ دور لیل و نہار
کبہی ہے شام مصیبت کبہی ہی صبح بہار

کشاکش نفس چند ہے پیام اجل
ہوا ہی بی ادبی سے تہیۂ بیکار

خیال جام عبث اشتیاق می بیجا
دکہا رہے ہین دم سرد گرمی بازار

یسان دیدۂ ممسک ہے تنگ فرصت عمر
لحد کشادہ دہن ہے بشوق بوس و کنار

طلسم عالم اسباب چند ساعت ہے
جو ہوسکے سو ابہی ہو اوٹہا نرکہ زنہار

چہلک رہی ہین خم می بہک رہے ہین مزاج
ٹپک رہی ہی صراحی بنوش لی ہے پکار

نواے مطرب خوش لہجہ ہی موثر دل
ہجوم بیخبری سے ہے مختصر آزار

ہوا سی سرد سے بزم چمن ہوئی ہے گرم
شگفتہ گل ہین یسان ہین وہ گرم گفتار

دہک رہی ہین جو رخسار سرخ غنچوں کے
برنگ مشعل روشن ہے عالم گلزار

شراب حسن سے لالے کا جام ہی لبریز
سرور دید سے کیفی ہے نرگس بیمار

زمین ہے سبزۂ خودرو سی فرش بوقلمون
بدل رہا ہی نئے رنگ چرخ مینا کار

بلند یونہہ دماغ برہنہ پائی سے
طواف آبلہ کرتا ہے تشنۂ سر خار

امید بادہ ہین توبہ شکن ہین یعنی مصروف
کہ جسطرح پس پرہیز رغبت بیمار

حذر حذر کی صدا دیتی ہی ہین حباب جوش
گھڑی گھڑی ہے زیادہ ترقی پیدار

امنڈ امنڈ کے ٹپکتا ہی ابر مستی مین
تڑپ تڑپ کی چمکتی ہین بجلیان ہر بار

ہوئے برہنہ تنون کو لباس کی حاجت
چھپے حیا سے زمین زیر دامن کہسار

نسیم لطف بہت خوب ہی جو جی چاہے
تو ایسے وقت مین لکھہ مدح خیر حمید اشعار

کمال وہین اک قدردان ہوا ہی نصیب
سجا ہی گوہر مضمون اگر لٹاو سپہ نثار

ملک خصال فلک آستانہ عرش مکان
قمر خدم شرف الدولہ فخر عز و وقار

اگر ذرا اوسکے عنایت کی ہو کچھہ آمیزش
نصیب اہل دول ہو نہ طالع بیدار

وفور جود سے زائیدگی زمین کو ہی
نکالتی ہے جواہر شکم سے حاملہ وار

صدائے فیض و کرم سے عجب نہین ہی جو ہو
ہجوم داغ دل خصم مجمع دینار

زمانہ خوان کرم ہی سے ہے ریزہ چین لیکن
فقط یہ رنج کہ ہے ایک عمر سی بیکار

سرور عیش ہین یون پاسبان در اوسکے
کہ جیسے عاشق شیدا کے دیدۂ بیدار

کبھی نہ دیکھہ سکے انتہای بخشش کو
رہے جو تا دم محشر تسلسل انتظار

تباہ طول سخا ہین وہ اختصار کبھی
ہزار بار اگر صبح ہو شب بیمار

اوٹھے یہ ورد حسد جوش دل سی جو اوسکے
کہ استخوان عدو ہون جواب موسیقار

گرے ستارہ جو پاپوش سی زبان خرام
تو ہو وہ نیر اقبال منعم زردار

بشر تو کیا حشرات زمین پہ ہی فیض
کہ نقرئی ہین نقاط سفید کفچہ مار

وہ دل کہ جس مین محبت ہی وس سہی قلق کی
بجا ہے کہیے اگر اوسکو مخزن اسرار

نگاہ طرح سے شکین فرق کو سمجھے
خطوط کاتب قدرت ہین دو سطر نثار

خمیر مردمک چشم سے بنی ہین وہ یال
تصور اونکی ہمی ہوتی ہے صیقل ابصار

جبین وہ لوح منور کہ آفتاب خجل
خیال صفت سی جسکے چمک گئی اشعار

بہوین ہین تیغ ہلالی مگر کشیدہ مزاج
ہزار مرتبہ جس پر عدو کی جان نثار

مژہ ہین یا کہ زبانین ہین کلک قدرت کے
کہ اپنے طرز کا مطلب سمجھ لے ہشیار

عجیب قصہ دلچسپ ہی فسانۂ چشم
کہ جسکے سننے سے ہووی صاحب آزار

ہر اک اشارہ ہی اوسکا حیات کی بنیاد
بقای عمر خضر پاسے طالب دیدار

صفای چہرہ ہی پھسلا کوئے قطرۂ نور
کہ شیشہ بینی روشن یہ کرتی ہے اظہار

فروغ عارض تابان سہی ہی یہ نیر نور
کہ عکس جلوۂ ذاتے ہی سایۂ دیوار

دل و جگر کو مسافر بچا نہین سکتا
قدم قدم پہ ہین درگاہ عشق کے زوّار

لبونکا وہ بیان جو آیا تو سمجھا مین کہ برگ
مگر وہ بے اثر اعجاز نہین عیسے وار

دہن وہ درج گہرہای حق شناسی ہے
زبان ہے حجت مقبول ناطق اسرار

شفا ہو دید سے حاصل جگر فگارونکو
دکھای سبزۂ خط لطف مرہم زنگار

ٹھہر سکے ذرا چل نہ وہ ٹراو خامہ
کہ اور طرح کی لکھنی ہین کچھ ہمین اشعار

سوال کرتا ہے دل کچھ ضمیر حاضر سے
فراخ فکر معلے ہوا ہے شوخی بار

تو وہ جری ہی اگر تیغ ہاتہ مین لے لے
قدم پہ سر کو رکھے بیل چرخ بے تکرار

شکم مین نطفۂ اعداد و حصہ ہو جائے
سنے جو حاملہ کچھ ذکر خنجر خونخوار

کہ آئے روح بدن سے بری قربانی
پناہ تیغ سے کہے خصم کو پناہ فرار

پڑے جو آنکہ وہ قہر خسر و دشمن پر
ہزار طائر جان اک نگاہ مین ہون شکار

دیے خدا نے وہ قصر بلند رہنے کو
کہ مرغ روح نہ اوڑ کر پہنچ سکے زنہار

فلک کی پشت دوتا ہین تھم رہی باقی
کجونکو راست بنا دے بلندی دیوا

نسیم فکر رسا سے نکر زیادہ سوال
جو حل گیا سو بلا اب نچاہیے تکرار

جہان مین تا کہ رہی یہ بقای شمس و قمر
جہان مین تا کہ رہی رفعت و خفض لیل و نہار

رہی وہ مسند دولت پہ جلوہ گر یارنہ
حبیب خرم و شادان عدو ذلیل و خوار

ایضاً

دیکہ تو رفعت افسون تبان طرار
رشتۂ قوس کی پہنی ہی فلک نی زنار

زلف منہ دیکھتی ہے آئینۂ عارض میز
رنگ کچہ لای گا یہ دائرۂ لیل و نہار

شوق کہتا ہی اوٹہا پاس ادب گستاخ
شرم انگشت بدندان ہی کہ ای دل زنہار

کوئی شے جوشش سودا سے نہین ہی خالی
کہولتا ہی رگ سبزہ سر ہر نشتر خار

آرزو مائل مستی ہے حیا پا بر کاب
اتقا گوشہ طلب ہی کہ نہ دیکہون یہ بہار

شیخ اندرز فراموش ہی وعظ محجوب
یاد آتا نہین غیر از سبق بوس و کنار

مہرین سربستہ جو غنچہ پہ ہوئی تہین ٹوٹین
لٹ رہا ہی زر گل وقف ہی سارا گلزار

پائی جاروب کشی سی جو صبا نی فرصت
چہچہے مرغ چمن کرنی لگے نذر بہار

قطرہ می کی چمکنے لگے ہر سو تاری
گو دہرنے کو ہوی جام و صراحی تیار

بسکہ ہے ہر منگی غفلت میخواری سے
حیا در ریزش می کرتی ہی پردہ ہر بار

ہیجانی ہین جو ہر بلبل و گل سے معروف
سرنگون شرم سی ہین صحن چمن مین اشجار

بر ہی ہی مجھے دیتی ہی اجازت خاطر
طرۂ زلف مضامین کے نظر آے بہار

جی مین ہی شاہد مضمون سی ہم آغوش ہون
تا کجا حسرت تاخیر پڑی ہون چند اشعار

لے کے تہہ ہوش مین آئی قلم سینہ شگاف
جوش مین طبع معلی کی دکہا کچہ آثار

ہین وہ یکتائی ما نہ ہون کہ ہمسر میرا
صوت حکم الہی سے نہایت دشوار

ہون وہ خورشید جہانتاب نہین جسکو زوال
ایک سا جلوۂ آغاز ہے اور آخرکار

دوست اوس عارف و یکتا سخن فہم کا ہون
جسکا یک لفظ نہین صورت معنی بیکار

ماہر علم و ہنر واقف اسرار سخن
شرف الدولہ جہان حشم عز و وقار

ادب اوج مراتب سے یہین یہ ہر دم
گرد پھرتا ہی فلک صورت پای پرکار

مائل عالم گلشن ہو جو وہ عالی جاہ
نذر کو لای زر گل چمنستان مین بہار

پرتو افگن ہو اگر تیغ زمین پر اوسکے
حشر تک صاعقہ نکلی عوض جوش بخار

نگہ مہر سے دیکھے طرف ذرہ اگر
تیغ صدقی کری خورشید کو نمین یار

لب جان بخش کی جنبش سی اجل ہو مایوس
نہ اٹھے حشر تلک ملک عدم کا بازار

تنگ ہی وسعت میدان تصور ہمدم
کیا لکھون مین صفت تیزی گام رہوار

اس جہان سے صفت روح فرشتہ مین
جاکے پھر آتا ہے صحرای ازل سے سو بار

رفعت قصر معلی ہی خدا کی قدرت
انتہا جسکی سے تخییل ملک سی بیزار

دیکھے گر طالع بیدار کو چشم بد سے
گھر کری دیدۂ دشمن مین سدا خواب قرار

اوسکا ہمسر ہون تو مین ہون مگر اتنا ہی فرق
وہ سخن فہم ہے مین خسرو ملک اشعار

مختصر عالم اسباب ہی اوسکی آگے
کیجیے فیض مطول کا کہانتک اظہار

حلم وہ حلم کہ دشمن کو ہو امید عطا
خشم وہ خشم کہ ہے جسکو کبھی سی انکار

تا کجا طول سخن فرصت اندیشہ کہان
ای نسیم اب نفس چند ہین تکلیف سی باز

پڑھیے اشعار دعا جسکو فرشتے سنکر
چار سو عرش برین پر کہین آمین ہر بار

ای خدا جلوہ فزا زیر فلک ہین جبتک
روز و شب صبح و مسا شمس و قمر کی آثار

شش جہت مین ہی ممدوح کو ہر دم حاصل
عشرت و نام و نشان طرب و عز و وقار

ایضاً

بعد مدت فکر کا کرتے ہین ہم آج امتحان
ایک ساعت ای فلک بنجا خدا را مہربان

فکر صائب کے بدولت صفہان ہی لکھنؤ
ہے مری فیض سخن سی عزت ہندوستان

جمی ہین اہراتی ہین میدان ثنا کی گرد شین | آبرو رکہتا خداوند زمین و آسمان
آرزو ہی کو ہر مضمون کی لڑیان گوندہ کر | کیجیے آراستہ بازار معنی مین دکان
وہ متاع قیمتی ہون مشتری کرے پسند | پوچہی گر قیمت کہون احسان بحال نیچان
طعنے دیتی ہی مجہی پیری پریشان خاطری | ڈہونڈہنے نکلا ہون طرف جہان قدردان
مے سی توبہ کر چکا پرہیزگاری ہی مجہے | لا گلاب صاف ایساقی کہ مین ہولون زبان
ابر تر وکہلا رہا ہی بجلیون کی چشمکین | دل یہ کہتا ہی کہ لکہ اشعار وصف قدردان
ہی ہوس اک مطلع مستانہ ہو زیب قلم | جس سی اٹہی کیف مثل گوشۂ چشم بتان

مطلع

صورت مینا ہین لبریز سخن کام و دہان | ریزش پیہم سی تر ہوتا ہی ایمان بیان
کرتی ہین اٹکہیلیان مضمون خیال یاسی | گدگداتے ہین مجہی الفاظ معنی ترجمان
تا کجا پاس ادب اظہار مطلب شرط ہی | روکتا ہی کیون دل مشتاق کو کہدی کہ ہان
ای فلک شمس و قمر پر ناز کیا کرتا ہی تو | دیکہ میرا دل کہ ہی اسمین کسکا جلوہ نہان
حامی دین محمد عاشق نام خلیل | آبرو بخش وزارت ناظم ہندوستان
بسکہ ہی راحت رسان خلق فرط خوف سے | ہو گیا بے زہر کام افعی زلف بتان
شوکت افزای ضعیفان ہو گر دست کرم | مور کو تخت سلیمانی پہ ہو نقل مکان
ہر بشر کی آرزو یون شایق پابوس ہی | جس طرح اپنی ہوس کا بخت حاسد پاسبان
آرزو کی طرح یون ہر دلمین کہتی ہی ہجوم | جیسے لبریز دعا ہو خانۂ بیچارگان
ہمت اقبال کی دیکہی جو ہر جانب عروج | آئے استقبال کو فریاد بخت دشمنان
مانع پیری ہے حیرت جلوۂ رخسار کی | دخل کیا ہی بڑہ سکے جو توسن عمر روان
چرخ چارم تک جمال پاک کا ہی تذکرہ | سورۂ والشمس سے ہر صبح ورد قدسیان
دیکہکر بزم طرب ایسا دل حاسد جلی | روشنی دی شمع کے مانند مغز استخوان

نظم عالی سے وہ اطمینان سبکو ہوگیا ۔ شانہ برہم کر نہین سکتا ہی گیسوے بتان
قصد خاطر سوی اعدا آئے گر دل سے ہو ۔ خون دشمن کی حنا بندسی خجل دستان
فہم افلاطون سپند شعلہ ادراک ہی ۔ کیا کہون کیا حال ہے عقل ارسطو کا یہان
ناز معشوقی نیاز عاشقی سب محو ہین ۔ خلق والا کی زبان خلق پر ہے داستان
کونسا دل ہی نہین جو اوسکا پابند خیال ۔ کون ہی جو خوان بخشش پر نہین ہی میہمان
یہ نہین ممکن لب سایل کو جنبش ہو سکے ۔ قصد سے پہلے صدا آتی ہی لو آو یہان
لطف وہ پیدا کیا احسن سخاوت نے ۔ ہو گیا خالی نمی سی گوشہ چشم بتان
حرص سایل دامن گردون اگر پیدا کرے ۔ سیر ہو جائی زبانسے جب وہ فرمادی کہان
آرزوی مردہ جی اوٹہتی ہی فیض عام سی ۔ کم نہین اعجاز عیسی سے سخاوت کا بیان
ٹہوکرین کہاتے ہین گوہر سا ملونکی راہ مین ۔ نصیب ہوتی ہین جواہر جا بجا سنگ آستان
خامۂ قدرت نے لکہا لوح پر روز ازل ۔ عرش رفعت ماہ طلعت آفتاب روشنان
شاد یون اہل غرض ہوتی ہین اوسکی نام سے ۔ جسطرح ہر قالب جسم مین آجاتی ہی جان
دست زرافشان کی بس جانتے ہین جو خوشی ۔ بہول جائے خلق تکلیف جفای آسمان
جوش الفت دل سے بہار رہا ہی اے تسیم ۔ ہون قصیدہ مین غزل کی کچہ ادا رنگینیان

مطلع

نور حق کا عارض روشن پہ ہوتا ہی گمان ۔ آتی ہی ہوتی ہین ہر دم نگاہ قدسیان
گر دکہادے جلوۂ رخسار کو ہٹکر نقاب ۔ داغ سمجھے مہر کو سینے پر اپنی آسمان
وہ جبین یا چشمۂ خورشید جسکی روشنی ۔ تیرہ بختو نکو لیے ہی صبح صادق کا نشان
تہی جو کچہ آئینہ دلہا مشتاقان مین بال ۔ سو فرو نکر ہوی ہین ابرو وہ عیان
جلوۂ خط حلقہ آور روے تابان پر ہی یون ۔ جسطرح ہالہ رہی انوار مہ کا پاسبان
اب نظر خوف ادب سے لغزشین کرنے لگی ۔ ق ۔ چاہتی ہی عزت پابوس مثل عاشقان

کہ رہی ہی حسن ہے مانع پوچھیے کسطرح — تا قدم ہی شعلہ روشن گذر ممکن کہان

کچھ نہین کہتے اگر آنکھین اوٹھا کر ایکدم — دیکھ لو تو حال ای خستہ دلونکی قدردان

ابتو وہ صورت ہی جو صورت کبھی ممکن نہ تھی — کیا تعجب ہے اگر ہو جاؤ تم بھی مہربان

مفلس ایسے ہین تمہاری بھی نظر پڑتی نہین — جانتی ہو سینہ خالی ہو چکا ہی دل کہان

آرزو گرم تقاضا ہی کہانتک انتظار — جی مین آتا ہی کہون لیکن ادب ہے پاسبان

صدقی جاؤن جو تیغ غفلت مین نہایت چین تھا — دیکھ لو پہر اوس نظر سی بہل جاؤن جہان

چاہتا ہون تم کہو اتنا کہ ہان پہر کیا ہوا — کہ رہا ہون جو رہی ہین اپنی دل کی داستان

مین تو آیا بہی نہین کسکو کہا چلدیجیی — کل کے کہنی کا ہوا اگر وہ پہلی امتحان

نام نامی سنکے کہتا ہون ہوس پابوس کے — ای وزیر خسروان ای آصف ہندوستان

کچھ نگاہ مہر کو رخصت ادہر بہی دیجیے — رات دن چکی مین ہون مانند دور آسمان

بس بہت کچھ ہرزہ پیمائی ہوئی چپ ہو نسیم — لکہ مضامین دعا جو دلمین کہتا ہی نہان

فضل حق سے مسند دولت ہی تیری قدم — تا ظہور آفرینش تا قیام دو جہان

خضر کے صورت بقائی عمر ہو تمکو نصیب — حشر تک یا رب رہی نام ورد قدسیان

قصیدہ در مدح ظفر الدولہ معتبر الملک رفیع المنزلہ نواب علی اصغر خان بہادر ناصر جنگ

کثرت عیش سے یہ بیخبری ہی ہر دم — کہ فراموش ہین جو یاد تہی گردونکے ستم

آج کل قوم بشر کے وہ بڑہی ہین اعزاز — کہ ملک کہاتی ہین آسایش انسان کی قسم

وسعت حوصلہ کی حد نہین ہوتی معلوم — ہر زیادہ نظر آتا ہی نگاہون مین کم

برہمی ایسی زمانے سی ہوئی ہی معدوم — کہ پریشان نہین ہوتی کبھی گیسوی صنم

لفظ دشنام حسینونکی دہنمین ہی قید — لے رہی ہین لب عشاق یہ بوسے پیہم

کبھی عاشق کبھی معشوق کبھی سب سے پاک — سیکڑون رنگ بدلتا ہی مزاج آدم

مژدہ دیتی ہے صبا پیرہن عاشق کو
کہا چکا دست جنون چاک گریبان کی قسم

ہو چکی چشم عقیمہ نہین ممکن آنسو
اوٹھ گئی عنصر ہر فرد سے پیدائش نم

وقت تحریر جو کی ضرب رمل نے تکرار
صفت جاہل مغرور اٹکتا ہے قلم

کوئی دم سے اے دل بیتاب ٹھہر جا تو بھی
کہ قضا ہین ثنا خیر نسا ئین سے تجھے ہم

مطلع

مجمع خلق و حیا زینت قوم آدم
ای جناب ظفر الدولہ رئیس اعظم

صدقی اس طرۂ فرقی کی دل و جان بشر
کردیا سلسلہ کن فیکون کو برہم

جلوۂ نور جبین نے وہ عطا کی حیرت
ہر طرف شوق بہی ہی نہین قابو مین ہم

شوق کہتا ہی کہ لون بوسہ ابرو کیونکر
الحذر یہ تو کوئی تیغ کشیدہ ہی دو دم

چاک کسطرح نہو تیغ نظر سے سینہ
تیر مژگان کی یہ ہٹ ہی کہ جگر دیکہین ہم

للہ الحمد کہ ہین شرم سے نیچی آنکہین
ورنہ ہوا ایک اشارے ہین صفای عالم

نظر آئی کشش حسن جو بینی سمجہا
چھوٹ گیا ہاتہ سے استاد ازل کے یہ قلم

ماہ و خورشید سے بہتر ہین تہین رخسار کے
ہی زوال اونکو یہ تابندہ شب و روز بہم

سبزۂ خط لب جان بخش دہن کی نزدیک
خضر و عیسے نظر آتے ہین کنار زمزم

ہی اسیطرح ہر اک عضو مین کیفیت نور
گردن و سینہ سے تا آینۂ حد قدم

زلف کہتی ہے دم حشر کرونگی فریاد
کردیا ایک نظر نے مجھے ایسا برہم

شانہ کہتا ہی کہ مین چاک جگر رکھتا ہون
کیا نہ پوچھیگا خداوند ازل حال ستم

کہہ رہا ہے دل خستہ کہ الہی فریاد
جلوۂ حسن خداداد سے ہے یہ عالم

دادخواہی کے لیے بس ہی ہمین تر دامن
اشک خاموش یہ کہتی ہین کہ کہتی نہین ہم

نکل آتے ہین دم سرد جو آہونکی ساتہ
گرمی نالہ کی کہاتی ہین لب خشک قسم

کہ نہین ضبط سخن کا ہمین یارا باقی
کہ لین اب ہم بہی غنیمت ہی یہ فرصت کچھ دم

واقعی قدرت خالق کا نمونہ ہے تو
علم مین حلم مین احسان مین کرم مین ہر دم

کامل علم سخن شاعر یکتاے زمان
روح صدقی ہو جو اوصاف مضامین مین قلم

خلق ہوتی نہ اگر طبع معلی تیری
دفتر راز معانی نظر آتا برہم

جلوہ دیتا نہ اگر نور مضامین خیال
میل کرتا نہ کبہی حسن سخن پر آدم

گر نہ افسانہ افکار سناتے اوسکو
چاک دامن نظر آتا نہ گریبان عدم

خلق ایسا کہ جہان رہین محبت ہوکر
مخلصے چاہی نہ تا عمر قدم ٹوٹی دم

آدمی کیا کہ ملک بہی کہین سبحان اللہ
بیٹہین گر خدمت عالی مین وہ ہوکر باہم

وہ حیا غنچۂ سربستہ بہی شرما جائے
وقت احسان نظر آئی جو بدن کا عالم

کثرت زر کی دکہائی بہی سنئے یہ تاثیر
داغ ہو جاتا ہی ہر دامن مفلس مین درم

اثر فیض سے ہر شے مین یہ استغنا ہی
کہ نہین زخم جگر کو بہی ہوا سے مرہم

مژدۂ بیخبری لطف نے ایسا بخشتا
روح رفت نہین حالات بدلنے محرم

کسقدر غلغلۂ جود نے رفعت پائی
حوصلہ کرتا ہی تریا نے روح حاتم

نام آجائے زبان پر جو علی اصغر کا
کیون نہ آسان ہو انسان کے لیے کار اہم

ہیبت ایسی کہ دلیرونکی جگر ہون مضطر
نام سنکر تہ و بالا ہو ہزار رستم

رفعت حوصلہ کا حال اگر کچہ سے لکہے
پہونچی شاعر کی تصور کا فلک پر پرچم

حملہ آور ہو عدو پر تو کرے اتنا قتل
خون شمشیر سی ٹپکے صفت ابر کرم

چار عنصر مین ہی خصم کی یون گردش خوف
جیسے اوزان رباعی پہ تصدق اخرم

چاک دل دی خبر خواب لحد دشمن کو
خندۂ زخم سے پیدا ہو صدائے ماتم

شہرت قوت بازو جو ندامت بخشے
پی لے دشمن عرق شرم سمجہکر زمزم

خوف تیر اورق دہر پی کہودی ہر خوف
دہن افعی گیسو مین نہ باقی رہے سم

تیغ اس دست بلورین کی جو دشمن کہائے
خون ٹپکے دہن زخم سے ہوکر شبنم

عفو تقصیر نہین جوش محبت سی خیال — کیا کیا خاطر بیتاب نے تفویض قلم
بخدا خادم صادق ہون نہین شک اسمین — یاد کرتا ہون تری جوش محبت کی قسم
ای نسیم جگر افگار نہ بک بیہودہ — آگیا پیش نظر حسن دعا کا عالم
ای خدا تا کہ رہے سلسلۂ چرخ و زمین — ہر دم و ہر لحظہ ترقی پہ رہین نار و نعم
ای خدا بے خلش غیر میسر ہوا سے — دولت و عمر ابد راحت آغوش صنم
رات دن محفل عشرت مین میسر ہوا و قات — خوار ہون حاسد و بدخواہ و احبا خرم

ایضاً

یہ رفعت کلام کسی سے کیے کہان — ہمزادہ خیال ہے ہمراز آسمان
مانند ذات حق ہی تعلق سی فکر پاک — مضمون مین ہین ہی نہ الفاظ مین زبان
روشن ہون ہر طرف صفت نور آفتاب — میری سخن کی فیض سے ممنون ہے جہان
مثل عروس حسن مضامین کہی ہی حجاب — کیا دخل جو سکے کسی نافہم کا گمان
بس اب خیال اور طرف سیر چاہیے — موقوف کر یہ سلسلۂ ذکر این و آن
لکھ جلد ایک مطلع آغاز مدعا — جس سے اوٹھائی لطف سخن طبع قدردان

مطلع

ای خامہ ہوشیار کہ ہی وقت امتحان — مدت کے بعد آج طبیعت ہے مہربان
مضمون بشکل ابر کرم ریزشو نمین ہین — کہتی ہے مجھسے فکر مرے یار بار ہان
لا واسطے نثار کے کچھ گوہر سخن — ایسا ملے گا پھر نہ زمانے مین قدردان
خورشید منزلت ظفر الدولہ سب کو خلق — کہتے ہی دیکھکر شرف خلقت جہان
پہونچی جدہر نگاہ عنایت ہوا یہ حال — دامن مین زر زبان پہ عا جستو نمین جان
اللہ رے کرم کہ یہ عالم ہی ہر طرف — مسدود ہی ہوس صفت خواب پاسبان
ایسا ہی کون جسمین اوصاف حسن ہم — حلم و حیا و خلق و وقار و عروج و شان

جوش سحاب فیض سے ٹھنڈی ہوئی جو دل — ہے ہوا ہی دامن الفاظ مدح خوان

ہر سر بلند پست ہے ہمت کو دیکھکر — حاسد کا دل جلا ہی تو دیتا نہین دہان

دیکھا ہے جو خلیق تو ہر دل سے آرزو — اٹکھیلیون مین ہے صفت صبح نوجوان

شرما رہی ہین عارض خوبان روزگار — تابان ہین اسطرح گہر گوش بندگان

کیا دخل مثل عمر گذشتہ پھر آسکے — وہ آرزو جو مہر قد مبجس ہو وہان

ابتک تو انتہا ہی عنایت نہین ملے — قدرت سے ہین خیال و گمان اسپے عنان

ہر جسم و جان پہ سایہ دامان لتفات — رہتا ہی مثل کثرت احسان مہربان

کہتے ہی دل کے بھید سراپا ضمیر صاف — رکھتے نہین بشکل سخن گو لب دہان

پایا نہ یہ جمال کسے مین و مثال — ڈہونڈا کیے خیال و تصور کہان کہان

حیرت سے رنگ جلوہ عارض کی ہین خموش — غنچونکی لب گلونکی دہن برگ کی زبان

نطق زبان کو بسکہ درشتی ہی عار ہے — رکھتا نہین ہی جسم سخن دہم استخوان

اوصاف بیشمار ہین پاتا نہین جو بس — بڑہتا ہی روز کچہ نکچہ اندازہ گمان

حسرت فزا ہی صورت وقت گذشتہ شوق — جسکو نصیب تہی خدمت ہی یکزمان

جو باریاب بزم نہین تہی اوسکی پاس — کیسے ہین کچہ نہین مگر اوقات رایگان

تہے جتنے راستے وہ عنایت ادہر ہوے — اولٹا لکہا گیا ورق بخت دشمنان

اوصاف سے ملے وہ جہتی شوکت خیال — آغوش فکر مین نظر آتا ہے آسمان

طے ہوسکی نہ راہ ثنا جب کسیطرح — عاجز بشکل توبہ واعظ ہوا گمان

یارب بر آئین دلمین مرادین ہون جسقدر — تا انتہاے عمر زمین اوج آسمان

قصیدہ در مدح نواب امیر الدولہ بہادر ابن نواب رکن الدولہ بہادر

تحریر کا وقت آگیا لکہا نام اقدس ای قلم — نواب امیر الدولہ عالی مرتبت والا ہمم

مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

ہی وہ سخی ابن سخی عالم مین ہی چرچا جسے

چشمۂ ہمت ہی وہ سر دفتر رحمت ہی وہ

حال عنایت کیا لکھون تشبیہ کس شی سے دون

ہی اسکی کثرت ہر کہین آبادی ویرانی مین

دریای بخشش ہے رواں ہر وقت ہی گوہر فشان

جو رنج مین ہو مبتلا جسکو ہو صدمہ ہجر کا

قسمت ہو یاری پر اگر آجای جو پیش نظر

اللہ رے خلق و وفا اللہ رے جود و سخا

خالق نے بخشا وہ اسے حاصل ہو گر فیض نظر

قربان ہی رخ پر قمر لب پر فدا گلہای تر

دولت سے دامن کو بھرا جو منہ سے مانگا مل گیا

لفظ ثنا تر ہو گئے آیا دو دفتر ہو گئے

بخشش پہ جو دسترس سنتی نہین آواز بس

ہر شی مین فیض اسکا ملا دیتا ہون اک تازیتا

کیا شان مین اسکی کہی تعریف کیونکر ہو سکے

جو کوئی اوس در پر گیا بر آیا دل کا مدعا

فیض لب جان بخش سی حصہ کسیکو گر ملی

گر دیکھ لے لطف و وفا یار شیرین سخن

ہی فضل حق سی وہ سخی گر لکھی افسانہ ذکر

قل الحذر کا ہو بپا آجای غصہ گر ذرا

بحر رجز کی دو سُن اشعار ہوتی ہین رقم

دنیا مین بخیل آدمی ہی اسکا ممنون کرم

سرمایۂ دولت ہی وہ باعزت و جاہ و حشم

دے حوصلے سے وہ فزون ہر چند مانگی کوی کم

دنیا مین مثل اسکا نہین لکھتا ہون مضمون کی قسم

آتا نہین پستی زبان اللہ رے جوش ہمم

ہو دریہ اسکی جبین جاتی ہین درد و الم

بخشے یہانتک سیم و زر بھولے گردون بھی ستم

اللہ رے لطف و عطا ہر لحظہ ہی جوش کرم

گلشن مین ہو ہر شاخ تر گلدستہ باغ ارم

خامے نے سلک گہر کیا وصف دندان ہون رقم

جسطرح قسمت کا لکھا ہوتا نہین ہی بیش و کم

سب نقطے جوہر ہو گئے تسلیم ہی اشک قلم

رکھتا ہے جینی کی ہوس ہر راہی ملک عدم

لالہ بھی کھلانی لگا گلشن مین تصویر درم

اکسیر سمجھی خلق اوسی حاصل ہو گر خاک قدم

اہل دول ہو یا گدا ہی سب پہ احسان کرم

دہر کا نہ ہر نیکار ہی یکتا لکھی حسن قدم

ہر فرد ہو محو دعا جبتک ہی سینے مین دم

حاتم کا عالم سی ابھی جاتا رہی سارا بھرم

ہو سر عدو کا سر جدا کھینچے اگر تیغ دو دم

منظور ہو گر امتحان ہون اسقدر خونریزیان
دی کلک شاعر گر نشان رنگین ہو تحریر قلیم

بس ای نسیم نہیں ہی شوق ہین اہی کدہر
شعر دعا الکہ جلد تر دکہلا دی انجام رقم

مقصد ہو جو کچہہ آپکا بر آئی از فضل خدا
خوش ہون عزیز و اقربا جبتک ہین ہیہ ہم

حامی سدا ہون پنجتن جبتک ہی بنیاد زمین
تازہ رہی سارا چمن مسدود ہو ہر رنج و غم

جبتک ہی کاخ آسمان جبتک ہے قوم انس و جان
جبتک ہی بنیاد جہان حاصل ہی عمر و درم

قصیدہ در مدح وصی علی خان بہادر

ذرا تو چین ٹی اودل تجہی خدا کی قسم
کہ او ر فکر مین ہے آج خاطر برہم

خیال صاف کو گلگشت باغ مضمون ہے
برس رہی ہے طبیعت بشکل ابر کرم

کہان عروس سخن ہی کوئی بلا لائے
کہی ضرورت اشعار کچہہ کہین گے ہم

مزاج کو سر مشاطگی معنے ہے
کہلین گے زلف کی مانند عقدہای اہم

نسیم اوٹہا تو قلم وقت امتحان آیا
جمال شاہد تحریر مین ہو حسن قسم

خیال مدح رئیس زمانہ ہی دل کو
ادب کی جا ہی یہان گردن قلم ہو خم

جہکا تو سر پے تسلیم عرض حال کرو
کہ ای امیر فلک مرتبہ جہان کرم

کمال مضطرب الحال تہا خوشا قسمت
نصیب مجکو ہوئی آج بوسہ ہائی قدم

بس اب زمانہ تحریر نام اقدس ہی
گلاب و مشک سی ہوتی ہین ہم زبان قلم

الٰہی اپنا کرم رکہہ وصی علیخان پر
وہ ہی سپہر کرامت کا نیر اعظم

زمانہ کہتا ہے اوسکو کریم ابن کریم
وہ اپنی وقت کا ہی آج دوسرا حاتم

نگاہ فیض اثر سے جو سوی گل دیکہے
دُر خوش آب ہو ہر ایک دانہ شبنم

ہوای بزم طرب خیز کی یہ ہے تاثیر
نہ دیکہی چشم تصور ہی صورت ماتم

محب پنجتن پاک ہی دل و جان سے
فدای نام بتول و رسول ہے ہر دم

یہ فیض تیغ ہے اوسکا پڑی جو اعدا پر — ہر ایک زخم مین پیدا ہون سو دہان باہم
وہ باخدا ہی جو نکلے زبان سے اقرار — بصورت خط تقدیر ہو نہ بیش و نہ کم
فروغ روی مبارک ہی آیت اسلام — بجا ہی کہیے اگر اوسکو قبلۂ آدم
وہ آفتاب جہانتاب ہی اگر جا ہے — ہر ایک ذرہ مین پیدا ہو نور کا عالم
خلاف اوسکا جو چاہی تو ہو خلاف ایسا — مٹے مزاج عناصر سے اتحاد بہم
نزوح جسم کو دیکھے نہ جسم صورت روح — کہ جیسے حل حسی قضا و قدر نہین توام
وہ برگزیدۂ حق ہے کہ وقت عزم عا — عجب نہین جو ہو تقدیر سے زیادہ رقم
نہین ہی یاد خدا سے وہ کوئی دم غافل — ہمیشہ ذاکر حق ہین لب و زبان باہم
صفای قلب ہی کشف ضمیر حاصل ہی — نہین ہے آینۂ دل پہ زنگ تا ز و نعم
کجھون کو راست بنائی خیال شوق اوسکا — مٹے کشاکش شانہ سے زلف کا ہم خم
کہان نصیب جو لی بوسہ رکاب اوسکا — ہزار بار اگر پشت آسمان ہو خم
لکھون مین وصف اگر جب جمال روشن کا — رہے زبان پری پر فسانۂ آدم
جبین وہ ہی کہ جسے لوح نور کہتے ہین — بہوین نہین پی دشمن کہچی ہی تیغ دودم
مژہ مین نوک وہ ہی جیسی ہر حسین نشتر — دم نظارہ صفین کی صفین ہین برہم
نہین وہ چشم کنار حیا مین ہی معشوق — کہ جسکے رشک سے نرگس ہی سرنگون ہر دم
نہین ہی بینی شفاف شمع نوری ہی — بجا ہی گر الف اللہ کا اوسی کہین ہم
لبون مین ہی اثر قم دم سوال و جواب — کہ زندہ کرتے ہین ہاںی مردہ کو ہر دم
دہن نہین ہے وہ ہی درج ذکر الا اللہ — کہ جسمے ہی کلمہ حق کا برزبان ہر دم
غرض نمونہ قدرت ہی سبی تا ناخن — کہان مجال قلم ہی جو وصف سب ہون رقم
اب اور طرز کے اشعار چند لکھتا ہون — مزاج جوش مین آیا پھری عنان قلم
کریم وقت ہی تو ای امیر والا جاہ — ہزار گردن تسلیم تیرے در پہ ہو خم

نگاہ لطف سے مجھ خستہ حال کو بھی دیکھ
کہ بھول جاؤں فلک کی تمام جور و ستم

ثنا میں تیری کروں اور رہوں نہ بیل و خراب
یہ شرط لطف نہیں ہے رئیس اہل کرم

اب اور کون ہے ایسا کہ جس سے حال کہوں
سناؤں کسکو میں اپنا فسانۂ ماتم

غریب و بیکس و ناچار و مضطرب ہوں میں
رئیس عیش ہو تم میں اسیر رنج و الم

فقط نگاہ عنایت کی آرزو ہے مجھے
زیادہ اس سے نہیں چاہتا خدا کی قسم

نسیم طول سخن ہو چکا بس اب خاموش
خطر کی جا ہے مبادا مزاج ہو برہم

حضور قلب سے مانگو خدا سے جو چاہو
پڑھو دعا کی بھی اشعار چند سن لیں ہم

پھر کل کیطرح ایجان باتین سُنائیگا

مین جان مزاج قاتل لازم ہی خوف مجھسے
جھوٹی قسم نہین ہون ہر دم جو کھائیگا

یہ کیون ہی ناامیدی در کا دلبر یاسے
جو کچھ کہ آرزو ہی ویسا ہی پائیگا

مشتاق ہی تو جان دی گلگون لباس کیون
یہ رنگ نو عروس سے کسکو دکھایئے گا

دیکھو رقیب آسکے دیکھو رقیب آئے
کیا منہ اب آپکا ہی جو منہ چھپایئے گا

ہم خوب جانتی ہین استادیان تمہاری
محفل مین بیٹھے بیٹھے آنکھین ملایئے گا

آخر کچھ انتہا بھی ہے بیرحمیونکی صاحب
کبتک تو عاشقونکو کبتک ستایئے گا

ممکن نہین جو نیت بدلی تمہاری ایجان
کیا پھر آج کی شب ہمپر نہ لایئے گا

کچھ لحظہ اور ٹھہرو تا روح تن سے نکلے
آئینگے اور آفت گر آپ جایئے گا

سمجھے ہوئی ہین جو کچھ دلمین بھرے ہوی ہے
کاہیکو آیئے گا کلہ کیسکو آیئے گا

آو تو جلد آو دم بھر کی بعد ایجان
مجکو نہ پایئے گا مجکو نہ پایئے گا

سن لیجیے گا جو کچھ مدت سے آرزو ہی
فرصت ہو گر میسر دم بھر کو آیئے گا

کچھ دور مین نہین ہون لازم ہی یاد کرنی
مانند دل مجھی بھی پہلو مین پایئے گا

۴۶ | ٹھنڈی کبھی نہونگی کیا گرمیان تمہاری
آخر نسیم کا دل کبتک جلایئے گا | ۷

بڑھتی بڑھتی لاغری پنہان بدن ہو جائیگا
تن گمان ہوگا گمان آخر کو تن ہو جائیگا

گر یہی ہی ناتوانی فکر عریانی ہی کیا
دامن نظارہ تن پہ پیرہن ہو جائیگا

ایک چادر خاک کی ہی اک ردائے آسمان
اس تن عریان کا بی منت کفن ہو جائیگا

لذت تکلیف تازہ سی نہونگی سیر ہم
زخم کھائینگے جو داغ دل کہن ہو جائیگا

اشک دیدہ ہین ہمین کیا خانہ ویرانی کا غم
گر پڑی جس جا وہین اپنا وطن ہو جائیگا

خار ہونگی نخل گل ہوگا حنا ہر برگ کاہ
اشک خونین سی مرا صحرا چمن ہو جائیگا

۴۷ | بسکہ ہی مضمون نازک ہین تیغ کا لال ای نسیم
شہرۂ آفاق تیرا بھی سخن ہو جائیگا | ۱۰

چار دن کے بعد فرق درمیان ہو جائیگا
دوست تو ہوگا تو دشمن آسمان ہو جائیگا

شعبدہ اک اور اوقاتل عیان ہوجائیگا
تیر اگر زخم کی منہ مین زبان ہوجائیگا

کسقدر شوقِ شہادت سے ندامت ہی مجھی
یہ نہ سمجھا تہا کہ قاتل مہربان ہوجائیگا

سینۂ سوزان پر اشک آتین تو آنی دیجیی
جلتے جلتے آگ پہ پانی دہوان ہوجائیگا

گر خدنگِ نالہ کرینگی مشبک غم نہین
دود دل پیوند زخم آسمان ہوجائیگا

سیری تلوونکا لہو چکہی تو ہر ہر خارِ دشت
توبہ کرنیکے لیے مثل زبان ہوجائیگا

آرزو جنت کے مین کرتا نہین اسواسطی
نام سنکر حور کا وہ بدگمان ہوجائیگا

آب ہوجاتا ہی آہن وہ اثر نالو نمین ہے
دیدۂ زنجیر سے آنسو روان ہوجائیگا

یا کمرجا نین گے تیری یاد مین سمجھین گے ہم
جو نشان آنکہون کی آگی سی نہان ہوجائیگا

۸	شعر مضمون تراکہی جارہ نہ افسردہ نسیم ایکدن تو بھی نہ کوئی قدردان ہوجائیگا	۴۸

رنگ کیا کیا نہ سے چرخ جفا جو بدلا
ہان مگر او دل بیتاب نہین تو بدلا

کنج مدفن مین یہ تہا چین کہ جیسے سوئی
ایک پہلو سے نہین دوسرا پہلو بدلا

لذت ذبح زبان سے نہ گئی برسون تک
سالہا سال نہ جلاد نے زانو بدلا

رہگئی کونسے منت جو نہین کی لیکن
نہ کسی طرح مزاج بت بدخو بدلا

کیا بلا جوش جنون کو ہی ترقی ہر روز
ڈہنگ وحشی کا تری کچہ نہ پریرو بدلا

وسمہ و آب حنا سی نہین ہوتا ہی شباب
جب ہوسے پیر تو رنگ سر ہر مو بدلا

ایک سا حال ہی خونابۂ دل کا سیرے
آج تک دیدۂ تر کا نہین آنسو بدلا

۱۴	کم ہوا جوش جنون کچہ اطبا سی نسیم آب نارنج سے کبہی شربت آلو بدلا	۴۹

مزا دیوانگی کا زیر شمشیر دو دم نکلا
کہ زنجیر ہوا بنکر مری سینے سے دم نکلا

جبین سائی کو ہم کس حوصلی پر آپ تک آئی
نہ بل زلفون مین کم پایا نہ کچہ ابرو سی خم نکلا

بڑی ثابت قدم یارانِ ایذا دوست ہوتے ہین
کہ اشکِ دیدہ بہی لختِ جگر ہو کر بہم نکلا

پتا ملتا نہین یہان بہی یہان ہار کیا ہستی سے
یہی کہتا ہوا ہر قافلہ سوی عدم نکلا

نہ ڈوبی کشتی افلاک جوشِ چشم گریان سے
بہت سمجہی تہی لیس دریا کو ہم افسوس کم نکلا

غضب کیا کیا نہین لاتی نگاہ شرمِ زا تیری
جسے ہم لطف سمجہی تہی وہ آخر کو ستم نکلا

ابہی تک ہی وہی سودا تری الجہی گیسو کا
طبیعت کو نہین سیرِ عجب سے عرب و عجم نکلا

پکارا مجکو وہان اوسکو یہی منظور ہے جب جا
جو نکلا نام بہی میرا تو مانند قسم نکلا

نہین سب ہے ہین اونچی آسمان سے پہونچے ہین
مگر چرخِ ستم پیشہ بہی پامالِ ستم نکلا

ہوا ہی مشغلہ یادِ خدا اسی عہدِ پیری مین
گیا دل سے تبہی نکلا دہیان کعبی صنم نکلا

وہی زورِ جوانی مین ابہی پشت خمیدہ کے
کمانِ آسمانِ پیر کا ابتک نہ خم نکلا

نچہوڑا خاک نی جز خاک کچہ اونکا نشان باقی
نہ دارا قبر سے نکلا نہ اسکندر نہ جم نکلا

ابہی پروہین جو جسپر پیامِ مرگ آتی ہین
قیامت آویگی اگر باہر قدم نکلا

۱۱	زمانہ ہمسکو سمے اپنی ہم آباد ہی اب تو بہت ڈہونڈہا مگر کوئی نہ اربابِ کرم نکلا	۵۰

ہوس یہ رہ گئی دل مین کہ مدعا نہ ملا
بہت جہان مین ڈہونڈہا پر آشنا نہ ملا

ہوا ہی کونسا معشوق باوفا اے دل
گلہ عبث ہی اگر وہ ملا ملا نہ ملا

عجیب قسمت بد تہی شب فراق مین ہم
کمال ڈہونڈہ پہرے خانۂ قضا نہ ملا

ندی تو ہاتہ سی ہون ضعف سے مین رنگ حنا
ہوا ہی شوق فنا مین جہان اڑا نہ ملا

جواب دیگی بہلا روزِ بازپرس تم کیا
اوڑا اوڑا کی ہمین خاک مین صبا نہ ملا

وہ کشتۂ نگہ قہر تہا کہ محشر مین
مرے جلانے کو اعجاز دلربا نہ ملا

غریق بحرِ ستم غم کے ہوئی کشتی
بہت سا ہمنے پکارا یہ ناخدا نہ ملا

کمال عیش و جوانی و ملک و مال طرب
یہ سب ملے ہمین پر یارِ باوفا نہ ملا

عجیب جوش جنون مین ہوئی تھی پامالی — کہ ایک آبلہ تک دستبردِ پا نہ ملا

چبھے ہزار تمنا سے کیون نہ جی سے کھٹکے — کہ خار کو کوئی ہمسایہ بہتر پا نہ ملا

۵۱ — ۹

بہت سی کرتی رہی باغ دہر مین گلگشت
پر اپنے بلبل دلکو نسیم سا نہ ملا

ساغر پلا کے بیخبرِ دو جہان بنا — او پیر میفروش ہمین بھی جوان بنا

اللہ ری درازیِ آغاز مدعا — نکلا جو حرف منہ سی میری داستان بنا

تھا کچھ تو جب بھی یہ نہ کہو تم کہ کچھ نہ تھا — گر کچھ نہ تھا تو کاہے سے سارا جہان بنا

اوٹھا مرا غبار جو تعظیم یار کو — ایسا ہوا بلند کہ اک آسمان بنا

وہ بی نشان تھا مین کہ یہانتک ہوا پسند — مجھسے دہانِ یار بنا لامکان بنا

لیل و نہار گیسو و رخسارِ یار مین — جی چاہتا ہی بیٹھ رہین اک جہان بنا

ہستی کا بس مری وہین اطلاق ہوگیا — جسجا کہین کسی کی قدم ہی نشان بنا

عشاق جان فروش کی دیکھو تو حوصلے — مقتل تمام معرکہ امتحان بنا

۵۲ — ۱۰

بیکار تھی نہ خاک نہ دودِ جگر نسیم
اوس سے زمین اس سی مہر اک آسمان بنا

پوشیدہ ہی پہاہو سی ہر اک زخم تن اپنا — پامال خزان آپ کیا ہی چمن اپنا

مصروفِ تبسم ہین پیا دیسی اجل کے — رکہتی ہین کھلا زخم جگر تک دہن اپنا

ہین وہم فراموش پتا کچہ نہین ملتا — مسکن ہے نسیما نہ کہین ہی وطن اپنا

اللہ ری بیتابی دل بعدِ فنا بھی — سو جا سی مشبک ہے مزار کہن اپنا

ہم گریۂ گلرنگ سی یادِ گل تر مین — صیاد بنالین گی قفس مین چمن اپنا

اک دل تہا سو وہ بھی نہ رہا پاس افسوس — پایا نہ کسیکو ہے شریکِ محن اپنا

اے غم ہے ہین اسد رنج کہلا دی تری صدقے — ہو بار احبا نہ خیال کفن اپنا

ساقی وہ پلا مجھی کہ وہ عالم ہون نہ ہوش وہ اشک تھی جو آنکہ سی ٹہلتی ہی ہوئی خشک		ہو جاسی خدائی سے نرالا چلن اپنا دم بہر نہ ہوا گوشۂ دامن وطن اپنا
۵۳	خاموش نسیم اب نہ بکو چپ ہو بس بس بیہودہ سناؤ نہ کسیکو سخن اپنا	۱۰

کسے صورت تو دلکو شاد کرنا — ہمین دشمن سمجھکر یاد کرنا

دعائین دینگے چہٹکر قیدی الف — جہانتک ہو سکے آزاد کرنا

کہین وہ آفرین ایسا پڑے ہاتہ — نہ مجھپر رحم اوجلاد کرنا

مسیحا سے دکہانا بعد مردن — جو دل چاہے تو کچھ ارشاد کرنا

اوڑا دو خاک میری ٹہوکروں سے — اگر منظور ہی برباد کرنا

اوب سیکہے نہین ہون نو گرفتار — بتا کر قاعدے بیداد کرنا

مزا اتہا بے بسی کی گا لیون مین — اوسے بہولے سبق کو یاد کرنا

بہت مشکل ہی ان سنگین دلون سے — خیال خاطرِ ناشاد کرنا

جنازہ اوٹھ چکے میرا تو تم سبہے — ادا رسمِ مبارکباد کرنا

۵۴	نسیم خستہ دل کی جان ہی ہی غضب لا یا ترا بیداد کرنا	۹

اونکی آنکہ مجبوری پر جو شادان دل ہوا — زندگی خوش ہی کہ اب نا مجھی مشکل ہوا

راحت مرگ محبت اوس سی پوچھا چاہیی — جو یہ سمجھی ہنسی جی مین ہین بھی اس قابل ہوا

موت بھی قسمت نے لہو دی کیا بری شے ہی ہائے — جب جہکی گردن مری وہ اور کا قاتل ہوا

مہربانی مجھپہ کیون کی تھی کیو تیرنی کہ ہائے — مین ہا زندہ وہ میرے واسطے بسمل ہوا

بل بی ظالم جو نیوچھی یہ بھی تیر ناز سے — کسطرف کوئی ہوا کس جا کوئی بسمل ہوا

نوجوانی کا برا ہو اوسکو ہرجائی کیا — جی ہٹا جاتا ہی جب جب پیار کی قابل ہوا

قدر مینا عزت جام و سبو جاتی رہی | جو تمہارے بزم مین ٹوٹا وہ میرا دل ہوا
بیمروت تند خو نا آشنا برہم مزاج | روئیے اوس بخت پر جو تجہی کچہ سائل ہوا

۵۵

گہیری ہتی ہین عزیز و اقربا اوکی آہین
ای نسیم اب دیکھنا بہی یار کا مشکل ہوا

۷

چھیڑا جو مینے یار کو سب مین خجل ہوا | اے جوش شوق آج تو تو ہی مخجل ہوا
تدبیر نیک دیتی ہی آخر کو آبرو | شیشے مین آکی قطرہ ہی مثل دل ہوا
حاصل تہا وہ فروغ چراغ فراق کو | خورشید داغ سینہ سی میری خجل ہوا
ہر استخوان بدن مین مری خاک ہوگیا | شعلہ تپ فراق کا جب مشتعل ہوا
رخسار کے جو وصف مین مضمون ہوے رقم | عارض کا نقطہ صفحہ کاغذ پہ تل ہوا
اظہار آرزو سے ندامت ہوی مجہی | سنکر وہ حال شوق مرا منفعل ہوا

۵۶

پھر سامنی مصیبت سابق ہی ای نسیم
پھر اندنون فریفتہ اک بت پہ دل ہوا

۱۷

یہانتک اوج جنون مین مجھی کمال ہوا | خراش ناخن دیوانگے ہلال ہوا
عروج حسن مین وہ یار کو کمال ہوا | کہ آفتاب بہی اک نقطہ جمال ہوا
ہزار شکر کہ میرا بہی اب وہ حال ہوا | دعا کو ہاتھ اوٹھے آپکو خیال ہوا
نگھوری مجھے بوسہ اگر لیا تو لیا | رقیب دلمین سمجہ لو اگر ملال ہوا
فروغ زیست ہوا سر کٹا کی صورت شمع | حیات بعد ہوی پہلے انتقال ہوا
خیال زلف اگر ہی تو دل کی خیر نہین | وہ ٹوٹ جاتا ہی شیشہ کہ جسمین بال ہوا
مرا فسانہ ہی مانند مژدہ دشنام | کہ آتے آتے در گوش تک ملال ہوا
مزار مین نظر آتی ہی خاک تک رنگین | غبار تن شہدا کا ترے گلال ہوا
نہین ہی حرص سی خالی کبھی مآل بشر | اوٹھا جو دست دعا کا سوال ہوا

تری کمر تو نہ تھا مین جو موت کو نملا — شب فراق مین مرنا ہی کیون محال ہوا
بسان آخر روز و بشکل اول شام — وہی عروج ہی میرا کہ جب زوال ہوا
برہنگی کی ندامت ہی یہ تن کی ساتھ — کہ بعد مرگ ہی مزدورِ انفعال ہوا
درازی شب غم کا وہ ایک لمحہ ہی — جسے زمانی مین کٹتی ہین دو رسال ہوا
کھلا یہ عقدہ قدمبوس لغزشی ہمکو — چڑھا جو سر پہ وہ آخر کو پائمال ہوا
کنار قبر سے لاشے نی میری سر کھینچا — ترے گمان بد انجام کا خیال ہوا
گھلا گھلا کے گھٹایا یہ سوز پنہان نے — گلو مین طوق گران صورت ہلال ہوا

۵۷	بصورت ورق گل خزان سے ابتر ہی نسیم کا چمن دہر مین یہ حال ہوا	۹

مین وہ ایذا دوست تھا راحت سے مجکو غم ہوا — زخم کو ناخن سی چھیڑا درد دل جب کم ہوا
موسم پیری مین اپنا کچھ عجب عالم ہوا — جسقدر بڑھتا گیا سن ہر ارادہ کم ہوا
شب گھٹی ہر پردہ داغ عشق محو غم ہوا — رک گئین آہین مزاج آرزو برہم ہوا
جان لی یا دلب شیرین نے تیری ای صنم — میری حق مین التفات انگبین بھی سم ہوا
رات بھر دیکھا تماشا ہمنے برق و ابر کا — آہ کی شعلو نسے جب دود جگر باہم ہوا
درد دل زخم جگر گو انسے ایذا تھی مگر — ترک صحبت جسنے کی آخر کو اسکا غم ہوا
زخم پڑ کر کھل گئے سینون پر اہل بزم کے — تھا جو شادی مرگ ہنس ہنس کر مرا ماتم ہوا
پھر وہی سامان ہوا رہتا تھا جسکا ہمکو خوف — پھر مزاج زلف جانان اندنون برہم ہوا

۵۸	عمر کاٹی آرزوی وصل جانان مین نسیم کیا کہون کیونکر بسر کی کیا مرا عالم ہوا	۱۱

خون ٹپک کر آنکھ سی پھر اشک تر پیدا ہوا — معدن لعل بدخشان مین گہر پیدا ہوا
دہر مین بی سایہ کب جسم بشر پیدا ہوا — ہر بدن کی ساتھ اسکا ہم سفر پیدا ہوا

سر ترا اوٹھا فلک تیغ ابرو پڑ گئے
ماہ نو کا ہیکو سے زخم جگر پیدا ہوا

خود بخود زنجیر کہچ آئی تعجب ہے مجہے
سنگ مقناطیس کا پا مین اثر پیدا ہوا

جس زمین پر پڑ گیا عکس لب شیرین ترا
تخم جو دہقان نے بویا نیشکر پیدا ہوا

کیا غلط فہمی ہوئی تار نظر اپنا وہ تہا
جانتی تہی جسکو ہم ہوئی کمر پیدا ہوا

رات دن پڑتی ہین تہپر ایکدم فرصت نہین
وہ شجر دیوانہ ہی جسمین ثمر پیدا ہوا

کچہ نہین ثابت کیا ان تہی کیا ہین کیا ہو جاینگے
آدمی ہستی سی اپنے بیخبر پیدا ہوا

عمر گذری جستجو مین حوصلہ کچہ کم نہین
بی کمر تو ہی تو مین ہی بی جگہ پیدا ہوا

کیا غضب ہے جسم خاکی کی قفس مین جان ہو قید
یہ وہ طائر ہی جو بام عرش پر پیدا ہوا

١١	پیس ڈالا آسیا ئی چرخ نی اوسکو نسیم جب زمانی مین کوئی صاحب ہنر پیدا ہوا	٥٩

عاشقو نمین کون سمجہا ناتوان پیدا ہوا
نالہ بہی میری دہن سی بی فغان پیدا ہوا

بی نشان رنگ پریدہ کا نشان پیدا ہوا
یہ وہ طائر ہی کہ جو بی آشیان پیدا ہوا

پردہ پوشی قاتل بی رحم کی منظور تہی
ہر دہان زخم عاشق بے زبان پیدا ہوا

خاکساران محبت کو نہین رفعت پسند
آفتاب داغ دل سے بے آسمان پیدا ہوا

دوست کے آنے مین دشمن کا بہی مژدہ سا تہا
جب بہار آئی ہمین خوف خزان پیدا ہوا

دیکہنا اسکا ہی مشکل یار نا محرم رہا
شوق اپنی دلکا آنکہو نسی نہان پیدا ہوا

وائے قسمت اہل دنیا ہوتی ہین مردہ پسند
اوٹہ گئی جب ہم تو اپنا قدردان پیدا ہوا

انتہائی اوج کو پستی بہی ہوتی ہی ضرور
دیکہ لو ہر آسمان پر آسمان پیدا ہوا

ایک صورت پر رہے صورت یا نہ خیال
جب ہوئی ہستی تبہی نقل مکان پیدا ہوا

کس بلا کی شام گیسو تہی نظر آئی نہ صاف
آنکہ جب اوٹہی نگاہو نمین دہوان پیدا ہوا

١٧	خاک کا پتلا ہر آسکے امتحان پیدا ہوا	روز اک آفت ہی اسکی شیا ہی تسلیم	٦٠

ہر حرف سے پیدا اثر جوش بلا تھا | نامہ ترا کیا تھا مری قسمت کا لکھا تھا
کسطرح نہ بگڑون کہ یہ انداز نیا تھا | ایسا نہ ہوا تھا کبھی ایسا نہ کہا تھا
عادت سے ہین واقف ہون مگر چوک گئے تم | راضی ہوکے بوسے پہ خدا جانے یہ کیا تھا
کیون جی وہی پھر ہرزہ خیالی لگی سمائے | کچھ یاد نہین کیا ابھی اقرار ہوا تھا
اب آئے تو آئے وہ تمنا نہین باقی | آتے شب ہجران مین تو آسان قضا تھا
دیکھا جو گیا روز جزا نامۂ اعمال | جس لفظ کو پڑھتے تھے تمہارا ہی گلا تھا
گرمی وہ دکھائی نفس سرد نے مجھکو | اولے کیطرح آنکھ مین ہر اشک جما تھا
شکوہ بھی وہ کرتا ہون کہ جو یاد نہین ہے | کہتا ہون مجھے رنج مین کیا تمنے کہا تھا
نالونکی اجازت تھی کبھی آہ کی رخصت | تا صبح اسی طرح فراق رفقا تھا
آنسو کی ٹپکنے سے نہو کیون مجھے ماتم | ہستی مین بلا ہی جو آنکھونمین رہا تھا
بیتاب ہوا یار تو سو بار بولایا | تکلیف کا باعث مجھے احسان دعا تھا
افشائے محبت کا جو تھا خوف تو ہر اشک | آنکھونمین نہان تھا کبھی دامن مین چھپا تھا
اب وہ جگر ہو کی نکلتا ہی دہن سے | وہ جوش جو برسون مری سینے مین رہا تھا
کیا قوت بازو تھی رہی ہمت قاتل | دیکھا تو کئی کوس گروہ شہدا تھا
بخشا دم قسمت مجھے قسام ازل نے | وہ نالہ جو تاثیر فراموش بنا تھا
بیوجہ تو خود رفتہ نہین ہوتی ہین آنکھون | یہ بھی وہی افسون ہے جو خادم پہ ہوا تھا

سیکھا یہ تسنیم اونسے فریب ستم آمیز
ہر زخم رلانیکے لیے میری ہنسا تھا

۱۶۱

خلش نا آشنا گو ہر عدو تھا | مگر ہمکو خیال گفتگو تھا
مجھے حیرت ہے یہ کیا ہوگیا آج | ابھی کل تک مری پہلو مین تو تھا
خفا ہو ہوکے دلمین رہ گئے کیون | تمہین کسکا خیال آبرو تھا

جدا تمنے کیے کیون میرے اعضا مرا داغ جگر کیا اوسکو بہاتا نہ چھوٹا آجتک دامن سے تیری	ابھی کیا مین سبھے لفظ آرزو تھا کہ وہ گل تھا مگر محتاج بو تھا یہ کیسا داغ تھا کسکا لہو تھا

۶۲	قصور اپنی نظر کا تھا نسیم آہ	دگر نہ اوسکا جلوہ چارسو تھا	۸

کہل گئے ہر ہر کڑی مجکو وہ افسون یاد تھا آپ کو آزاد دکھلا کر کیا اورونکو قید کم نہ تہی زخم جگر سے ایکدم خندیدگی مدتون تک اپنی ہنسی سے بھی ڈرتا رہا اس لیے مرتا ہون بہاتا ہی وہ مجکو انفعال جب تحمل آ گیا ڈر سے کیے پھر پرواز خشکی اعضا نے دونو کو برابر کر دیا	خندۂ زنجیر سامان مبارکباد تھا مین وہ صید خیر خواہ خاطر صیاد تھا خاطر دشمن کی صورت بی سبب ہی شاد تھا طائر جان قفس مین اک مرغ نو آزاد تھا جو ترے خاطر مین اے ظالم نہین ہی یاد تھا طائر خائف کی صورت آشیان برباد تھا مین ادہر محجوب شرمندہ ادہر فصاد تھا

۶۳	خاک گلزار جہان مین جی بہلتا اے نسیم دید کے قابل نہ لطف گلشن ایجاد تھا	۱۰

بل بے تیری کاوشین جینا مجھے دشوار تھا جب مین بیتابی سے گھبرایا تسلی آنے کی دلکی گھبراہٹ سے جب تڑپا شب فرقت مین رات بھر سنتا رہا اب عذر لاعلمی نکر ہای مین نے تو بہت چلایا مگر ایجان جان داستان شوق میری ہو نہ چکتی عمر بھر یہ تو مضمون گذشتہ کچھ وفا آمیز ہے اپنی محرومی گوارا کی نکی لیکن خبر	ای مری درد جگر تو بھی مزاج یار تھا مونس جان حزین شب بھر ترا اقرار تھا تیر مجھسے متصل اپنے پس دیوار تھا بے سبب آنے نہ تھین آخر کوی بیمار تھا مجکو مرنا بھی شب غم مین ترا دیدار تھا خاک سنتا وہ اسے اک حشر کا طومار تھا کیا نصیب دشمنان تو بھی کسیکا یار تھا جی دہل جاتا ترا وہ حال میرا زار تھا

غیر نے تیری سوا پائی نہ آنکھون مین جگہ | پاسبان خواب راحت دیدہ بیدار تھا

۶۴	صدقی مین اس سرعت تیر نظر کی ای نسیم اف بھی ہم کہنے نہ پائی وہ جگر کی پار تھا	۱۹

کب اس زمین پہ مجھے آرمیدہ ہونا تھا | ہوا سے خاک کو پرسون پریدہ ہونا تھا

اگر تھی دامن جانان کی آرزو اے دل | تو چند دم کے لیے آب دیدہ ہونا تھا

کسیکے چھر سیہ ہوتا کسیکے دامن مین | مجھے بھی آنکھ کا اشک چکیدہ ہونا تھا

کبھی نہ خدمت دامن سے سرفراز ہوا | وہ ہاتھ ہون کہ جسے نارسیدہ ہونا تھا

کمال بے ادبی سے یہ عرض کرتی ہین | ہمین سے اے قد جانان کشیدہ ہونا تھا

اگر تھی لذت پامال کی ہوس اے دل | بشکل سبزہ زمین پہ دمیدہ ہونا تھا

کبھی نہ اے میری دکھاتی بہار لاکھون کو | بشکل ابروے جانان خمیدہ ہونا تھا

عجب نہ تھا کہ اوسی رحم کچھ نہ کچھ آتا | مری امید سے تجھکے ابر دیدہ ہونا تھا

نہ برگ و گل نہ ثمر سب ہی پاکدامن ہین | مری نصیب مین شاخ بریدہ ہونا تھا

بہانہ موت کا تھا جسم ورد حکو ورنہ | ہر اک کو اپنی طرح پر جریدہ ہونا تھا

امید راحت آغوش یار تھی جو مجھی | بصورت دل عاشق تپیدہ ہونا تھا

کمال ربط مین ہوتی ہین سیکڑون باتین | نہ اسقدر تمہین ہمسے کشیدہ ہونا تھا

زبان قطع نہ کام آئی سرکشی اے سرو | نہ جانتا تھا کہ آخر خمیدہ ہونا تھا

خفا نہو جو ٹپک نکلے آنکھ سے آنسو | یہ ابر عشق ہی اسکو چکیدہ ہونا تھا

یقین تھا کہ وہ ملین کمال خوش ہوتے | کچھ اور چاک جگر کو دریدہ ہونا تھا

وہ آبلہ ہون نہ تھا جسکو نشتر بھی نصیب | درون قلب مین مجکو تپیدہ ہونا تھا

ترا جمال بتا مین کبھی کبھی احسان | غرض یہ تھی کہ مجھی برگزیدہ ہونا تھا

بہار صحبت رندانہ بھاتی اے واعظ | تجھے بھی عشق کا لذت چشیدہ ہونا تھا

۱۵	کھلے اب آنکھ تو کیا فائدہ نسیم افسوس نہ سمجھے زیر لحد آرسیدہ ہونا تھا	۶۵

لب بستگی سے لطف عروسی سخن مین تھا
مثل زبان کلام حجاب دہن مین تھا

جبتک کہ تھا خیال رہا دل مین یار کے
ظاہر ہوا تو مثل سخن انجمن مین تھا

مانند روزگار بدلتا رہا ہون رنگ
صحرا مین سبزہ تھا تو گل تر چمن مین تھا

مثل رقیب روح کو اوس سے خلش رہی
جبتک کہ درد میری حجاب بدن مین تھا

اے اضطراب شوق تری عمر ہو دراز
راحت سفر مین ہے تحمل وطن مین تھا

بیہوشیان نصیب ہین سامعین کو
کیف شراب ناب مری ہر سخن مین تھا

دن کو زبان خلق پہ ہوگا مرا مقام
وہ ذکر ہون جو شب کو تری انجمن مین تھا

ہرگز مرا فریب نہ ثابت ہوا اسے
دشنام ہی کی یاد مین تیری دہن مین تھا

دیکھا گیا جو لاشۂ عاشق تو بعد مرگ
اک ڈھیر استخوان کا حجاب کفن مین تھا

دل اوسکو جانتا ہی زبانسی مین کیا کہون
جو کچھ مزا فراق کی رنج و محن مین تھا

جلتا رہا ہون رشک عدو سی تمام رات
مین مثل شمع شب کو تری انجمن مین تھا

گر تھی حلب مین آئنہ رو کی تیری دھوم
شہرہ شمیم زلف کا ملک ختن مین تھا

بیوجہ اوسنی پانون نہین ہاتہ سی چہوے
او بت خیال اور دل برہمن مین تھا

کیون آتش غضب سی جلایا کہ باغبان
وہ دنکو آشیانۂ بلبل چمن مین تھا

۱۰	کیا سرگذشت دہر کی مجکو خبر نسیم مین تو خیال دلبر گل پیرہن مین تھا	۶۶

بعد از فراغ روح بھی قید عدو مین تھا
مین صورت نوا لحد کے گلے مین تھا

کیسا مزا ہمارے جگر کے لہو مین تھا
خنجر زبان نکالے ہوے آرزو مین تھا

ٹانکے ہمارے زخم جگر کے ادہیڑ گئے
بل مثل موی زلف جو تار رفو مین تھا

بادہ کوی عروس ہی ساقی کہ رات بہر ہر مست کی نظر سے حجاب سبو مین تہا
افسانہ میرا کیون نہ سراپا فریب ہو یہ مدعا وہی ہو تیرے گفتگو مین تہا
پیوند نالہ چاک دہن مین ضرور ہو آج انتہا کا ضعف صداشور ہو مین تہا
دشمن سے بہی ہمیشہ رہا مجکو اتحاد مانند دست یار میان عدو مین تہا
تہا گو کہ ایک نقطہ تہا ہزار شکر اتنی تو آبرو تہی کہ مین آبرو مین تہا
مطلب کی بات کہ نسکے انسے رات بہر معنی ہی منہ چہپای ہوی گفتگو مین تہا

۶۷ منظور تہی جو شہرت حسن سخن نسیم
مانند غنچہ پرورش رنگ و بو مین تہا ۷

کچہ خون مین تہ تیر نظر تہا کہ نہین تہا کیون جی مری سینے مین جگر تہا کہ نہین تہا
دو روز بہی بیٹہا نہ گیا آپسی گہر مین کیون جذب محبت مین اثر تہا کہ نہین تہا
دو بوسی تو دیتی جو ہو سکتی تہی بس پانچ آخر تمہین کچہ مد نظر تہا کہ نہین تہا
اسرار رحیہ ستم عاشق بیچارہ پہ بیجان کچہ بہی تمہین اللہ کا ڈر تہا کہ نہین تہا
کیون دیکہ لیا جاکے ہوی ابتو تسلی بیمار ترا شمع سحر تہا کہ نہین تہا
لو دیکہ چکے ابتو تشفی ہوی سے کہیے پیوند جگر تیر دوسرہ تہا کہ نہین تہا

۶۸ بہولی رہی کیون غفلت ہستی پہ نسیم آپ
آخر کبہی در پیش سفر تہا کہ نہین تہا ۹

لو مسلمان سمجہے وہ طفل برہمن سمجہا دوست نے خوبی تقدیر سی دشمن سمجہا
بیشتر مینے خس و خاک سی آنسو پوچہے اڑ کے جو چہرے پر آیا وہی دامن سمجہا
وقت گلگشت جو ہر دامن گل تر دیکہا آب شبنم عرق چہرہ گلشن سمجہا
منہ چہپاے ہوے سینے سے جو شعلہ نکلا مدعی شب کو چراغ تہ دامن سمجہا
ویسے آئی تہین جو بو مین ہوس مردہ کی رخنہ سینہ کو مین روزن مدفن سمجہا

عکس گیسو نظر آیا تو ڈرا یہ ظالم — آئنہ پھینک دیا ہاتہ مین ناگن سمجھا
مدتون خون سے مری پرورش خنجر کی — ہای اسپر بھی وہ قاتل مجھے دشمن سمجھا

۶۹ — جا بجا خون کے دہبے نظر آئی جو نسیم / گوشۂ دامن رنگین کو مین گلشن سمجھا — ۱۱

پیار سے دشمن کے وہ عالم ترا جاتا رہا — ایسے لب چوسے کہ بوسونکا مزا جاتا رہا
دل جو پہلو مین نہین کچہ مجکو بیہوشی سی ہی — ڈہونڈتا ہون یہ نہین معلوم کیا جاتا رہا
دم شب فرقت نہین نکلا تو ہنسی موت کی — ابتو تیرا بہی وہ احسان جفا جاتا رہا
اسقدر آنکہین ملین پانؤن پہ ہجوم شوق مین — پانؤ سے اوس شوخ کی رنگ حنا جاتا رہا
یہ تلافی کس لیے کچہ یاد وہ باتین کرو — مر گیا دشمن تو کیا میرا گلا جاتا رہا
کہہ کی تم کچہ رہ گئے سمجہون وہی کیا خاک مین — لفظ جب پورا نہ نکلا مدعا جاتا رہا
وہ نہ سمجہی میری بیتابی مین بہکی گفتگو — ہای عرض شوق سی بہی مدعا جاتا رہا
مجھسے وہ مین مونسی لپٹا ازدیاد شوق مین — یان لحاظ وضع وان پاس حیا جاتا رہا
تم رقیبونسی ملی ہنسنے بہی دل بہلا لیا — اب ہمارا آپکا وہ واسطا جاتا رہا
کیا گلا اسکا خلاف وضع دو تو ہو گئی — ضبط مجھسے تمسے انداز وفا جاتا رہا

۷۰ — عالم پیری مبارک یاد مدفن ہی نسیم / دلولے ٹہنڈی ہوی سب حوصلہ جاتا رہا — ۸

کب مین فارغ قید وحشت سی ہی لڑکپن مین رہا — پانؤ مین زنجیر پہنی طوق گردن مین رہا
دل پریشان تہا سو آنسو بہی پریشان ہو گئے — ایک قطرہ آنکہ مین تو ایک دامن مین رہا
آتے آتے تا گلو سوز نفس سی جل گیا — ایکدم بہی کوئی پیراہن نہین تن مین رہا
رنج ناحق فرق کب عصمت مین آیا آپکے — پردۂ نظارہ میرا چشم روزن مین رہا
گہٹتے گہٹتے تن ہی سان رشتہ باریک تہا — مدتون مسکن ہمارا چشم سوزن مین رہا

کی صفائی غیر سے لیکن کدورت کم نہین — بعد صیقل مور چہ ویسا ہی آہن مین رہا
کافر و دیندار ہم مشرب محبت مین ہوی — فرق کیا تسبیح و زنار برہمن مین رہا

۷۱	ابتدا مین راحت و امان ما در ہی نسیم انتہا کا پھر مزا آغوش مدفن مین ملا	۱۱

بنانے سے یہ مطلب ہمنے پایا — ستانے کے لیے ہمکو بنایا
بشکل اشک ہون با قدر و بیقدر — وہ گوہر ہون کہ کہو یا جسنے پایا
نہ طعنہ تہا نہ شکوہ تہا مرا نام — عجب ہی تیرے لب پر کیونکر آیا
سر شک چشم کوئے آبلہ تہا — جو نشتر نوک مژگان نے لگایا
وہ مشتاق شہادت تہا دم ذبح — گلے سے مجکو خنجر نے لگایا
نہ اوٹہا گر کے آنسو کی طرح سے — عدم کا لطف ہستی مین دکہایا
ہوا سرمہ ہی شاید حسن اغیار — جو ایسا تیرے آنکہون مین سمایا
مزا جوش محبت نے یہ بخشا — گلہ بہی شکر ہو کر لب پر آیا
ہوئی جہوٹی قسم کہائی جو منظور — خوشا قسمت مین اونکو یاد آیا
مگر واعظ بہی کوئی درد دل ہے — کہ بیٹہا آپ اور مجکو اوٹہایا

۷۲	نسیم اعدا سے شکوہ کیا پس از مرگ ہمین یارون نے مٹی مین ملایا	۲۰

کب یہان مین خلش غیر سے دل شاد آیا — ساتہ قالب کی مری سایہ ہمزاد آیا
حشر مین جبکہ دم پرسش بیداد آیا — آپ کو گنگ بنا کر وہ پری زاد آیا
صدمۂ قید تعلق جو مجہے یاد آیا — الف وصل کے مانند مین آزاد آیا
موج می جام و صراحی مین ٹہیری دم بہر — تیری آنکہون مین جو رہنی کا مزا یاد آیا
وہین زخم سے ہنس ہنس کی نکل جاہی گی جو — گدگدا نے کو گلو خنجر جلاد آیا

یہ غلط ہے کہ مرا ذکر کیا ہو تو نے
کوئی طعنہ تو نہ تھا ہین جو تجھی یاد آیا

ایک نی بھی نہ سنا روز جزا صد افسوس
شکوۂ یار جو سنکر مری فریاد آیا

دوست کیا تو نی تو دشمن بھی نہ چھوڑا اچھی طرح
اب وہ دہر کا نہ رہا ولمین کہ صیاد آیا

گلہ یار مین مصروف ہوئے ہین وحشین
کیا فلک پر بھی کوئی عالم ایجاد آیا

بل بے غفلت کہ رقیبونکی گلی سی کچھ کچھ
اپنی ہستی کا مجھی آج نشان یاد آیا

تھا خیال لب شیرین جو دم نزع مجھے
مینے سمجھا ملک الموت کو فرہاد آیا

روح قالب مین نہ ٹھہری کہ ہوا غیر کا دخل
رشک تھا جسم مین کیون نشتر فصاد آیا

مردہ و زندہ زمین بھی نہین باہر کوئی
ایک آغوش مین لیا مجمع اجساد آیا

خانہ زاد دل بیتاب ہی کچھ غیر نہین
نہ ڈرو لب پر اگر شکوۂ بیداد آیا

کردیا اوس نگہ مست نی تجکو غافل
آج آنکھون مین مرے خواب خداداد آیا

جب اٹھا ہی مری سینہ سو اڑنے کے لین
آسمان اوسکو سمجھتا ہی کہ ہمزاد آیا

صورت جام ہون آغوش کشادہ ہر وقت
دھیان رہتا ہی کہ اب کوئی پریزاد آیا

بدمزاجی نکر اسد رنجہ دم مرگ ای روح
تجہ مین بھی کیا اثر خاطر ناشاد آیا

ذبح کے وقت جو پیرھنی قاتل دیکھی
اپنے مرجانی پر احسان قضا یاد آیا

۱۹	نذر کیا دیجیی اوس قاتل عالم کو نسیم ایک سر تھا سو تہ خنجر جلاد آیا	۷۳

ہوئین جب بند آنکھین مجھ فرشتہ کا یقین آیا
ہوی بیدار ہم جب وقت خواب اولپسین آیا

اوٹھی شعلی درون سینہ سے تعظیم فرقت مین
سرشک دیدہ استقبال کو تا آستین آیا

تڑپ کر رات کاٹی ہی مگر افسوس ظالم
نہین آیا نہین آیا نہین آیا نہین آیا

وہ تھا محروم راحت مین جو مقبول ہمنشینا تھا
کہ ایذا ڈھونڈھنی کو جو کوئی آیا یہین آیا

ہرا یا کوئی مجھ سا بی زبان شاید زبانی مین
کہ ناصح سرزنش کرنیکو جب آیا یہین آیا

وہان تم گہر مین بیٹھے ہمنے توبہ کی محبت سے
مہین عصمت کا دہیان آیا ہمین ہیچ یاد دین آیا

ملا اعلی سی اعلی پست ملینی سے ہوا باہم
فلک پر روح جا پہنچی بدن زیر زمین آیا

نہ ڈالی آنکہ مینی اسقدر تیرا تصور تہا
فرشتہ موت کا سو طرح بنکر حسین آیا

کہانتک شکر ہو او صید افگن تیری احسانکا
کہ جو تیر نظر سینے تک آیا دلنشین آیا

ہوا گلزار ابراہیم دل آتش پرستون کا
بہار اپنی دکہانی کونسا خلوت نشین آیا

نہین تن جای آبادی یہ ویرانہ ہی او غافل
ہوا اک روز راہی اسکا نہین جب مکین آیا

خدا کی یاد تحفہ ہی جہانسے جانی والونکو
وہی کچہ لیگیا دولت جسیی کچہ پاس دین آیا

ادب او نالہ گستاخ لب آگے نہ بڑہ جانا
ٹہہر آہ شرر زا پاس اب عرش برین آیا

خبر اپنی نرکہی اورکا کیا حال بتلاتا
ہدف ہوکر گیا اوس کوچی مین جب نشانہ بین آیا

غرض کیا تشنۂ دیدار کو ہی اس ہلی بیاسے
اگر لب تک چہلکتا جام آب آتشین آیا

اذیت دوست سے ہر چند لیکن دل بہلتا ہے
سبب کیا ہی ابہی تک ناصح مشفق نہین آیا

پہر آئی فصل گل اٹہکہیلیان کرتی ہین دیوانے
ترقی پر ترا سودای زلف عنبرین آیا

کلام معترض کی جا سخن مین ہم نہین کہتی
گیا محروم ہوکر جب کوی یہان نکتہ چین آیا

۲۴	نسیم اک اور بہی رنگین غزل اس طرح مین کہیے کہ ابتک جوش مضمونکا طبیعت مین نہین آیا	۲۱

غرض کیا ہی ہی بہر ساقی جو وہ بیکش نہین آیا
پہپہولے ڈالنے کو دلمین آتشین آیا

فغان بی صدا فریاد نہان آہ پوشیدہ
اوٹہے دلسے جو تیرا ذکر چشم شرمگین آیا

دو رنگی ابلق ایام کے طرفہ تماشا ہے
جسے بالای زین دیکہا وہی زیر زمین آیا

حیات چند روزہ پر غرور اتنا نکر غافل
کہ مرغ روح اوڑکر آشیانتک پہر نہین آیا

ابہی سے فکر انجام مین آغاز پیری کے
کہ پہر افسوس ہی بیجا جو وقت واپسین آیا

بہت مدت مین یکہا آج تجکو یار دیرینہ
کہان تہا کسطرف سے ای دل اندوہگین آیا

یہ اہی روح سے منظور پردہ جسم خاکی کو
مگر کاشانہ دل مین کوئی خلوت نشین آیا

یہ رغبت ہے تری صید افگنی کی ہر طبیعت مین
کہ خود صیاد آہو کی ہی پہن کر پوستین آیا

اثر جذب محبت نی بڑی مدت مین دکھلایا
کہ جاتا تہا کہین وہ اور گہبرا کے یہین آیا

زمان فیج دل ہرگز نپایا اوسکی سینی مین
ہدف تیر نظر کا ہو کی جو آہوی چین آیا

ہمین تک وہ پری دیوانگی کی یادگار ہے
ہماری بعد صحرا مین نہ کوئی جانشین آیا

مقرر ظالمونکو بہی پسند آتا ہی جہک جانا
خم شمشیر قاتل دیکہہ کر ہمکو یقین آیا

ترا جلوہ وہ ہی قربان جسپر ہو نہ عالم مین
تمنا مین تیری دنیا مین یوسف سا حسین آیا

لحد مین آکے دم بہر بہی نہ ٹہرا ہی کسی کی
نہ کوئی دوست یان آیا نہ کوئی ہمنشین آیا

سبہی لینگے قیامت کو نظر اوسکی حسرت سے
لگایا جام ہی منہ سی بغل مین مہ جبین آیا

دعا سے تو نکی بر آئی اوڈیلی توبہ کی ساقی
غنیمت ہے سبو تک تیرا دست نازنین آیا

غنیمت جان مہلت زیست کی یہ چند روزہ ہے
کہ پہر فرصت کہان جب حکم رب العالمین آیا

کہی کس وقت مشق چاک مین کی دست وحشت نے
گریبان کونسا دن تہا جو دامن تک نہین آیا

وہ ہیبت ہے کہ جسپر آنکہ ڈالی روح گہبرائی
اجل مشتاق ہی قاتل کے آگی سہمگین آیا

یہ سچ ہی خلقت اصلی بنائی سی بگڑتی ہے
صفائی پہر کہان جب نام کی نیچی نگین آیا

۶۵	نسیم ایسی غزل لکہی کہ اسکی سن ہی پیدا ہے ہوی شرمندہ حاسد سنکر و نکو اب یقین آیا	۱۱

مجہکو احسان نظر یاد آیا
جب ترا ہو سے لمہ یاد آیا

جب نظر جانب خورشید گئی
جلوہ داغ جگر یاد آیا

بیکسی اپنی وہ روتا تیرا
مجہکو ہنگام سفر یاد آیا

کہینچ لائی کشش دل اونکو
بعد مدت یہ اثر یاد آیا

کیون لگادی ہی جہڑی برسات کی
کیا تجہے دیدہ تر یاد آیا

خلد مین جا کے نہ ٹھیرا دم بھر + اپنا ٹوٹا ہوا گھر یاد آیا
بوسہ مانگا تو کہا شرما کر تھا فراموش مگر یاد آیا
کیا قیامت ہے یہ جلدی تیرے بات تک کی نہین گھر یاد آیا
دل ہوا چاک کتان کی صورت پھر کوئے رشک قمر یاد آیا
ہمسے رخصت طلبی کا باعث + کیا کسے اور کا گھر یاد آیا

٧٦	برہی پھر نظر آئی ہی نسیم طرۂ زلف دوسر یاد آیا	١٢

پریونکا پس و پیش جو ساماں نظر آیا تابوت مرا تخت سلیمان نظر آیا
سمجھا مین اوسے عاشق دیوانہ ترا جو کوئی یہان چاک گریبان نظر آیا
بے قید کیا جسم کو احسان جنون نے دامن نظر آیا نہ گریبان نظر آیا
ہے گلشن ایجاد بہار نفس چند مہمان دو روزہ یہ گلستان نظر آیا
دیکھا نہ کہین در نہ کہین صلوت دیوار گھر اپنا مجھے صحن بیابان نظر آیا
افزائش وحشت سے رہا حال پریشان جب آنکھ کھلی مجھکو بیابان نظر آیا
تھا پرورش طفل مین آرام بہی لازم ہر اشک تہ سایۂ مژگان نظر آیا
پایا دل آشفتہ کو گیسو مین تمہاری پہلو مین پریشان کی پریشان نظر آیا
کیا سلسلۂ دہر بہی ہی طرۂ گیسو + جو دل نظر آیا سو پریشان نظر آیا
ٹپکا جو مری آنکھ سے خون دل مجروح ہم رنگ چمن گوشۂ دامان نظر آیا
انجام محبت کو جو سوچا ستم ایجاد کچھ میری طرح وہ بہی پشیمان نظر آیا

٧٧	افسوس نسیم جگر افگار محبت پھر زلف کی مانند پریشان نظر آیا	٧

رخ پر جو ترے سایۂ گیسو نظر آیا خورشید تہ سلسلۂ مو نظر آیا

ظلمت مین مجھے نور کا پہلو نظر آیا
رخسار چراغ شب گیسو نظر آیا

قربان اجل تھا کبھی جلاد کے صدقے
ای یار جدھر آنکھ پڑے تو نظر آیا

میزان عدالت ہین مرے دیدۂ پرآب
ہم وزن ہر آنسو کا ہر آنسو نظر آیا

سمجھا ہین ہم بدر و ہلال ای فلک حسن
رخ پر جو تمھارے خم ابرو نظر آیا

قاتل ادب فرج سکھایا کیا ہر روز
برسون مرا سینہ تہ زانو نظر آیا

سرمی کا جو دنبالہ تری آنکھ مین دیکھا
اک ناوک پران پس آہو نظر آیا

۷۸	وله	۷

گلی مین بحث کی اونکا بھی کچھ قصہ نکل آیا
ہوی تھی صلح کس مشکل سی پھر جھگڑا نکل آیا

مین اپنی شوخی کی صدقی کہ دیکھا آج تم کو
بھرا غصے مین گھر سی شوخ بی پردا نکل آیا

ندامت جو ہوی ان گالیان افسانہ گو کو
وہ سنتی تھی کہانی ذکر کچھ میرا نکل آیا

کسیکا گھر نہین یہ تو گلی ہی سچ او ظالم
گھر کتا کس لیی ہے ہوا اگر اسجا نکل آیا

مری تقدیر بدلی ضعف سی آواز کیا بدلے
وہ اپنی دلمین دشمن کے صدا سمجھا نکل آیا

جو سچ پوچھو تو صدقے مین تمھارے عکس عارض کے
کنول پھولے دلونکی رنگ غنچونکا نکل آیا

۷۹	نسیم اونکو جو اپنا جذب خاطر اسطرف لایا گلے مل کی روی حوصلہ دلکا نکل آیا	۱۲

قلق سے دم لبون پر خواہش دیدار مین آیا
وہ آیا بھی تو چھپکر پردۂ اسرار مین آیا

رقیبونکو جلایا آئنہ کی دید بازی نے
دل عاشق نئی صورت سے بزم یار مین آیا

سواد حسن گلشن کم نہین تحریر رنگین سی
صحیفہ موسم گل کا خط گلزار مین آیا

برابر عاشق و معشوق کو رکھا مقدر نے
وہ ملک حسن مین ہم عشق کی سرکار مین آیا

ہمارا بھی خدا ہی زاہد و اتنا نہ اتراؤ
وہ کافر ہی جسے بھی شک رحمت غفار مین آیا

مجھے حیرت ہی حالت دیکھ کر شیخ و برہمن کے
کہ ہر تار فریب سبحہ و زنار مین آیا

بہت مشکل ہے رہنا پاکدامن لوث دنیا سے — الجھ کر رہگیا جو وادی پرخار مین آیا
برہمن پر کو راہی ہوا اور شیخ کعبی کو — نکل کر اس دوراہی سی مین کوی یان آیا
خط شبرنگ نی آکر مٹائی حسن کی قیمت — خبر پہنچی کہ بال آئینۂ رخسار مین آیا
برا ہی جان جان دل توڑنا امیدوارونکا — خلاف وضع ہی گر فرق کچھ اقرار مین آیا
نہین کرتے تمیز نیک و بد کچھ رند بد مشرب — بنی گا محتسب گر صحبت میخوار مین آیا
گرے جاتی ہین شمشاد و صنوبر فرط غیرت سے — الٰہی کونسا سرو روان گلزار مین آیا

۸۰	ولہ	۱۵

بہلا کیا خاک زیر خاک پایا — گریبان کفن تک چاک پایا
ملا کیا اور رونے سے مگر اشک — حباب دیدۂ نمناک پایا
مزا بخشا تری صید افگنی نے — کہ مر کر گوشۂ فتراک پایا
کھلی گر آنکھ بھی تو کچھ نہ دیکھا — کہ سر پر سایۂ افلاک پایا
دم خلقت جو ہستی پر نظر کی — بشر کو ایک مشت خاک پایا
لیا بوسہ تو فرمایا بگڑ کر — نہایت آپ کو چالاک پایا
زمانے مین زبان یار تھا مین — کہ جب پایا تجھے بیباک پایا
کہان خونریز عالم اور ایسا — غنیمت تجھکو او سفاک پایا
نتھا کچھ زلف بن سودا جنون مین — جو یون ہر تار دامن چاک پایا
دل ناخن زدہ کیونکر نہ چمکے — کہ اسنے جلوۂ حکاک پایا
دم مستی نہالان چمن کو — بہت تاکا تو نخل تاک پایا
ٹھہراسے حسرت دل اور تجھکو — انیس خاطر غمناک پایا
اثر زا تھا وہ حال وحشت دل — قلم کے بھی جگر کو چاک پایا
وہ گرمی تھی تب سوز نہان ہی — ہما نے استخوان کو خاک پایا

١٤	محبت مین نسیم دہلوی کو غلام سرور لولاک پایا	٨١

یقین کو اپنی عاشق نے ہمیشہ بے خلل پایا — تصور جب ہوا صادق تجہی زیر بغل پایا
مقام ناز کیا ہی سینہ عاشق مین آنی نہ — جناب عشق نی ٹوٹا ہوا دل کا محل پایا
فراغت کب میسر آتی روحونکی کشاکش سے — نہین خالی مشقت سی کبہی سے اجل پایا
نہ غم ہی رنج اوٹہانیکا نہ کٹہکا ہی جگانیکا — نہایت بی تردد آنکہ نی خواب اجل پایا
وہ طفلی سی جا نہین سکتے جو قربان ہوتی ہین — تمہاری مردم دیدہ کو بیمار ازل پایا
نہین ہوتے وہ سینے جنکو قسمت پیچ دیتی ہی — ہمیشہ طرہ ہی لف مین شانی نی بل پایا
اسیکے مہربانی سی یہ تکلیفین اوٹہاتی ہین — دل مضطر کو ہم نے دشمن زیر بغل پایا
پسند طبع ہوتا ہی جو معشوقونکو مرجانا — ہمیشہ روح کو عاشق کی مشتاق اجل پایا
حقیقت مین پسند طبع صانع بی لباس تہے — کہ جان نے تن کو تن نی جان عریان ازل پایا
سفر صحبت ناجنس سی توقیر گہٹتی ہے — ملے جب نقرہ و مس رشتہ سیم دغل پایا
خدا کی راہ مین مرنا حیات جاودانی ہی — فنا ہو کر بقا کی لطف کو نعم البدل پایا
نہین خالی رہیگا کوئی آسیب زمانہ سے — کسیکو آج حاصل ہی کسینے رہ کی کل پایا
الٰہی روز سو جائی یہ ہین وہ فتنہ عالم — مزا ہو سونکا ہم نے آج نی رد و بدل پایا

١٦	نسیم اطراف مضمون کسقدر سرسبز ہین دیکہو زمین شعر مین جیس روز سے ہمنی عمل پایا	٨٢

جہانمین نقص پر پیسے مفر ظالم نی کم پایا — کہ پشت تیغ قاتل کو ہمیشہ ہم نے خم پایا
مکان ہو تو مکین ہوتی ہین از خود غیب سے پیدا — کہ چشم مردہ کو ہی منزل خواب عدم پایا
بشر کا ایک صورت پر ارادہ رہ نہین سکتا — کبہی دیکہا دل ممسک کبہی ابر کرم پایا
کبہی دیکہی نہ ہرگز اشک ریزی کی ترقی نی — مرے آنکہونکو دامن نی سدا ابر کرم پایا

نہین ممکن جدائی رات دن دونکی تسلسل مین
بشکل عاشق و معشوق دونونکو بہم پایا

کہلا اوج زمین کا حال ہمکو بعد مرنیکے
اوسے بالا ہی سے دیکہا جسے زیر قدم پایا

رہا ترک ادب کا پاس مجکو اسقدر باقی
مین دوڑا سر پہ لینی کو جسے تیر ستم پایا

بشر سے قالب آہن زیادہ عمر رکہتا ہی
ہمیشہ سینہ شمشیر قاتل کو دودم پایا

ہزار ونتین کین بر خلاف اوسکی نہین دیکہا
تمہاری ہٹ کو بہی ایجان جان ہمنی قسم پایا

جہان سینی مین دل ہی آرزو بہی ساتھ ہی اوسکے
ہمیشہ دو لبونکی طرح دونو کو بہم پایا

جہکا دیتی ہی حاجت بیشتر عالی مزاجون کو
سدا اپنی سر مضمونکو پابوس قلم پایا

نکل جائینگے دلمین حوصلے جو جو کہ آئینگے
کہ گردش کو مری مضمون کی میدان قلم پایا

تصور میرا جیسے ہر طرح قسمت سے بہتر ہی
کہ جب مینی اسے دیکہا ہم آغوش صنم پایا

فراموشی ہوئی غالب سے اپنی روح کو حاصل
ہجوم خواب کو بہی ہمنی سامان عدم پایا

تصدق جائیے سو طرح تقدیر عاشق کے
ملی راحت نہ دنیا مین نہ آرام عدم پایا

۸۳	نسیم اشک کی جا ہی لحاظ انکار کا ٹوٹا ملی ہمکو اجازت لطف پہلوی صنم پایا	۶

مقام شکر ہی جلاد سے گر زخم تن پایا
نہ مدفن ہی ہستی کے لیی ہمنی دہن پایا

نہ خوش آیا ہمین کچھ اس دل افسردہ کی باعث
نہ راحت وغربت مین دیکہی لطف فراچمن پایا

بشکل شمع ساری رات رو رو کر بسر کی ہی
یہی اس عالم فانی مین لطف انجمن پایا

پریشانی مین کاٹی عمر جبتک دم رہا باقی
نہ کچھ لطف سفر دیکہا نہ راحت سے وطن پایا

ہوئی بخشش جو قسام ازل کی مہربانی سے
تو روح ناتوان نے اپنے خاکی پیرہن پایا

۸۴	نسیم اب تک وہی خم دم مین پیری مین جوانی کا کسی دن بہی ہمنی تم تمہارا بانکپن پایا	۷

افتادگی نے اور ہی عالم دکہا دیا
نقش قدم سمجھ کے ہر اک نے مٹا دیا

پرور دا سقدر تہی مری داستان غم
دریا بہا دیا جسے قصہ سنا دیا

احسان بڑا یہ تو نی کیا ہم پہ اے صبا
اک مشت خاک تہی سو وہی بہی اڑا دیا

سمجہا وہ کہیل کار قضا و مسیح کو
مارا جو چشم سے تو لبو نسے جلا دیا

ہین عندلیب نالہ کی زورون پہ چہچہے
داغون نے بوستان مرا سینہ بنا دیا

یہ حسن تہا کہ آنکہ ہماری جہپک گئی
پردہ پڑا جو یار نے پردہ اوٹہا دیا

۸۵

گم گشتگی نصیب کے دیکہو تو اے نسیم
قاتل نے یاد کر کے مجہی پہر بہولا دیا

۱۵

دل کسی مشتاق کا ٹہنڈا کیا
خوب کیا آپ نے اچہا کیا

آج حیا آنکہ کی کچہ اور ہے
چاہنے والا کوئی پیدا کیا

ہای رے پیمان شکنی کی مزے
جب ہین گیا وعدۂ فردا کیا

کچہ تو کسینے انہین سمجہا دیا
ہم جو گئے آج تو پردا کیا

گو کہ نہ تہا میری طرف منہ مگر
ترچہی نگاہو نسے وہ دیکہا کیا

آہ کے تقصیر نہین ہے مگر
بے اثری نے مجہے رسوا کیا

کہہ کے لے آتی ہین تہین ہوشیار
یہ نہ کیا ہمنے تو پہر کیا کیا

ہمت کے صدقے کہ یہ کہتی تہی وہ
آج نہ اوسنے کوئی پہیرا کیا

آپکی احسان کی تعریف ہے
مینے اگر شکوۂ اعدا کیا

نام میرا سنتے ہی شرما گئے
تمنے تو خود آپ کو رسوا کیا

قدر میری تمنے نہ کی ورنہ مین
کیا کہون کیا آپ کو سمجہا کیا

مینے تو ایجان جہان جان دی
تمنے ادا حق وفا کیا کیا

پہر وہ نہائے عرق شرم مین
کسنے مری عشق کا چرچا کیا

ہین دل صد چاک کا کہتا تہا حال
شانہ عبث زلف سے اولجہا کیا

۸۶	اوسکی نظر مین ہوا اسلکا نسیم مجھسے مرے شوق نے یہ کیا کیا	۱۷

شکایت سے غرض کیا مدعا کیا
نہین تو دوست دشمن کا گلا کیا

نہ آیا نامہ بر گھبرا رہا ہون
نہین معلوم کیا گذری ہوا کیا

بہت اچھی نہایت خوب گذری
اجی آفت زدونکا پوچھنا کیا

ندو مجھکو مبارک باد بےسود
بُری تقدیر والونکا بھلا کیا

یہ کیون چتون پھری کیون آنکھ بدلی
بھلا مینے قصور ایسا کیا کیا

کبھی اوس کوچے مین ٹھیریگی مری خاک
نہوگا کوئی احسان ہوا کیا

امید اوس سے غلط سمجھا یہ دل
ستمگر سے تمناے وفا کیا

بڑھا کر ہاتھ لین اونکو یہ مشکل
نصیب ایسے مبارک پھر دعا کیا

نہ گھبراؤ اجی کروٹ نہ بدلو
ارادے ہین ابھی خاطر مین کیا کیا

یہ کبتک پارسائی عاشقونسے
محبت ہی تو پھر ہمسے حیا کیا

جگہ پانی ہے صد سو نسے لہو دل
مرے سینے مین اوظالم رہا کیا

کیا ہوتا کوئی احسان تو ظالم
کرینگے شکر تیرا ہم ادا کیا

نہین ممکن کہ تجھکو رحم آئے
وہ ہیچ کیا اور میرے التجا کیا

معاذ اللہ گرہے نوجوانی
رہوگے عمر بھر تم پارسا کیا

کہان ہی درد دل مین جو کہا ہی
مزا دیگا ہمارا ماجرا کیا

کسے دیکھا کہ بھولا آپ کو بھی
تعجب ہی یہ مجھکو ہوگیا کیا

۸۷	نسیم آؤ ذرا تم بھی سنو تو یہ چرچا ہو رہا ہے جابجا کیا	۹

رحم سو ئے خاطر ناشاد کیا
مہربان بھولے ہوؤن کی یاد کیا

کب وہ آتی تھے کہ مین راضی ہوا	مٔنہ دکھائے گی مجھے فریاد کیا
راحتین ہونگی نصیب دشمنان	مجھپر احسان مبارک یاد کیا
کس ستم سے تیرے پھیرا ہمنے مٔنہ	کہ رہا ہے او ستم ایجاد کیا
قتل ہی کرتا نہین اتنا تو کہ	آرزو ہے تجکو او جلاد کیا
چاہتے تھے جنکو اونکی لو خبر	پھر رہے ہو اپنی گھر مین شاد کیا
ہاے وہ حسرت جو میری دل مین ہی	اوسکی پرسش او ستم ایجاد کیا
یہ وہ لذت ہے کہ جو آئے نہ یاد	بھول جائینگے تری بیداد کیا

٨٨	لکھا بطرز خود غزل کو ہی نسیم امتحان خاطر آزاد کیا	٧

وہ نہین تمکو نہ ہوگے یاد کیا	ایسے ملنے کی مبارک باد کیا
کچھ اثر مجھ مین نہ میری شور مین	ہاے مین کیا اور میری فریاد کیا
بندہ پرور یہ بناوٹ تو معاف	تم بھلا مجکو کروگے شاد کیا
مین ابھی راضی نہین ہان اور بھی	کچھ نئی کہاتین نہین ہین یاد کیا
دل دھڑکتا ہی تامل سے تری	سوچتا ہی جی مین او جلاد کیا
چاٹتا تھا تیغ خون آلود کو	تھا حریص لذت بیداد کیا

٨٩	فلک بے پہلو سے حاصل کیا نسیم ہو گئے اس مضمون سے خاطر شاد کیا	١٩

ای مرگ دیکھتی ہی انھین بار بار کیا	سینے کے زخم بھی ہین شگاف مزار کیا
بدلو جو رنگ روٹھیطرح اختیار کیا	ای جان امید وعدہ بی اعتبار کیا
اس وصل مین فراق فلک بھی نکر سکا	لپٹے ہوئے ہین ہم لیل و نہار کیا
آنکھین کھلی ہوی ہین جھپکتی نہین پلک	تکلیف نزع بھی ہی شب انتظار کیا

بھری ہو تم بھی ناصح نافہم کیطرح
جو پوچھتا ہون پوچھتے ہو بار بار کیا

مانے نہ مانے مرگ سہی کیونکر کرون سوال
جسطرح ترا دل کہ مجھے اختیار کیا

کب ہی فریب راحت دشمن پر اعتماد
تلوے کھجای گی خلش نوک خار کیا

رکھتی ہے مثل روح جو آغوش میں خراش
معشوق آبلہ ہی کوی نوک خار کیا

سائل ہون ایک بوسہ کا دو چار کا نہین
مین طول مدعا مین کرون اختصار کیا

انجام دیکھتی نہین آغاز کے سوا
ہے طول زلف رحمت پروردگار کیا

بیتاب ہو سکے نازاو ٹھاتی ہین رات بھر
تہا جوش شوق جلوۂ دیدار یار کیا

ہنگام وصل یار بھی یہ بھولتا نہین
داغ فراق ہے ستم روزگار کیا

قاتل نے بعد ذبح کی آنکھین نکال لین
دیکھین گی شکل راحت خواب مزار کیا

مانند بوسہ چاہ رلبو مین نہان ہین
پوشیدگی ہو میری بھلا آشکار کیا

نیلی سے دیدے اک کفنی دودآہ کی
اے روح پوشش بدن سوگوار کیا

چکر مین ہی نصیب تو گردش مین آرزو
ہمدور آسمان ہی مرا روزگار کیا

جھگڑے مین ہون کشاکش انفاس کیطرح
کم ہوسکے گا مشغلۂ انتشار کیا

مانند روح قید تعلق سے عار ہے
جب جسم ہی نہین تو نشان مزار کیا

۹۰	بدلا ہوا ہی رنگ مزاج اندنون نسیم دیکھین جہانکا گلشن ناپایدار کیا	۱۷

قالب ہوا خراب ترے غائبانہ کیا
او مرغ روح بھول گیا آشیانہ کیا

مجنون کی سرگذشت نہایت عجیب ہی
اید وست نے اثر تہا ہمارا فسانہ کیا

شب کیا ہوئی جہان مین اندہیر ہوگیا
بدلا ہی ایک رنگ مین رنگ زمانہ کیا

یاران غمگسار بہت جلد اوٹھ گئے
کیا ہوگئے وہ لوگ ہوا وہ زمانہ کیا

مانع ہوی حنای قدم گل خرام کی
دیکھین تو آج یار کرے گا بہانہ کیا

دو دن کے شور ہیں تری حسن ملیح کی
اے دوست یہ رہی گا ہمیشہ زمانہ کیا

آغاز گفتگو ہی سے ہین بدگمانیاں
سمجھا ہی کوی دوست انہین دوستانہ کیا

یہ بے کہے کہا تا ہی چالاکیوں نکے زور
رہوار عمر کو خلش تازیانہ کیا

ثابت ہوا کہ عالم ہستی ہی بی ثبات
کھینچے گا پھر عدم کیطرف آب و دانہ کیا

زلفونکی ہی ہوس ہی محبت سی خال کے
لائی گا اپنے دام مین ہمکو دیوانہ کیا

منظور جبہ سائی عاشق نہین تجھے
خالی پڑا رہی گا یون ہی آستانہ کیا

مقتل ہین ہے اجازت جاروب بعد قتل
قاتل بگر پڑھے گا نماز دوگانہ کیا

عاشق کا دل نہ دیکھ کہ جاتی رہین حواس
نظارہ سوی سینہ صدچاک شانہ کیا

رویا یہ آسمان کہ ہی تر دامن زمین
مطرب نی میرے حال کا گایا ترانہ کیا

دیکھا ادھر کو تو نے پڑا تیر ناز ادھر
استاد رخ بدل کے اڑایا نشانہ کیا

خط ناتمام سائل رخصت ہے مرغ روح
قاصد سی پہلی ہو گا ہی خود روانہ کیا

١٥	کیا تاب مدعی جو زباں تک بلا سکے لکھی تبسم نے غزل عاشقانہ کیا	٩١

وہ نمانینگے اچھا انکو سمجھائینگے کیا
پہلے ہی قسمت سے ٹھہری ہی ٹھہرائینگے کیا

وای قسمت کہ رہی ہین وہ رستے دیکھکر
کس لیے تکلیف کی ہی آپ فرمائینگے کیا

دیکھ لے تاثیر اونکی ہی فراق یار مین
نالی خود دشمن رہ ہین تک مری آئینگے کیا

غیر ممکن ہے کہ پھر آرام ہی سوتین حریص
ہاتھ تو کچھا نہین ہے پانو پھیلائینگے کیا

اونکے پیر چھری سی کٹ جاتا ہون جنکو ہو لحاظ
منہ تو دکھلاتی نہین آنکھین وہ دکھلائینگے کیا

آپکو فرصت ملی رسوائیون سی یحال
اور سی طرح سی عاشق نہ ہو جائینگے کیا

کب تعجب ہی وہ آئین لاش عاشق دیکھنی
ہنسنے مانا جان ہی کھوئی تو پھر پائینگے کیا

بعد مرنے کے رہین گے داغ سینہ جلوہ گر
گلشن تصویر میں ہین پھول مرجھائینگے کیا

سر بکف پھرتی ہین بہت سی امید مرگ مین
کھینچ کر تیغ دو دم ہمکو وہ بہکا تینگے کیا

یہ ادا یہ ناز یہ شوخی کہانسے پائین گے
حور و غلمان و پری مجکو بہلا بہا تینگے کیا

رہ گئی ہین لوٹ کر شانی ہین گیسو کی جو بال
افعی مردہ ہین لپٹی دوست اہر اتینگے کیا

جھوٹے وعدے کا ارادہ دلمین آیا شاید آج
کیون بلایا ہی مجھے سر کی قسم کہا تینگے کیا

کسطرح بہلا ئین گے مجکو یقین آتا نہین
حور و غلمان بھی تمہاری شکل بن جا تینگے کیا

گھورتا ہی یہ او نہین وصل کرتا ہی دھر
دیدہ و دل میری مجکو پا بین سنبھا لینگے کیا

۹۲	یہ غلط ہی حشر کو پردہ کرینگے آپ تسلیم عاشقوں کو دید سے بہی اپنی ترسا ئینگے کیا	۹

اضطراب دل مرا آخر مزا دکھلا گیا
اپنی بیتابی کی مین صدقے وہ سی رحم آگیا

ہای قسمت منتون سے میری راضی تھی مگر
کچھ لحاظ پاک دامانی اونہین بھا گیا

دیکھا خنجر بکف مجکو امید مرگ مین
ہنسکے فرمانی لگے مرنا تجھی بھی آگیا

کیا کہون تیغ کی دی کس نے بھی شوق مین
تیری صورت بن کی جو آیا تجھی ترسا گیا

دی کی حکم قتل میری لاش پر رونے لگا
ذی مروت تھا نہایت درد الفت آگیا

کی صبا نے کوئی گستاخی مقرر زلف سے
سامنی آنکھونکے اک وحشت سا چھا گیا

تو نے اتنا بھی نپوچھا کی سبب یا تیری کیون
ابر تو تنکا پر گریہ روز منہ پر سا گیا

ایک بوسہ بھی نہین اچھی طرح لینے دیا
بوسے لے جھنجلا کر اجی بس ہم مر آلبر گیا

۹۳	دیکھیے عمر دو روزہ مین ہو کیا صورت نسیم ایک ہی الفتی مین غم سارا کلیجا کھا گیا	۷

خندہ کیون لب پر تری او مجھ بید آ گیا
کیا تجھی کوئی ستم بہولا ہوا یاد آگیا

شوخی تقدیر بد پر ناز کرنا چاہیے
سو ہی گل دیکھا نہ تھا ہم نے کہ صیاد آگیا

وصل کی شب تا سحر بھی تبسم ہی لیے
ہجر مین منہ چومنی کو جوش فریاد آگیا

دی صبا رکبادآزادی اسیرونکو اجل — پانوسے زنجیر نکلے سر پہ جلاد آگیا
رک گیا ساقی کا جی رندونکے پہری ہین اوس — دیکہہ تو محفل مین تیری کون ناشاد آگیا
ہای بہیجا ہی رقیبونکو عیادت کیلیے — ہمکو تیری رحم مین بہی لطف بیداد آگیا

۹۴ — دید کی قابل ہی اوسکی نا امیدی اے نسیم
ہاے وہ طایر جو زیر دام صیاد آگیا — ۱۴

زخم بالیدہ ہوے داغونپہ جوبن آگیا — پرورش پا یا گیا جو زیر دامن آگیا
دوری امید آخر کہینچ لائی متصل — دشنۂ قاتل قریب خطِ گردن آگیا
اشک خون آلودہ سے ہی پیرہن بلبل فریب — اور ہی رنگینیونپر اب تو دامن آگیا
کو نسا یہ خاکسار آتا ہی دیکہو اوشہسوار — اک بگولا سا قریب گرد توسن آگیا
دست وحشت نے مٹادی آج دونونکی خلش — کچہ گریبان جہک گیا کچہ پاس دامن آگیا
شورش بر خیز محشر نے جگا یا تہا مگر — میری آنکہونکو بحفاظ خواب مدفن آگیا
بہہ گیا دل خون ہوکر رہگیا در فراق — دوست کے بدلی مری پہلو مین دشمن آگیا
توڑکر تسبیح میل رشتۂ زنار سے — بعد مدت یاد اک طفل برہمن آگیا
دشمنونکی پردہ پوشی کی ہوائی شوق نے — گرد نونمین خار کے پیراہن تن آگیا
آتش داغ تمنا پرورش کرنے لگی — مثل اخگر دل تہ دامان گلخن آگیا
باغ عالم مین بشکل بلبل تصویر ہون — کچہ غرض رکہتا نہین گرسوی گلشن آگیا
صورت سوزن بنا کر بخیہ گر کی ہاتہہ مین — بوسۂ چاک جگر لینے کو آہن آگیا
اے فلک شاید گمان خندہ ابرو ہی ہوا — جو لب ہر زخم زیر نشق سوزن آگیا

۹۵ — آج راحت پا گئے احسان اہل سے اے نسیم
فاتحہ پڑہنے لحد پر یار بدظن آگیا — ۱۰

گیا آج جلاد تیز نشتر کام کر گیا — اُف تک نہ کر سکے کہ جگر سے گذر گیا

جوش سرشک دیدۂ تر مین کہی کہان — دریا یہ وہ نہین کہ چڑہا اور اوتر گیا

اللہ ری سیاہی شام شب فراق — مجہسا امیدوار اجل صاف ڈر گیا

روز جزا ہی پاس رضا آگیا مجہے — منکر ہوی وہ قتل سی مین ہی مکر گیا

چلا رہا ہون یاد دل گم شدہ مین مین — ای میرے لاڈلی میری پیارے کدہر گیا

جا گو غنودگان اجل خواب تا کجا — تا جیب طول چاک قبای سحر گیا

اللہ رے کرشمہ تیغ ادای یار — کوئی ذبیح کوئی طپان کوئی مر گیا

اب دست احتیاج اوٹہانی ہی فایدہ — برسون گذر چکے کہ دعا سے اثر گیا

تنگی نے اعتقاد دہن دل سے کہو دیا — افراط نازکی سے گمان کمر گیا

۱۵	سمجہا مذاق شعر ہمارا وہی نسیم طی جو کہ راہ منزل ادراک کر گیا	۹۶

کس منہ سے کہتی ہو کہ ترا وقت ٹل گیا — کچہ آپکا مزاج نہ تہا جو بدل گیا

خالق کو تہی پسند جو برگشتگی مری — پتلا ہزار بار بنا اور بدل گیا

اب جا ہی خون وہان جراحت مین پیپ ہے — کیا انقلاب ہے کہ لہو تک بدل گیا

مانند طفل اشک ہون ابتر سرشت مین — پیدا ہی ہوتی آنکہ سے باہر نکل گیا

انجام عمر سے بڑہی کیا کیا خمیدگی — دن کم رہا تو سایۂ دیوار ڈہل گیا

اللہ ری بیکسی کہ یہ نوبت ہی آج کل — ارمان تک ہی دل سے ہمارے نکل گیا

پہنچی سنائی یار نے آ کے ہلال عید — ملنے کو جہک کی مین جو قریب بغل گیا

ہان التفات یار سے بیمار جان بلب — اچہا تو کیا ہوا ہی مگر کچہ سنبہل گیا

بوسے نسے غیر کی لب شیرین ہوی ہین تلخ — بگڑی وہ چاشنی وہ قوام عسل گیا

کب برہمی کی شکل نہ پیش نظر رہی — کس روز تیرے طرۂ گیسو ہی بل گیا

ممکن نہین کہ راست کبہی کج مزاج ہو — اس چرخ پیر کا نہ جوانو سے بل گیا

پھر کہہ دیا کچھ اوس بت وعدہ خلاف نے
پھر کچھ دنون مریض محبت سنبھل گیا

تھا خوف اسقدر ہمین روزگار سے
جب کوئی گل ہنسا تو مرا جی دہل گیا

صیاد ساتھ ہی چمن کائنات مین ٭
قسمت تو کیا کرینگے اگر دل بہل گیا

٩٧	مدت کے بعد ربط سخن پھر بڑھا نسیم مضمون کی تازگی سی ذرا دل بہل گیا	١١

ٹھہرے اوکھڑ کے سانس کا وقت ٹل گیا
منت کچھ اور مانت کہ مین پھر سنبھل گیا

ستانے کی راستی یہ بھی کیا متاہی گی
ہم بندگی کرینگے جو زلفوں سے بل گیا

دوڑو خدا کیواسطے دیکھو تو کیا ہوا
کہتا ہی کوئی ہای کلیجا نکل گیا

کیون لای دوست اسکو عیادت کیواسطے
دیکھا جو میرے زخم جگر کو دہل گیا

موقوف کر لگائیگا پھاہی کہان کہان
اے چارہ گر تمام کلیجا ہی بہل گیا

چھوٹے تسلیون کی توقع گذر گئی
جلد آ ترے مریض کا منکا ہی ڈھل گیا

افسوس کر رہا ہی وہ پہچانتا نہین
اس حال پر نثار مین ایسا بدل گیا

توبہ تو ہی بلا سی جو ویسا نہین ہے ہل
زاہد بشکل شیشہ سے کیون اُبل گیا

افسوس ہم جہان سے بے آرزو چلے
لو وہ بھی آکے خود کف افسوس مل گیا

دیکھا جو اسکو آنکھ جھپکی کچھ نکہہ سکا
واعظ کا بھی قدم نہ سنبھالو پھسل گیا

٩٨	ساماں سفر کی ساتھ ہین ہر وقت اے نسیم کیا خاک اس جہان مین مرا جی بہل گیا	١٢

ہیبت سے مرغ روح بدن سے نکل گیا
تیر نگاہ جب کوئی سن سے نکل گیا

تکلیف ہو نہ بازو قاتل کو اسلیے
اک ایک استخوان مری تن سی نکل گیا

کیا تنگ گور کہن دل بیتاب ہی رہے
تڑپا مین جب مزار کہن سی نکل گیا

کیا کیا نہ دود آہ کی کہین سر بلندیان
ایسا بڑھا کہ چرخ کہن سے نکل گیا

اللہ رے سوز ہاتھ ابھی تک بندہی تھے
شعلہ بھڑک کے تارِ رسن سی نکل گیا

بخشی درازیِ دستِ وحشت نے مخلصی
لاشہ مرا حجاب کفن سے نکل گیا

اب جای حسن سبزۂ نوخیز سے ہے نمود
آبِ حیات چاہِ ذقن سے نکل گیا

لاشہ مرا لحد سے ہوا جا کے ہمکنار
دولہا کا اشتیاق دولہن سی نکل گیا

مضمون آبدار نے جنبش لبونکو دی
گوہر سخن کا دُرجِ دہن سے نکل گیا

تن کاہشِ فراق سے مثلِ خیال تھا
گذرا لحد سی صاف کفن سے نکل گیا

پائی نہ قدر سیری بھی قد سے کے روبرو
بل راستی کا سروِ چمن سے نکل گیا

اصلاح کی یہ نکہت گیسوی یار نے
سودا دماغِ مشکِ ختن سی نکل گیا

رخ جلوہ گر ہوا شبِ زلفِ سیاہ ہی
مدت کی بعد چاند گہن سے نکل گیا

یاران رنج دوست نے دین وہ اذیتین
مین منہ چھپا کے اپنی وطن ہی نکل گیا

۹۹	مائل ہوئی نہ کچھ سپہر آسمان نسیم ہر تیر آہ چرخ کہن سے نکل گیا	۱۳

جب اختیار قید سخن سی نکل گیا
نالہ کلام ہو کے دہن سے نکل گیا

کیا رنج ترک صحبت احباب کا ہوا
دو چار کوس جب مین وطن سی نکل گیا

آئی نظر نہ تربت پروانہ جب کہین
ہر اشکِ شمع بہہ کے لگن سے نکل گیا

کیا حال دل چھپے کہ جہان دو گواہ ہون
رو کا نگاہ کو تو دہن سے نکل گیا

باقی رہے صراحیِ غنچہ نہ جام گل
سامانِ انبساط چمن سے نکل گیا

دنیا کے رابطے سے مرادِ دلی ملے
مردونکا کام صحبت زن سی نکل گیا

زلفین ہٹا کے بوسۂ رخسار لے لیے
مطلب ہمارا سانپ کے من سی نکل گیا

ایدل ہزار حیف جو قفل سے پابستہ ہے
وہ سور پھر نہین ہی جو رگِ تن سے نکل گیا

دامن تلک اشک آکی نہ جانے لگے آنکہ مین
پھرتا نہین گہر جو عدن سے نکل گیا

رشک اسقدر دیا لب و دندان یار نی | گوہر عدن سے لعل یمن سے نکل گیا
رہوار عمر کی نظر آئی نہ گرد تک | توسن کمال تیز تہا سن سے نکل گیا
افسون و فریب سے ہم آشنا نہ تہی | آخر کو یار حیلہ و فن سے نکل گیا

۱۰۰	کس ہوم کی پڑہی ہی غزل آپنے نسیم تحسین کا شور بزم سخن سے نکل گیا	۱۱

دیکھے آتے ہی یہ نقشا ہو گیا | کیا بتاؤن دوستو کیا ہو گیا
تم نے فرصت پائی گہر بیٹہے طبیب | مر گیا بیمار اچہا ہو گیا
کر چکا تہا کام افسونِ رقیب | آج ہم سے اوسنے پرچہا ہو گیا
اونپہ دل آیا بڑی مشکل پڑی | مدعی پہلو مین پیدا ہو گیا
ہای بیتابی نے میرے کیا کیا | حال سب پر اونپر ہویدا ہو گیا
ایک ظالم پر طبیعت آ گئی | پہر وہی اب حال میرا ہو گیا
شکل ہی پیدا کیا خالق نے جسم | روح کا کچہ رنگ پیدا ہو گیا
کہل گئے زخمون کے منہ اچہا ہوا | درد کے بڑہنے کو رستا ہو گیا
تو ہی چل ای روح جوشش شوق ہی | خط کے آنے مین تو عرصا ہو گیا
وقت بد کچہ پوچہ کر آتا نہین | ہنستے ہنستے اوس سے جہگڑا ہو گیا

۱۰۱	حال کیون ابتر ہی اسد رنجہ نسیم سچ کہو دل کس پہ شیدا ہو گیا	۱۰

مجکو سمجہاتا تہا یا تو آپ شیدا ہو گیا | مین تو دیوانہ تہا ہی ناصح تجہی کیا ہو گیا
آدمی کیسے فرشتے سیکڑون موجود تہے | میری لاشی پر جو وہ آئی تماشا ہو گیا
مین نہ کہتا تہا نہ دیکہو آئنہ اچہا نہین | صدقی جاؤن حال میرا سا تمہارا کیو گیا
ابتدا فسانی کی میری ہر طرف اک دہوم ہی | مر گیا گو مین بلا سے نام تیرا ہو گیا

شکر ہی دنیا سے اوٹھا آج شیدا آپکا ۔۔۔ جان دینا اس مرض والی کو اچھا ہوگیا

دشمنی کی مجسے میرے از دیادِ شوق نی ۔۔۔ اضطراب ایسا بڑہا آخر کو پردا ہوگیا

سو گئی اونکی فریب وعدہ سی شب کٹ گئی ۔۔۔ ہای اب چونکے کہ جب ایسا سویرا ہوگیا

کوئی نا واقف اگر کہتا تو کہتا غم نہ تہا ۔۔۔ کیون جی تم بہی مجکو کہتی ہو کہ سودا ہوگیا

یہ فکا یہ عقل لیسے ہوش سب جاتی رہی ۔۔۔ مجکو حیرت ہی خدا جانی مجہے کیا ہوگیا

۱۰۲	پہر وہی دہومین پڑین وحشت کے میری ای نسیم پہر وہی جوش گذشتہ دلمین پیدا ہوگیا	۱۲

تیری بالائی کا شہرہ سب سے بالا ہوگیا ۔۔۔ تو نرالا کیا ہوا عالم نرالا ہوگیا

شام مرقد چاندنی تہی تیری رخ کی ہیا سے ۔۔۔ جو اندہیرا سامنے آیا اوجالا ہوگیا

وہ سخی تہا بعد مردن دین ہما کو ہڈیان ۔۔۔ گوشت باقی تہا سو مرقد کا نوالا ہوگیا

حلقۂ رخ زلف تہی تہا نو سرخ کا گرد زلف ۔۔۔ ہالہ مہ شب ہوئی مہ شب کا ہالا ہوگیا

عروس گل کو زندگی تہی زہر ہو دی کو ہوئے ۔۔۔ سانپنے چاٹی جو شبنم منہ مین چہالا ہوگیا

ساغر امید بن جاتی ہی انسان کی دعا ۔۔۔ ہاتہ جب سوی فلک اوٹہا پیالا ہوگیا

دل مشبک ہی تو سینہ ہر طرف سی ہی شگاف ۔۔۔ تیرے مژگان کا تصور ہمکو بہالا ہوگیا

ابر نیسان کی پڑین بوندین جو تیری کلف پے ۔۔۔ موتیونکا گردن افعی مین بالا ہوگیا

مر گئی تیغ نگاہ یار سے جہگڑا مٹا ۔۔۔ چہین برسون کا ہوا دم بہر کسالا ہوگیا

انتظار سنگدل مین سنگ برسی آنکہ سے ۔۔۔ تا بدامن شک آتی آتی ژالا ہوگیا

پہر خم شمشیر ابرو کا ہوا سودا مجہے ۔۔۔ زخم خشکی پر نہ آیا تہا کہ آلا ہوگیا

۱۰۳	ناسخ مغفور تہا اوستاد کیتا ای نسیم لکہنؤ والون مین وہ سب سے نرالا ہوگیا	۱۱

جان بلب ہون جیسی وہ بیرحم بدظن ہوگیا ۔۔۔ حال میرا اب مبارک باد دشمن ہوگیا

کچھ عجب تاثیر تھی اوس بت کی نظارہ میں بھی
جو مسلمان اسطرف گذرا برہمن ہوگیا

صدقے میں کتنا ترا تیر نظر بیتاب تھا
چھد گیا پہلو کبھی سینے میں روزن ہوگیا

بے ہوا اوڑتا ہوں جب بیتابیاں کرتا ہے دل
کاہش الفت سے کیا ہلکا مرا تن ہوگیا

میں بھی مرنے کے لیے آیا ہوں آزردہ نہ ہو
اب یہ وہ کوچہ کہاں لوگوں کا مدفن ہوگیا

ہائے کس پردہ نشین کی آبرو کا پاس تھا
اشک جو دامن پہ آیا زیر دامن ہوگیا

وہ توقع تجھسے برآئی جو مجھکو اوس سے تھی
او عدو کے دوست تو بھی بخود دشمن ہوگیا

حلقہ زنجیر جب پہنی تو یہ ثابت ہوا
پاؤں میرا شاہد آغوش آہن ہوگیا

بڑھ کے ٹھیرا جب یہ سمجھا ہیں کہ وہ آتی ہیں وہ
بار ہا میرا تصور مجھکو رہزن ہوگیا

سوز پنہاں کی یہ کثرت تھی کہ ہر استخوان
رات کو مثل جبین صبح روشن ہوگیا

۱۰۴	سہرو تنہائی کی کہان طاقت کسی مردن نسیم آج تو احسان قاتل بار گردن ہوگیا	۹

لو فراغت ہوگئی کیسا سبک جان ہوگیا
چاک دامن ہوگیا ٹکڑے گریبان ہوگیا

عشق میں زلف و رخ دلدار کی تمثال کی
کوئی ہندو ہوگیا کوئی مسلمان ہوگیا

گھٹتے گھٹتے ناتوانی سے وہ ہوں کاہیدہ تن
ذرہ افتادہ ریگ بیابان ہوگیا

آنکھیں کہلاتی ہیں مثل پاسبان منکر نکیر
گنج مدفن بھی مجھے قسمت سے زندان ہوگیا

کی گہر ریزی ہماری آبلوں نے ٹوٹ کے
تھا متاع عمر جو وقف بیابان ہوگیا

حسن جانان نے کیا گمراہ کامل کو بھی
داغ میری داغ سے مہر درخشان ہوگیا

آتش ہجران سے نالہ شعلہ ہائے آہ دل
ایک مشت استخوان پر سبکا احسان ہوگیا

ناتوانی نے بہا تنکا آج کل تاثیر کی
نالہ زنجیر کا بھی شور پنہان ہوگیا

۱۰۵	کچھ نہیں لطف چمن کی ہمکو خواہش اے نسیم شکل گل ہر زخم دل سینے میں خندان ہوگیا	۹

التماس شکر مین دل رہ گیا — سر پہ کچھ احسان قاتل رہ گیا
رحم آیا ناتوانی پر مرے — ذبح کرتے کرتے قاتل رہ گیا
تمنے اک بوسہ دیا احسان کیا — بات میری رہ گئی دل رہ گیا
صلح کی امید پھر کل پر گئی — سہل ہوکر کار مشکل رہ گیا
تیری جلدی سے نہ بر آئی مراد — اے اجل دیدار قاتل رہ گیا
کاوش صیاد نے فرصت نہ دی — دلمین ارمان عنادل رہ گیا
جلوۂ رخسار نے ساکت کیا — آئنہ ہوکر مقابل رہ گیا
غیر ممکن ہے کہ آسان ہوسکے — رہ گیا جو امر مشکل رہ گیا

۱۰۶	پھر طبیعت اپنی گھبرائی نسیم امتحان فکر کامل رہ گیا	۱۰

ہر رفیق بیکسی منزل بمنزل رہ گیا — گر پڑا آنسو کسی جا پر کہین دل رہگیا
صید لاغر کردیا تاخیر قاتل نے مجھے — ذبح کے لائق نہین مین کی قابل رہگیا
اے اجل فرصت ندی افسوس ہے افسوس ہے — آرزومند جفا احسان قاتل رہگیا
وای قسمت بخل قاتل سے نہ بر آئی مراد — تشنۂ آب دم شمشیر بسمل رہگیا
جوش حیرت نے ندی فرصت کہ جنبش کر سکے — آئنہ میری طرح اونکی مقابل رہگیا
سخت جانی نے مری کیا کیا دکھائی تیغ تیز — کر گیا خنجر کبھی بازوی قاتل رہگیا
زمزمہ سنجی بہلا دی خطرۂ صیاد نے — آتے آتے کان تک شور عنادل رہگیا
سایہ افگن کاکل پیچان ہی رخ صاف پر — ابر مین پوشیدہ ہوکر ماہ کامل رہگیا
دی نہ فرصت ہمرہی کی اضطراب روح نے — دلمین پروانے کی سوز شمع محفل رہگیا

۱۰۷	مرحبا اتنی ہی کیا آنکھون پہ پٹی باندھ کر ای نسیم افسوس ہی دیدار قاتل رہگیا	۱۴

دونو جانب شرم مطلب شوق پنہان رہگیا
کچہ مجہی حسرت بڑہتی کچہ اونکو ارمان رہگیا

ناتوانی نے جو دہڑکے نا امیدی کی دبی
سو ہی دامن دیکہکر چاک گریبان رہگیا

موت سی مہلت نہ پائی شوق نی رخصت دیے
پانو پہیلا کر تیری کوچی مین مہمان رہگیا

جو غضب آیا زمین پر عالم افلاک سی
میرے سر پر صورت احسان جانان رہگیا

خاک ہوکر خاک مین عشاق کی لاشین ملے
ہای خالی پہلو گور غریبان رہگیا

کیون خفا ہی باغبان مین گلشن ایجاد مین
چند لحظہ صورت صبح گلستان رہگیا

لاکہ چاہا پر نہ نکلا صورت ارمان کبہی
آرزو بنکر مری سینی مین پیکان رہگیا

اسکو بہی معشوق ہونی کی سمائی آرزو
منہ چہپا کر میری دلمین داغ پنہان رہگیا

آئینے نے کردیا آئینہ میرے یار کو
دیکہکر وہ جلوہ اپنا آپ حیران رہگیا

خلک کامل کو پشیمانی نے جب برہم کیا
کہلتے کہلتے عقدہ زلف پریشان رہگیا

شعلہ داغ تن عاشق نہ تجہ سی بجہ سکا
اے صبا اپنا چراغ زیر دامان رہگیا

زیست بہر آیا نہ راز عشق ہرگز تا زبان
ہای بے تعبیر یہ خواب پریشان رہگیا

ہمکو محرومی رہی تا عمر وصل یار سے
یہ مرض وہ تہا کہ جو محتاج درمان رہگیا

۱۵	بعد مردن جیسی ہی الفت نہین ہوتی نسیم روح چہوٹی قید سی بیکار زندان رہگیا	۱۰۸

مین نگاہون مین بہار زلف جانان ہوگیا
دیکہتی ہی دیکہتی خواب پریشان ہوگیا

تہا ستم پر چاہنے والونکو ارمان ہوگیا
ظلم جانان کیطرح آخر مین احسان ہوگیا

ناز سے فرصت نہین دیتی کسی دم بیکسی
مین تو اپنی جیتی جی گور غریبان ہوگیا

طعنہ کم ہوتی اوٹہے نہ میری اشک سے
گو کہ قطرہ تہا مگر دریا کی طوفان ہوگیا

تہا مین طفلی سے بغل پروردہ بیرنگی
صبح مایوسی کبہی شام غریبان ہوگیا

رحم سے جلاد کے چہوٹا جو مجکو نیم ذبح
خط خنجر میری گردن کو گریبان ہوگیا

~~[illegible] درد فرقت کلیجہ پہ مجھسی حال~~ اسقدر دلمین رہا میری کہ ارمان ہوگیا

جو یہان تشریف لائی پہر نیائی مخلصی دل مرا ہر آرزو کی حق مین زندان ہوگیا

عشق مین نیرنگ دورنگی عمر بہر دیکہا کیے ہای ہم کافر بنے جب تو مسلمان ہوگیا

شہر ویران کردیا تاثیر وحشت نے مرے قصد ہی دو چار دن مہلی بیابان ہوگیا

زیر دستونکو زبردستونسی کچہ چارا نہین درد فرقت جبر ہی سینے مین مہمان ہوگیا

ایکسی دو داغ دوسی چار پہر تو سیکڑون کہلتے کہلتے پہول سینے پر گلستان ہوگیا

اشک خونین مثل گل رہتی ہین ہمین ہر گہڑی اتنو دامن بہی مرا جیب گلستان ہوگیا

ساغر می بنتی ہی دو صد تین مینا ہوتین زاہدونکی توبہ مین رندونکا ایمان ہوگیا

۱۹	خونکی دہبونسی کیا کیفیتین ہین ای نسیم گوشۂ دامن مرا رشک گلستان ہوگیا	۱۰۹

پابند زیست تہا نہ اسیر مزار تہا تہا جوش اشتیاق قدمبوس یار تہا

کیا پوچہتے ہو ابتو اسیر قفس ہو ہمین دو دن کی بات ہی کہ شریک بہار تہا

کیون جانتا تہا حسن پریشانیان مری ای روزگار مین بہی مگر زلف یار تہا

دونون سے شرمسار رہا اضطراب مین پاس کفن مجہی نہ لحاظ مزار تہا

وہ بہی مٹا خیال سیاہی زلف سی کچہ دم کو عکس مہ جور دای مزار تہا

اس جسم پر ذلیل کیا تونی ای ہوس وہ استخوان کیواسطے شوق مزار تہا

ہیبت سی بخیہ گر کے مری جان نکل گئی ہر مہر دہان زخم دہان مزار تہا

کرتے تہے مرگ بازو قاتل پہ آفرین جز زخم تہا نہ شکل شگاف مزار تہا

پاتے تہی اہل درد خبر سرگذشت کی مین بعد مرگ خط جبین مزار تہا

ای جوش شوق تونی کیا پہر امیدوار ورنہ مجہے تہیۂ خواب مزار تہا

کہٹکا کیا ہون خاک کو بہی خاک تک کی آہ مین سینۂ مزار کا اسپنے غبار تہا

برسون رہا زبان صغیر و کبیر پر — میر افسانہ بھی ستم روزگار تہا
سنت بہی کی مگر نہ کسی نے مری سُنی — مانند قول یار مین بے اعتبار تہا
بیٹہے وہان آبلہ مین اوسکو لے لیا — میدان مین زبان نکالی جو خار تہا
ای روزگار مجہسی وہ رنگی تہی کیا مرو — مین حسرت خزان نہ امید بہار تہا
مثل خیال یار رہین گردشین مجہے — آیا اوسیکے دل مین جو امیدوار تہا
پوچہی نہ مجہسے یار نے کچہ میری گذشت — مین روز بازپرس بہی ننگ شمار تہا
ثابت ہوا کشاکش دنیا سی بیٹہین — تہے رنج چند نام فقط روزگار تہا

۱۱۰	آئے لحد مین بالش و مسند سی ای نسیم انجام عیش دہر یہ کنج مزار تہا	۱۵

نہین شکوہ بیدا ہی گو کہ ہر پارہ مری دل کا — کیا صانع نی وہ ٹکڑا ہی ازل سی لفظ قاتل کا
بلا کر لطف سی گردن تہ شمشیر رکہتا ہی — قریب آ بیٹہ دیکہا وقت مردن چشم قاتل کا
اجازت دی اگر شوق شہادت نے کہ منہ کہو لو — کہا ہم نے ہم احسان نہ لینگے دست قاتل کا
زبان تک شکوہ بیداد آیا تہا کہ شرم آئی — کہا دل نی یہ کیا کرتی ہو منہ دیکہا ہی قاتل کا
نہ ٹہرا یا نو خنجر مین وہ اجل کی بیقراری تہی — بشکل جذب الفت کہینچ لایا قہر قاتل کا
یہ کسکے قتل سی بالیدگی ایسی ہوئی حاصل — کہ ٹوٹا آج ٹوٹا ہوا قبضہ شمشیر قاتل کا
ہجوم شوق کی بیتابیوں مین اسقدر رچ سا — کہ دم رک رک گیا زخموں کی منہ مین تیغ قاتل کا
وہ لذت تہی ہان زخم مین سیری کہ خون جگر — ٹپکتا ہی لعاب اب تک زبان تیغ قاتل کا
اوٹہاتی ہون مگر کہتی نہین جو کچہ گذرتی ہی — وہان زخم مین ہی ضبط ہی شمشیر قاتل کا
وہ اشک گرم تہی ٹپکی جو وقت ذبح آنکہون سے — نہین جاتا ہی چہالا آج تک شمشیر قاتل کا
عجب اسکا نہین گر شیشہ جو ہر کو ریو جائے — ٹپک کر اشک ہوگا آبلہ شمشیر قاتل کا
مجہے فریاد کرنی یا نہ کرنی دو نو مشکل ہی — ندامت سی حال لحاظ آتا ہی قاتل کا

اوٹھانی اسقدر رگڑی زمانی مین گردن کی ۔ کہ چہالا اچہل گیا سینے مین آخر تیغ قاتل کا
خوشی کرتا ہی کیسی لیکی خنجر دست نازک مین ۔ الٰہی تو نگہبان ہوجیو بازو ہی قاتل کا

۱۹	بدل کر قافیہ لکہو غزل اک اے نسیم ایسی کہ مضمون و معانی مین اثر ہو تیغ قاتل کا	۱۱۱

عجب عالم ہی اوس گل پیرہن کی ہائی بیدل کا ۔ کہ نالہ منہ سی نکلا زمزمہ ہنکر عنادل کا
بنایا جوش ہمت نی ارادہ دست باذل کا ۔ وہ دولت ہون کہ منہ تکتا ہی خوبی ایمان سائل کا
نہین دیتا ہون فرصت ایکساعت بیقراری سے ۔ بدلتا ہون مین کروٹ در دہون پہلو بی بسمل کا
تمنائین بہت کچہ ہین مگر جا پا نہین سکتی ۔ از لیسے نیند کو حاصل ہی شکوہ چشم بسمل کا
تردد ہی مری آنسو کو دامن تک پہونچی ہین ۔ مسافر کو لگا رہتا ہی کہٹکا بعد منزل کا
فراق جسم سی اسی روح تکلیفین گذرتی ہین ۔ بہت یاد آئیگا لیلی تجہی آرام محمل کا
مناسب ہی بشر کو ذکر آخر روز اول سی ۔ پہر آسانی کہان ممکن جب آیا وقت مشکل کا
مٹا دی آپکو بنا اگر منظور خاطر ہے ۔ ہوئی شکل اور ہی بی سر ہوا جب لفظ مشکل کا
وہ رہجاتا ہی اونکی پاس ہر دم پلٹتا ہی ۔ زیادہ شوق ہی ہی اتنا تو گہبرانا مری دل کا
ہجوم شوق مجنون اسقدر رہتا ساتہ لیلی کی ۔ کہ ناقہ سی نہ اوٹہا اک قدم ہی بوجہ محمل کا
عدم تکلیف ہرگز پاس الفت ہو نہین سکتا ۔ نہین منظور قاتل کو ٹہہرنا روح بسمل کا
بڑہا دی بیکسی ایسی کمال ناتوانی نے ۔ کہ نالہ ہی نہین منہ چوہتی آتا عنادل کا
تمنا ہی عدو آخر وبال زیست ہوتی ہی ۔ پس مردن امست آشنا ہی قہر قاتل کا
بشکل جام خالی ہر نفس دوری ہی مقصد سے ۔ مجہے میری مقدر نے بنایا ہاتہ سائل کا
ہوس کو آدمی کی آدمی پر پیش دیتی ہی ۔ کہ بڑہتا ہی زیادہ تر قدم سی ہاتہ سائل کا
بشر ہو صاحب ہمت تو ہر تکلیف آسان ہے ۔ کہ گہٹتا ہی آخر چلتے چلتے طول منزل کا
رہا یہ پاس یکتائی کہ توڑا اونسی آئینہ ۔ نہ دیکہا منہ کہ تا دیکہی نہ منہ عکس مقابل کا

جگر میں مجھ سے کر کیسی گذر کر تیر تک آیا ہی | مزا تیر نظر سی پوچھ لو تکلیف بسمل کا

۱۱۲	عنان توسن خاطر نسیم اب جانب ہو کہ دلمین حوصلہ ہی بندش مضمون مشکل کا	۱۰

مژدہ صحت سنا دل دکھ گیا آزار کا | آگیا گھٹنے پر اب بڑھنا شب بیمار کا

اے دل مشتاق شوق بوسہ اب بیکار ہی | لے گیا ساغر مزا سینہ چوم کر دلدار کا

جہانکتے ہین آرزوئین میری تجکو بار بار | کیا شگاف سینہ روزن ہی تیری دیوار کا

دن مین سو سو بار گھبراتی ہین جذب شوق سے | اتنا میرا سا ہوا عالم مزاج یار کا

بارش گریہ سے میری اتنی یہ نوبت ہوئی | تھم نہین سکتا ہی آنسو روزن دیوار کا

تجکو اے واعظ مبارک ہو یہ اسباب غرور | مین نہین برہمن کہتا ہون سبحہ و جبہ و دستار کا

اشک میری آنکھ سی ٹپکا جو اوسکی زلف سے | بہتے بہتے ہوگیا چھالا زبان مار کا

اتنی مثل دانۂ الماس آنسو ہو گئے | بعد مدت رنگ بدلا دیدۂ خونبار کا

پارہ ہی قلب سے زان آکی کہائی تو سہی | دیکھ لینگے حوصلہ ہم مرغ آتشخوار کا

ایک عالم ہی دل دیوانہ کا ابتک نسیم | کام اپنا کر گیا جادو نگاہ یار کا

۱۱۳	ردیف بای موحدہ	۱۲

بلبل سے کرتی کب ہی عروس چمن حجاب | ہمسے ہی کس لیے تجھے اے گلبدن حجاب

افسون شرم باعث تسخیر ہو چکا | کبتک رہیگا او بت پیمان شکن حجاب

حسن برہنگی سے اوٹھاتی بڑی مزے | ہوتا نہ روح کو جو لباس بدن حجاب

ہر بزم مین نثار ہے پروانہ شمع پر | عاشق کیواسطے نہین کچھ انجمن حجاب

کھبا زیب نکے لطف جوانی مین خوب ہین | پیری مین ہی بشر کے لیے بانکپن حجاب

دنیا کا ترک بعد فنا ہی نہین قبول | اس شرم سی ہی لاش پہ تیری کفن حجاب

نافہ نہین یہ پردہ ہی غیرت ہی اوبری
رکھتا ہی تیری زلف سی بیشک ختن حجاب

بے پردہ دیکھئے سر سے نور جمال کو
ہوتی اگر نہ چادر چرخ کہن حجاب

برسون ہوے کہ عاشق خدمت گزار ہین
مجھسے بچا ہیے تجھے ای سیم تن حجاب

دیکھا آنکھ اوٹھاکے یار کہ عالم شکار ہو
کسکا تجھے ہی ظالم ناوک فگن حجاب

آخر کدورت آ ہی گئے اتحاد مین
کرنے لگے خزان سے بہار چمن حجاب

۱۱	اچھا کلام شاہد بے پردہ ہی تسنیم رکھتا نہین کسی سے ہمارا سخن حجاب	۱۱۴

جی مین آتا ہی دکھائین مستیان کی شراب
جلد لا ساقی برنگ لالۂ احمر شراب

دور رکھ شیشہ نظر سے سرنگون کر جام کو
فرقت دلدار ہی ساقی ہین پیونکر شراب

ابر ہی امنڈا ہوا گل بھی ہی ہین نکہتین
آج کی شب ہو جدا منہ سی نہ ہی ساغر شراب

آرزو کیا پوچھتا ہی رند ساغر نوش کی
یہ تمنا ہی پین قاتل تہ خنجر شراب

لے خدا حافظ چلے سسرو رہو کر اپنی گھر
پی چکے محفل مین تیری اور پی کر شراب

بے تعلق ہو نہین سکتے تعلق آشنا
غیر ممکن ہی رہی بے شیشہ و ساغر شراب

پھر سنا ہی مژدہ آمد کسی مہوش کا
ڈھونڈھتا ہی آج پھر دل مضطر شراب

وعدہ دیروز کا کچھ پاس کرنا چاہیے
آج دی ساقی ہمین جو سب مین ہو بہتر شراب

اسطرف بھی آج بذل مہربانی چاہیے
ساتھ غیرونکی تو ایجان پی چکی اکثر شراب

بھن گیا ہر لخت دل ٹکڑی جگر کی ہین کباب
گر میان کرتی ہی ہمسے صورت دلبر شراب

۸	ہم بھی بیشک ہین غلامان علی مین اے تسنیم ساقی کوثر سے لینگے جلکے اک ساغر شراب	۱۱۵

کیا دیکھتا ہی طائر بسمل کا اضطراب
بڑھ کر ہی اس سی عاشق بیدل کا اضطراب

امیدوار مرگ سی کیون منہ چھپا لیا
اب کون لی گیا مرے قاتل کا اضطراب

تھی کس کے آرزو کہ ہر شب سی تا سحر
دیکھا کیے ہین صاحب محفل کا اضطراب

مدت سی آرزو ہی کوی لحظہ بیٹھ کر
تم بھی تو دیکھ جاؤ مری دل کا اضطراب

ممکن نہین کہ عشق کی تاثیر کچھ نہ ہو
لیکن تہان ہی صاحب محمل کا اضطراب

اوسکو قرار ہی اسے پروا دمبدم
سیماب سی فزون ہی مری دل کا اضطراب

قاتل کو ہی دم کا تماشا ہے دیکھ پھر
لیجائیگی اجل ترے بسمل کا اضطراب

۱۱۶	تدبیر کچھ ضرور ہی بیٹھے ہو کیا تسیم جاتا نہین ہی آج مری دل کا اضطراب	۸

گر ابرو کشیدہ ہین شمشیر کا جواب
مژگان تیز ہین ہی ترے تیر کا جواب

فریاد بیکسی پہ کسی کو نظر کہان
دیتا ہی کون عاشق دلگیر کا جواب

اچھا ہوا کہ آئینہ کا منہ ہوا سیاہ
لایا تھا تیری زلف گرہ گیر کا جواب

آمادہ ہی مژہ بھی خدنگ نظر کے بعد
آتا ہی او تیر غضب تیر کا جواب

ای انتظار یار یہ نہین آنکھ وا رہے
دیتا ہی مجھکو دیدۂ زنجیر کا جواب

کیا دخل پیش و کم کو ہمارے خیال مین
لکھنا محال ہی خط تقدیر کا جواب

لاکھون ستم کیے ہین جوانان دہر پر
دے آہ شعلہ زا فلک پیر کا جواب

۱۱۷	اچھی زمین سمجھ کے کہے شعر کچھ تسیم لکھا نہین ہی آتش دلگیر کا جواب	۲۰

جتنے قصے ہین مرے شکوہ بیداد ہین سب
ذکر کا ہی کو ہین افسانہ فریاد ہین سب

للہ الحمد کہ ہین رنج فراموش نہین
جو ستم تم نے کیے ہین وہ مجھے یاد ہین سب

جسطرف دیکھیے دو تین پھڑکتی ہین اسیر
کیون نہ صیاد خوشی ہو قفس آباد ہین سب

خواستگاران قضا ہین تہ خنجر بیتاب
شائق حسن اجازت تری جلاد ہین سب

انکو تکلیف رسائی کی عبث ہے تعلیم
نالہ و آہ و فغان تیری ستم زاد ہین سب

پھوٹ جائے جو پھپھولا تو رواں ہون نسیم
اشک ایجان جہان آبلہ فرسا ہین سب

طوق و زنجیر کے خواہان ہین تری دیوانے
روز و شب منتظر خدمت جلاد ہین سب

کفر و اسلام برابر ہین زبان رحمت
حسن جتنے ہین زمانی مین خدا داد ہین سب

تا کجا کاوش صیاد اجل ہی نزدیک
ایکدن اس قفس جسم سی آزاد ہین سب

اب یہ حالت ہی کہ دشمن بھی عیادت کو ہین
دست برداشتہ میری لیی جلاد ہین سب

ناتوان جو ہون کہ ہر بال وبال جان ہے
ضعف سی موی بدن خنجر فولاد ہین سب

سخت جان ہون سی تسکین کو بتادی قاتل
کسقدر کند ہین تری خنجر فولاد ہین سب

مین ہوا قیس ہوا وامق بیچارہ ہوا
دل گرفتار ہین سب عاشق ناشاد ہین سب

عاشق وحشی و دیوانہ و رسوا کہکے
جسطرح چاہی بلا تیری ہی ارشاد ہین سب

آمد آمد ہی مگر میری سہی قامت کی
باغ مین ہر طرف استادہ جو شمشاد ہین سب

ایک سی ایک نرالا ہی زمانی مین حسین
جلوہ نور الٰہی یہ پریزاد ہین سب

تیری آنکھونکی جو مضمون لکھی ہین مینی
حرف جتنی نظر آتی ہین مجھی صاد ہین سب

دور تک تیری گذرگاہ جفا ہی یا ترک
ہفت افلاک مری مسکن فریاد ہین سب

اپنی اشعار کا آتش نی دیا آپ جواب
معترض مجھپی تو قایل ایراد ہین سب

۹	راست کہتا ہون یہ مین ناسخ و سودا کی قسم اپنی انداز مین بیمثل ہین استاد ہین سب	۱۱۸

طرہ مشکبار ہی جلوہ آبدار شب
نسبت زلف یار ہی باعث افتخار شب

مشفق من خط اسعاف چھوٹ ہی پکا گذشت
چشم غنودہ مین ہی صاف حسرت انتظار شب

آنکھین چلد بلی وفا دل نہین مانتا مرا
چہرہ روز پر جھکا گیسوی تابدار شب

حال نہ پوچھ ہمنشین ہی غم دلبر حسین
شعلہ آہ آتشین ہوتا ہی ہمکنار شب

وعدہ ہی وصل یار کا داد ری بخت نارسا
اول شام سی ہوا پہلی ہی اختصار شب

ہی کوی آسمان جناب حسینی کیا یہ انتخاب
حافظ روز آفتاب ماہ ہی پاسدار شب

نالۂ آتشین سی ڈر آب کہین نہ ہو جگر
ہوتی ہی شام صبر کرا یدل خواستگار شب

سونے کبھی نہ ایکدم فرقت یار کے ستم
صبح نہ ہونے دیتے ہم ہوتا گر اختیار شب

دیکھتے ہین نسیم ہم لحظہ بہ لحظہ یہ ستم
ہجر مین طول روز غم وصل مین اختصار شب

۱۱۹ — ۱۵

پونچی ہین تجھہ سی دل دوستان قریب
آئی ہین ای فلک بہت آہ و فغان قریب

کنج لحد کا حال کہین ہم کسی سے کیا
ہمدرد پاس ہی نہ کوی مہربان قریب

لب وا ہین اشتیاق مین آنکھین ہین منتظر
پونہچا ہی لخت دل کا مری کاروان قریب

ہر روز بعد چرخ مین ہلتی ہین بال و پر
اے مرغ روح ڈھونڈ کوی آشیان قریب

اے عندلیب جان قفس جسم سے نکل
جلدی پونہچ بہشت کا ہی بوستان قریب

فریاد جانگزا سے زمانہ تنگ ہی
بدلینگے کوی اور لباس فغان قریب

ای آہ ہی محل ادب بس ٹھہر یہین
اب آچکا ہی مسکن کروبیان قریب

ای مرگ اب وصال مین تاخیر چاہیے
آیا ہی وقت وصل بت دلستان قریب

کبتک یہ انتظار کہ فرصت قلیل ہے
رخصت طلب ہی یار ترا میہمان قریب

شاید یہان سے کوچۂ جانان ہی متصل
آتا چلا ہی دغدغۂ پاسبان قریب

اے دل بتا بتا کہ سکونت وہین کرین
ہی پیر میفروش کی جس جا دکان قریب

اے عندلیب رنگ چمن بی ثبات ہی
آخر ہوی بہار اب آئی خزان قریب

جینا ہجوم آہ شرربار سے محال
تن پھونک دینگی شعلۂ سوز نہان قریب

ایدل سنبھل کہ دام مصیبت ہی سامنے
دیکھ آچکا ہی کوچۂ زلف بتان قریب

کسطرح دود آہ سی جیتا ہی تو نسیم
رکتا ہی دم وہان کہ جہان ہو دہوان قریب

تیوری چڑھی ہوئی ہی کشیدہ نظر ہین آپ
کچھ اور حوصلہ ہی جو آئے ادہر ہین آپ

صیاد سنج فلک اسیری ہی کس لیے
سوز نفس سی خاک مری بال و پر ہین آپ

ناحق اوٹھائین منت فصّاد ہم نفس
سو جسم ناتوان پہ یہان نیشتر ہین آپ

ہی آمد آمد نفس واپسین حضور
پوچھا یہان یہ حال مگر بیخبر ہین آپ

آگاہ سے ضرور نہین عرض مدعا
کیا کہیے خوب واقف درد جگر ہین آپ

ہر روز شان حسن نئی ہی جمال مین
خورشید ہین کبھی کبھی شکل قمر ہین آپ

حسرت فزا ہین جذب محبت کے حوصلی
یہان اپنی نالہ ہای سحر بے اثر ہین آپ

ای آہ و نالہ بعد فنا بھی نہ کم ہو جوش
اتنا رہی خیال شریک سفر ہین آپ

کوسون ضیای حسن نے بخشے ہی روشنی
کہلتا ہی ہی نور کے شاید بشر ہین آپ

ہی انتہای عشق ہی پرواز مرغ روح
قاصد ہم اپنی حال کے خود نامہ بر ہین آپ

بگڑے ہین یا شگفتہ صد آہ کیا سنون
ہنگامہ آفرین مرے نور نظر ہین آپ

آنکھون ہی ہی لحاظ تبسم فزا ہین لب
شکر خدا کہ آج تو کچھ راہ پر ہین آپ

فریاد ای جرس شب وصلت مین کس لیے
ہم دلفگار نالۂ مرغ سحر ہین آپ

جلاد روزگار ملا ہے کسے خطاب
اب شک کیجیے کہ بڑے نامور ہین آپ

قربان جان و دل سے ہی کسطرح مین ہون
رونق فزای شعلۂ داغ جگر ہین آپ

باتون مین ہی فریب تو افسون نگاہ مین
ہر ہر طرح سے ہوش ربای بشر ہین آپ

پروانی سے حجاب نہین کچھ بھی شمع کو
عاشق سے کیون گریز ہی معشوق گر ہین آپ

وا کیجیے نہ عقدۂ زلف دراز کو
اتنا رہی خیال کہ نازک کمر ہین آپ

۱۲۱ | پایا غزل نے طول نہین کم ابھی امنگ
کچھ خبر ہی نسیم کہان ہین کدہر ہین آپ | ۷

پھر خفا رہنے لگے عاشق ناچار سے آپ ۔ پھر چھپانے لگے منہ طالب دیدار سے آپ

کیا گرفتار محبت کی یہی ہے تعذیر ۔ بات بھی کرتے نہین ہین گنہگار سے آپ

ابتو وہ بھی نہین مدت سے میسر ہمکو ۔ جھانکتے تھے جو کبھی روزن دیوار سے آپ

وہ بھی کیا دن تھے جو گاتی تھی غزل کو پہرن ۔ لطف اوٹھاتی تھی ہی بندش اشعار سے آپ

نزع کے وقت بھی آتی نہین دم بھر کے لیے ۔ ایسے آزردہ ہوے بیچ دل افگار سے آپ

گو غرض کوی نہین ہی مگر اے جان جہان ۔ متہم ہوجیے گا صحبت اغیار سے آپ

۱۲۲	پھر پھنسے دام محبت مین مبارک ہو نسیم آشنا پھر ہوی اک کافر عیار سے آپ	۱۱

جانتے ہین ہمسے شرمائینگے آپ ۔ عمر بھر اسے جان ترسائینگے آپ

کب بھلا ہمکو یقین آتا ہے یہ ۔ مہربانی آج فرمائینگے آپ

کوی دم تسکین دل ہو جای گی ۔ میرے پہلو مین اگر آئینگے آپ

جانتا ہون بندہ پرور عادتین ۔ کسطرح دل میرا بہلائینگے آپ

یہ نصیحت حضرت ناصح معاف ۔ رند ہون کیا مجھکو سمجھائینگے آپ

دیکھیے مین بھی کہونگا کچھ ضرور ۔ پھر بشکل زلف بل کھائینگے آپ

کیا ارادہ ہی ذرا ہم بھی سنین ۔ بندہ پرور کس طرف جائینگے آپ

بے سبب آرائش گیسو نہین ۔ سمجھے ہم کوی بلا لائینگے آپ

آئیے اب جلد مین مہمان ہون ۔ پھر بھلا مجھکو کہان پائینگے آپ

کل کے سب اقرار پورے ہو گئے ۔ آج بھی کوی قسم کھائینگے آپ

۱۲۳	خیر ہی بستر اوٹھایا کیون نسیم اب یہان سے کسطرف جائینگے آپ	۲۰

بیٹھ رہتے نہ ملی ایسی کوی جا دلچسپ ۔ نہ لگا جی کہ نہ تھا سبزۂ صحرا دلچسپ

تنگ آئے ہین بہت خاطر سے ہم ہی ہم ۔ ساقیا دے کوئی پیمانہ صہبا دلچسپ
بڑہ گئی آہ و فغان اور وہان سے آگے ۔ نظر آیا نہ مگر عرش معلا دلچسپ
جاے آرام زمین کو تو نپایا افسوس ۔ ہان مگر سنتے ہین ہی عالم بالا دلچسپ
کچھ تسلی نہوئی گلشن ایجاد سے آہ ۔ ڈہونڈہیے اور ہی مسکن کوئی اچھا دلچسپ
ہین تری چشم فسون خیز سے نسبت کیا وہ ۔ آنکہ رکھتی نہین کچھ نرگس شہلا دلچسپ
دام گیسو کے تنہا ہی رہائی سے ہے خطا ۔ ہی دل و نیر بلادہ مجھے سودا دلچسپ
سر سے پا تک نظر آتا ہی ہر اک شعلۂ نور ۔ کیا بنائے ہین خدا نے تری اعضا دلچسپ
جا بجا مسکن یاران فنا دست بلا ۔ نظر آتا ہی عدم کا مجھے رستا دلچسپ
کر دیا محفل خاموش نے افسردہ مزاج ۔ ساقیا اوٹھ کہ ہی دور مے مینا دلچسپ
لطف بوندون مین پسینے کی جبہی عرض ہے ۔ اسطرح سے ہی کہان عقد ثریا دلچسپ
اوس جفا کی بھی تصدق کہ تسلی بخشے ۔ ظلم بھی ہو تو کوئی اے ستم آرا دلچسپ
کم پریشانی خاطر نہ ہوی صد افسوس ۔ تہا اوٹہا داغ دردل سے کوئی شعلا دلچسپ
ہوس سیر چمن کا ہی یہان کسکو دماغ ۔ کیا نہین خانۂ زنجیر ہمارا دلچسپ
جان ہی جاتی ہی ہر عاشق شیدائی کی ۔ کسقدر ہی تری زنجیر مطلا دلچسپ
جا ہی دل سینے مین اپنے نے رکہا اوسکو ۔ بسکہ تہا یار کا عکس رخ زیبا دلچسپ
جا بجا ہین مجھے گلرنگ کے چھینٹے زاہد ۔ خوب ہی آج تو ہی رنگ مصلا دلچسپ
نقش مانی و بہزاد نے اوسکو سمجھا ۔ کسقدر تہا تری تصویر کا نقشا دلچسپ
جز تری نقشۂ تصویر ہزارون دیکھے ۔ ڈالتی آنکہ نپایا کوئے اتنا دلچسپ

۱۲۴	سرگذشت اپنی سنا روز اسی طرح نسیم کہ نہین اس سے زیادہ کوئی قصا دلچسپ	۱۹

لہرا رہی ہین طرۂ زلف دوتا کی سانپ ۔ بل کہا رہی ہین پیش نظر کس بلا کے سانپ

اوٹھنے لگے ہین سینہ سوزانسے پھپہوین — اوڑنے لگے زمین سے فلک تک بلاکے سانپ

لائی صبا ہی زلف مسلسل کی نکہتین — اوترے ہین آسمانسے زمین پر ہوا کے سانپ

اچھا نہین ہی طول بلا اوستم شعار — پاؤن تک آچکی تری زلف دوتا کی سانپ

دہوکا ہی حسن گیسو پیچان یار مین — ایدل بنی ہوی ہین فریب و دغا کی سانپ

دشوار کیون نہو تری الفو نسی جان بر — زورونپہ چڑہ گئی ہین یہ قہر خدا کی سانپ

کافر کہلیگا حال جب اسلام و کفر کا — ہنگام مرگ آگی ڈسین گی قضا کی سانپ

تریاق کیا کرے کہ یہان ہر جڑہ چکا — کام اپنا کر چکے تری زلف دوتا کی سانپ

زلفونکو کہول بیخبر آگاہ ہو رہین — سوتے ہوون کو یار دکہا دی جگا کی سانپ

جنبش ہی بات بات مین اوسکی زلف کو — لائی کہانسے آپ یہ منتر پڑہا کی سانپ

دلسے خیال زلف کسیوقت کم نہین — نکلے نہین ابہی مری ماتم سرا کی سانپ

آنیکی میری سنکے خبر اوڑ گیا رقیب — بہاگا کمال خوف سی کیا دم دبا کی سانپ

شانی کیسے ہین یار کی زلف سیاہ مین — پالی ہین ہمنی ہاتہ پر اپنی کہلا کی سانپ

کیا کیا نہونگی منکر عقبے کو حسرتین — دکہلای جائینگے جو عذاب خدا کی سانپ

متوکل ہوے جو الفت زلف سیاہ سے — کیا کیا بلائین ہمنی اوٹہائین بلا کی سانپ

دیوانہ تیرے طرۂ گیسو نے کر دیا — کیسا الگ ہوا مجھے رستا بتا کی سانپ

بیوجہ کب ہین رخ پہ تری حلقہ ہای زلف — محفوظ گنج حسن کیا ہی بٹہا کی سانپ

زلفین چہوڑی گا یار کی مینہ تو دیکہیے — سر پہ عدو کی کہیل رہی ہین قضا کی سانپ

انصاف ہی تو جلوۂ حسن سیاہ دیکہ — پیدا کیی نسیم نی ڈس ڈس بلا کی سانپ

۱۲۵	ردیف تای فوقانی	۷

چشم فلکی سے ہی نہان مین تعمیر بہارات — گویا مری عریان بدنی کی تہی قبارات

رہ دیکہو یہان مدفن اعدا پہ جو تہارات — زندونکی مدارات ہی مردونکی زیارات

خنجر کی زبان زخم کے لب آبلو نکے منہہ
گردش نے تھکا یا ہی تو اب ہل نہین سکتے

کس کس مین مری بیخبی کے ہین اشارات
شاید کہ مری طرح ہوئی آبلہ پا رات

اے ہجر ملا رشب گیسو کی سیاہی
کانو نہین چلی آتی ہین فرقت کی صدائین

ہو جاوی دو تا تا صفت زلف و تارات
جھنکار سے نالو نکی ہوئی زنگلہ پا رات

زنجیر سے جکڑا او سے ہاتھو نکی خطو نے
باندھا گیا ای جان ترا دزد حنا رات

۱۲۶	ولہ	۷

افزائش تو نیپہ تھا قلق دل تمام رات
کاٹی ہے ہمنے یار بمشکل تمام رات

ہر لحظہ دلمین شوق شہادت کی جوش تھے
ہمکو رہا تصور قاتل تمام رات

محظوظ تھا وہ دیکھ کے اپنا فروغ حسن
آئینہ ماہ کا تھا مقابل تمام رات

فرصت نپائی ریزش گریہ سے ایکدم
جاری رہا ہی قافلۂ دل تمام رات

کیا پوچھتی ہو عاشق مضطر کی سرگذشت
بیتابیان تھین صورت بسمل تمام رات

فرصت نہین تصور جانانسے ایکدم
رہتا ہی سامنے مہ کامل تمام رات

۱۲۷	دامن مین آکی اشک ٹپکتی ہین ای نسیم لٹتی ہی خوب دولت حاصل تمام رات	۱۷

تھا وصلت جنونکا جو سامان تمام رات
لپٹے رہی ہین دست و گریبان تمام رات

بھائی جو داغہای فروزانسے ہت اگئے
شعلے تھی جلوہ گر تہ دامان تمام رات

گھیرے رہی ہین دلکو خیالات حسن یار
پریان رہی ہین گرد سلیمان تمام رات

جھپکی نہین ہی آنکہ اسیران عشق کی
شاہد رہی ہین روزن زندان تمام رات

پیش نظر تہے عارض گلرنگ کی بہار
دیکھا کیی ہین لطف گلستان تمام رات

آئینہ جمال مین وہ تھین صفائیان
تکتے رہی ہین دیدۂ حیران تمام رات

اللہ رے شوق دید رخ یار ہم رہے
مصروف منت سگ دربان تمام رات

کس کسطرح سے دل تہ و بالا ہوا کیا ۔۔۔ برہم رہی جو زلف پریشان تمام رات

پڑھتا رہا مین مصحف عارض کی آیتین ۔۔۔ پیش نظر رہا مری قرآن تمام رات

ہاتھون مین اپنے دل بیتاب کو لیے ۔۔۔ پھرتا تھا گرد کوچہ جانان تمام رات

ہٹ ہو چکی بس اب مرا انصاف کیجیے ۔۔۔ انکار پھر رہیگا مری جان تمام رات

گھر مین بلاکے رنج دیے آپنی ہمین ۔۔۔ کیا خوب کی ہی خدمت مہمان تمام رات

فرصت جنون سے ایک گھڑی بھی نہین ملی ۔۔۔ زیر قدم رہا ہی بیابان تمام رات

کشتون کے زخم ہنستے تھے کنج مزار مین ۔۔۔ روتی تھی شمع گور غریبان تمام رات

تھا قید پیرہن مین مرا جسم ناتوان ۔۔۔ طوق گلو رہا ہی گریبان تمام رات

گھیری رہی ہی روح زمین پشت آسمان ۔۔۔ تارے بکے ہزار غریبان تمام رات

۱۶	آسان نہین ہی دشت نوردی کیا کہی ہم دن بھر ہی دہوپ خار مغیلان تمام رات	۱۲۸

غنچے نی تاج گل نی کیا پیرہن درست ۔۔۔ شادی بہار کی ہی ہوا ہی چمن درست

پیغام رستخیز ہے آمد بہار کے ۔۔۔ مرکر اٹھی ہی نرگس بیمار تندرست

رکھا دہان تنگ نے مطلب کو ناتمام ۔۔۔ نکلا تمہاری منہ سی نکوسے سخن درست

گل جلوہ گر ہین آمد فصل بہار سے ۔۔۔ کرتا ہی باغبان نشیب فراز چمن درست

پیوند مہر و ماہ لگاتا ہی روز و شب ۔۔۔ کرتا ہی چرخ پیر ردای کہن درست

دست جنون نی قید تعلق سی دی نجات ۔۔۔ پونہچا نہ ایک تا بہ گلو پیرہن درست

کرتی ہی جمع باد صبا خاک منتشر ۔۔۔ ہوتا ہی پھر نشان مزار کہن درست

ہوتی ہین جوش عشق مین چھوچھو شکایتین ۔۔۔ کہتا ہی ناز سے وہ بت سیم تن درست

فرہاد نے فریب محبت مین جان دی ۔۔۔ سمجھا کہ ہے معاملۂ پیرزن درست

ساقی بھلا ہو تیرا سبو کوئی جام دے ۔۔۔ رکھے خدا ہمیشہ تری انجمن درست

ناحق خرام نخم کی دیتا ہے زینتین ؛ کرتا ہی شانہ زلف بت سیم تن درست

کس شکل گل کے شہرت نظارگی ہی آج کرتے ہین غنچہ ہای چمن پیرہن درست

زنگ دوئی سے آئنہ دل ہی پاک وصاف رہتا ہی اپنا گوشہ بیت الحزن درست

بیفائدہ ہین چارہ گرون کی مشقتین ہوتے نہین ہین عشق کے بیمار تندرست

چاٹا ہی ایک عمر لعاب زبان تیغ زخمون کے مدتون نہین ہوئی ہین پر درست

۱۲۹	بدلو ردیف اور رکہو جی بہر گیا نسیم ہوا ور طرح زلف عروس سخن درست	۱۴

کعبہ نہین ہے زاہد غافل نشان دوست دل ڈھونڈ عاشقونکا ہی ہی مکان دوست

افسانہا ہی دوست بین کٹتی ہین رات دن رہتی ہی لب پہ آٹھ پہر داستان دوست

گر خاک ہی ہوا تو ہوا کوی یار کے بعد فنا ہی چھٹ نسکا آستان دوست

جھگڑا مٹا عذاب گیا مخلصی ملی ؛ رکھتے تھے ایکدل سو ہوا میہمان دوست

نکلے نہ منہ سے بات بجز ذکر یار کے لب آشنا کسی سی نہین جز بیان دوست

بینا ہی تو تو دیدہ بینا سے دیکھ لے پیدا ہی ہر خفی و جلی مین نشان دوست

کیا تاب مدعی جو لگائے نظر ادہین رہتے ہین آہ و نالہ مری پاسبان دوست

جان لیکے بھی خوشی نہوی میری یار کی راضی نہو سکا دل نامہربان دوست

ہوتی ہی مشق بے ادبی گالیونکی ساتھ رکھتی ہے اور طرح کا چسکا زبان دوست

ہی سرفروشیونسے بہا سے جمال یار ارزان ہی آجکل تو متاع دکان دوست

ہین داغ سینہ صورت آتش دہک رہی ہان آج کل بہار پہ ہی گلستان دوست

مانند گل دہان جراحت شگفتہ ہین ہی اور رنگ پہ چمن بے خزان دوست

دل صاف ہو تو راز حقیقت کہلے تمام دیکھا کرے بصورت آئینہ شان دوست

دیکھے جو برگ گل تو لبونکا ہوا گمان غنچہ نظر پڑا تو مین سمجھا دہان دوست

١٣٠

دہوکے دیے نزاکت جانان اسی ہم
پایا عدم مین بہی نہ نشان میان دوست

٢١

آشنا بنکر رہون ہر وقت پیش روی دوست
وہ مجھی دیکھا کری دیکھا کرون مین روی دوست

سیر جنت خوب جب رضوان مجھی دکھلا چکا
بے تامل منہ سی نکلا ہای لطف کوی دوست

بدر کو دیکھا تو سمجھا عارض تابان یار
جب ہلال آیا نظر جانا کہ ہی ابروی دوست

آہ دلسے کھینچتا ہون دیکھکر ہر سرو کو
کیسا کیسا یاد آتا ہی قد دلجوی دوست

دلسے بہتر روشنی یاقوت و گوہر مین نہین
نور تن کیا نگین ہی قابل بازوی دوست

ماہ بدلے میری عادت کا بدلنا ہی محال
چاند کوئی ہو مگر مین دیکھتا ہون روی دوست

عشق وہ شی ہی کہ پتھر مین ہی کرتا ہی اثر
جای دل سینے مین ہی در نجف کی موی دوست

کچھ نہ کچھ ہر شخص کو اوس سی تعلق ہی ضرور
کوی محو روی جانان کوی محو خوی دوست

حسرت دیدار مین کیا کیا نہ تڑپی عندلیب
تا قفس لائی صبا جسدم چمن سی بوی دوست

ہی ترا معشوق بھی عاشق کہین اے عندلیب
سونگہ لے پھر اس گل سی آتا ہی بوی دوست

قسمت اپنی اپنی ہمین کیا کسی کا اختیار
ہم ہین ہم پہلوی ہجران دل ہی ہم پہلوی دوست

دلفریبی ہو چکی اب کیا غرض الطاف سی
ہی زمین تکیہ بجای تکیہ پہلوی دوست

ہر طرف تیر نگاہ ناز کرتے ہین شکار
صید کیا صیاد فگن ہو گئی آہوی دوست

کاٹ لین ہم آپ سر اپنا توقف کیا ضرور
ہی بعید از شرط الفت تجشش بازوی دوست

خاکسار و نکو نشیب آرزو درکار ہی
عرش سی بہتر سمجھتا ہون زمین کوی دوست

چاہیے قاتل زبان چاک تن اتنا لحاظ
یہ وہ پہلو ہی کہ جو ہوتا تھا ہم پہلوی دوست

سچ تو یہ ہی مرگ عاشق کے تصدق جائیے
چشم مصروف نظارہ سر تہ زانوی دوست

فتنہ ہای چشم سحر آلود کی ہین شہر تین
کسطرف کس جا نہین افسانہ جادوی دوست

ہان خدارا ای اجل اتنا توقف چاہیے
چلتے چلتے اک نظر پھر دیکھ لین ہم روی دوست

زینت جاوید رکھتا ہی لباس دوستی
پیرہن ہی خاکسارونکا غبار کوی دوست

٩	سخت جانی کا بُرا ہو دل ہی شرمندہ نسیم پھر گیا خنجر کا منہ شل ہو گئی بازوی دوست	١٣١

ناصحا لے راہ اپنی جاتے ہین اسکی سی دوست
ہم تو بے قابو ہوی دلبر ہوا قابوی دوست

بے تکلف افعی رہزن کا ہوتا ہی یقین
جب نظر پڑتی ہی میری جانب گیسوی دوست

سر پہ چڑھکر بھی نچھوڑین عاجزی کی عادتین
چومتی ہین پانون اگر بارہا گیسوی دوست

جان نثاری کی مری عاشق سی پوچھا چاہیے
اے خوشا وہ سینہ جو آئی تہ زانوی دوست

عاشقونکی آرزو بعد فنا بھی ہی یہی
بدلے جنت کی ملے دو گز زمین کوی دوست

آتی ہی آواز عاشق کی کنار قبر سے
آج خالی دوست کے پہلو سی ہی پہلوی دوست

مجکو سمجھاتا ہی کیا پھر تجکو سمجھانا پڑی ہی
تو بھی دیوانہ ہو ناصح دیکھ لی گر روی دوست

دل تڑپتا ہی طبیعت مین ہی کیا کیا کچھ
دیکھیے کسدن میسر ہو ہمین پہلوی دوست

ٹکٹکی ہی دیدۂ حیران کی ہر لحظہ نسیم
دیکھتے ہین راتدن آئینہ زانوی دوست

٢١	ردیف تای ہندی	١٣٢

مین یون ہوا عقوبت قاتل سی دل اوچاٹ
ہو جسطرح کوی کسی مشکل سی دل اوچاٹ

دی سخت جانیون نے اجازت نہ ذبح کی
قاتل ہوا تہیۂ باطل سے دل اوچاٹ

فرقت مین مجکو آتش سیلے دو دہی چمن
ہوتا ہی نغمہ ہای عنادل سی دل اوچاٹ

کیونکر کٹین گے بُعد عدم کی مشقتین
ہونے لگا مسافت منزل سے دل اوچاٹ

جب سامنی ہوا آئینہ حسن او پری
کیونکر ہو کوی تیری مقابل سی دل اوچاٹ

باہم ہوی قصور نگاہونکی لطف مین
افسردہ ہین مزاج ہوا دل سی دل اوچاٹ

حسرت مری گلوی بریدہ کی کم نہین
قاتل ذرا نہوا ابھی بسمل سی دل اوچاٹ

تسبیح پارہ ہای جگر چاہیی نہین
عاشق نہ کیون ہو دور انامل سی دل اوچاٹ

اب ہم نہ آئینگے کبھی مثل شرار شمع / جاتے ہین ہو فا تری محفل سی دل اچاٹ

مسکن کیا نگاہ نے رخسار صاف پر / کیونکر نہو تجھے جو شمائل سی دل اچاٹ

کیا دانہ ہای اشک سی جز غم ہی فائدہ / ہو کیون نہ ایسے کشت کی حاصل سی دل اچاٹ

جاؤن کہان کہ ضعف سی اتنا یہ حال ہی / ہوا ہی ہو جیسے بعد منازل سی دل اچاٹ

نفرت ہی اسقدر مجھی گھر کے نشان سے / ہوتا ہی خانہ ہای سلاسل سی دل اچاٹ

کیا تیری روی صاف سے نسبت اوسے ہین دون / ہی داغ سینہ مہ کامل سی دل اچاٹ

نازک دماغ ہون نہ لگا سر چڑھا و گل / ہونے لگا ہجوم عنادل سی دل اچاٹ

ہر بات مین ہی بی ادبی کے ہزار ڈھنگ / ہو کسطرح نہ صحبت جاہل سی دل اچاٹ

کسکو دماغ ہی جو سُنے شکوہ ہاے گل / کیونکر نہو حدیث عنادل سی دل اچاٹ

مشتاق مرگ ہون مجھی ہر سی بال و پش / پھرتا ہو تمہین تغافل قاتل سی دل اچاٹ

پروانہ وار اور کہین دل جلائین گے / اے شمع رہ ہوا تری محفل سی دل اچاٹ

خدمت گذار یو ہمین لگی کونسی ہوی / کسواسطی ہو عاشق بیدل سی دل اچاٹ

ہی حسب حال مصرع اشرف نسیم کی / اے شمع رہ ہوا تری محفل سی دل اچاٹ

۱۳	ردیف ثای مثلثہ	۱۳۳

گلہ خونکی ہی ہوس ای دل ناشاد عبث / ہی ہوای چمن عالم ایجاد عبث

سنگ دل موم نہونگے یہ ہوس بیجا ہے / نالہ بیفائدہ ہی شورش فریاد عبث

ناتوان وہ ہون تصور سی گرانی ہے مجھے / حیلہ ایجاد ستم اسے ستم ایجاد عبث

سخت جانی نہین دیتی کبھی فرصت مرگ / سر کو رکھتے ہین نہ خنجر بیداد عبث

زور بازوی جنون سے ہی نپٹنا مشکل / فکر ہین طوق و سلاسل کی ہین جلاد عبث

دہوتی کرتے ہین اوس سی جو محبت کی / اوس ستم پیشہ کی اپدل ہی تجھی یاد عبث

کیا ہوا امید وفا ایسے ستمگر سے بھلا / حال سُنکر مرا کہتا ہی جلاد عبث

رحم آیا نہ کبھی عاشق شیدا پہ تجھے
خدمتین کین تری ہمنے ستم ایجاد عبث

کیا غرض ہی اوسے دیوانہ سر پیٹے تیرے
دیکھ ای دل ہوس یار پری زاد عبث

تو تیا چشم فلک کا نہین جو ہوگا عزیز
ای صبا خاک مری کرتی ہی برباد عبث

قسمت بد سے میسر نہوا وصل حبیب
تھی سپہ کوہ کنی محنت فرہاد عبث

تا گلو تیغ نہ آئیگی کہ مرجاؤن گا
زور بازو مجھے دکھلاتا ہی جلاد عبث

۱۳۴	خوبرویون سے تمنا ہی وفا حیف نسیم دل لگایا ہی تو اب شکوہ بیداد عبث	۷

مہربانی ہی دم مرگ یہ ای یار عبث
دیکھنے آئے ہو تم صورت بیمار عبث

کم نہوے داغ جگر سیر گلو افسوس کہ ہم
دیکھنے آئے ہین کیفیت گلزار عبث

آپکی بخل طبیعت سے ہی اب امید نہین
لوٹنی آئے ہین ہم دولت دیدار عبث

کونسی بے ادبی کی جو کہا حال اپنا
ہمسے بل کرنے لگے کیون چنبہ دار عبث

غنچہ شکون ہی کہ مسک سی ہی میسر یہ فیض
دہن زخم نی چوسے لب سوفار عبث

مین ہون افسردہ ہنسی آئی گی کیونکر لبتک
گدگداتی ہین کف پا کو سر خار عبث

۱۳۵	ہان اوسسے جو کہتا ہی وہ عیار نسیم ہونہ آزردہ کہین کرتی ہو تکرار عبث	۸

بال آئینہ مین آیا خودنمائی ہی عبث
خط ہوا وجہ کدورت اب صفائی ہی عبث

یہ تصور وہ نہین تمکو اچھوتا چھوڑدی
بندہ پرور اجتناب پارسائی ہی عبث

عاشق جانباز سے کیا بانکپن کی گفتگو
رہست بازو نسے مری جان کج ادائی ہی عبث

فصل گل مین کردیا پامال دیر صیاد نے
ای دل مایوس اب شوق رہائی ہی عبث

کاٹ کر چہلے سے سر کہدیگا قاتل ہاتھ پر
ای دل شوریدہ شوق جبہ سائی ہی عبث

کام کیا نکلیگا ای دل آہ بی تاثیر سے
یہ قدر اندازی تیر ہوائی ہی عبث

نکہت زلف معنبر سے معطر ہی دماغ / ای صبا تو یہی گل پھر پس لائی ہی عبث
خاکساروں کے لیے ہی خاک ہی نیت نسیم / آسمان پران غبار دل کی چڑھائی ہی عبث

١٣٦ — ردیف جیم عربی — ٨

کہہ تو کیا ای چارہ گر تجکو ہوا منظور آج / گھورتا ہی بے طرح کچھ دیدۂ ناسور آج
دور سے آئی تھی شہرہ سنکے یہ امیدوار / بات بھی تو نی نہ پوچھی او بت مغرور آج
کچھ عجب تاثیر کی تیغ نگاہ مست نے / زخم کی منہ سے ٹپکتی ہی مئ انگور آج
ای خوشا قسمت کہ ہی پہلو مین وہ رشک قمر / جلوہ گر ہی بعد مدت خانۂ بے نور آج
حشر کے سامانسے کم سامان فرقت نہین / آرہی ہی تیر نالونسے صدای صور آج
ہٹ پڑی ہین اگر وہ آئین تو کچھ غم نکہا / ہم بھی ای دل کب کبھی کرتی ہین نامقدور آج
پوچھتی کیا ہو تپ فرقت کی ہیجان کہ بیان / ہاتھ بھی کہنی نہین ہین تاب محرور آج

١٣٧ — پوچھیان کہا آئین نظر کی اسقدر پیہم نسیم / دل ہمارا ہو گیا ہی خانۂ زنبور آج — ١٣

پیا جام مے چشم بتان آج / ہوسے پیرانہ سالی مین جوان آج
گریبان سایۂ دامن کریگا / کہ ہی عشق جنون کا امتحان آج
تصور بھی نہین جاتا وہانتک / تحمل ہے خوف چشم پاسبان آج
اشارون سے خبر دی مدعا کی / ہوے باہم کلام بے زبان آج
اوڑے اوراق گل باد خزان سے / ہوئی برہم کتاب بوستان آج
عدم ہی سیر الاشہ کا ہشونسے / کہین ڈہونڈو شرارے کی نشان آج
نہین حسال کمر مین اوّل آخر / کہونگا دہ سیان کی داستان آج
اثر لینے لگا بوسے دعا کے / کہ تہا مطلب ایک غنچہ دہان آج
صبا سے ہین سبک باری کی دعوے / بڑہے بل پر ہی تیرا ناتوان آج

چمن ویران ہوا مرجہا کے جہلکے پہول
چلو یہ جہین مزاج باغبان آج

کہنچے شمشیرہان خالی نجاے
یہ دولت ہو نصیب دشمنان آج

نگاہون سے جہان ہوتا ہے زخمی
لگاتے ہین وہ تیر بی کمان آج

١٣٨	نسیم اپنے کلام پاک سے ہی بہار گلشن ہندوستان آج	١٥

حکم تہا روز گذشتہ مین کیہ ہم آتی ہین آج
جو کہا تہا کل وہی پہر آپ فرماتی ہین آج

حال دل کیونکر کہین ہٹ بیٹہ رہین پاتی ہین آج
میری بوسہ کی لینا نہ کی قسم کہاتی ہین آج

رنگ عارض غیر کی بوسہ نی پہیکا کر دیا
دیدۂ بیدار اونکے مسکراتی ہین آج

مژدہ اے دل ہاتہ سوی دامن قاتل بڑہا
پاؤن آغوش اجل مین چلکی پہیلاتی ہین آج

اب تو یہ نوبت ہوئی تم ہی قدم رنجہ کرو
جا چکے عیسی احبا دیکہنے آتی ہین آج

منزل مقصود تک جانی کی طاقت ہی نہین
جا بجا آنسو مری تہک تہک کے رہ جاتی ہین آج

دم نہین لیتی جو سینہ کہولین ان کی واسطے
متصل تیر نگہ وہ ہم پہ برساتی ہین آج

آرزومند تعلق ہی مری دیوانگی
دیکہنے کو دیدۂ زنجیر ترساتی ہین آج

غفلت قاتل سی حاصل ہی ہمین شرمندگی
زخم تن اپنی ہری ہو ہو کی مرجہاتی ہین آج

دیکہتے ہین ابر رحمت سی تری کیا کیا لگی
اے فلک ہم دامن فریاد پہیلاتی ہین آج

کی ہی تعلیم حیا تیغ ادب آموز نے
اسلیے منہ کہولتی ہین زخم شرماتی ہین آج

خندہ زن دیدہ ہی ہر ہر دہان زخم مین
شادی اندوہ سی دل اپنا بہلاتی ہین آج

شام فرقت نی سکہاتی ہین مجہی کیا کیا خیال
اے فلک ہشیار ہر نالی مری آتی ہین آج

آؤ قبل از حشر دل کا فیصلہ کر لین ہم
زندہ کر لینا ہمین لو تم پہ مرجاتی ہین آج

١٣٩	ہین خیالی نامہ و پیغام اوسکی اے نسیم متصل پیک تصور اپنی دوڑاتی ہین آج	٢٠

بیخبر ہی انجمن بیہوش ہی جانانہ آج
گھوپ چکر دی رہی ہی گردش پیمانہ آج

حسرتین عاشق کی اپنی دیکھ لی ہنگام نزع
ایکدم تو اور بہی پہلو میں ظالم جانانہ آج

صحبت اک حور بہشتی سی جو حاصل ہی مجھی
رشک فردوس علا ہی مرا کاشانہ آج

تیری ناخن سے دامان جراحت چاک ہے
امتحان عشق کرتا ہی ترا دیوانہ آج

جان جانان ثابت ہو نسبت فیلہ اری کی
محو خواب شرم ہی کیون نرگس مستانہ آج

فیصلہ ہو جای باہم اب ادہر ہون یا ادہر
گفتگو کرتے ہین شمع و قاتل سی پروانہ آج

بنگیا اشک ندامت دیدۂ زنجیر مین
شرم سے پانی ہوا ایسا ترا دیوانہ آج

صورت بسمل طپان تہا مین فراق یار مین
کیا کہون کیا کیا رہا ہی حال بیتابانہ آج

خیر ہی کس واسطے کہیرا رہی ہو اسطرح
کسطرف جاتی ہو کیون ہی حال بیتابانہ آج

پہر بہار آئی بڑہی جوش جنون کی ولولی
لیچلا پہر سوی صحرا شوق بیتابانہ آج

جام کیسا خم کے خم خالی نکردین تو سہی
دیکھ لے ساقی کمال ہمت مستانہ آج

کیا ادب ہی محفل رندان ساغر نوش کا
کرتی ہی موج صبا بہی لغزش مستانہ آج

ہی ہجوم کیف مستی لڑکہڑاتی ہین قدم
لیچلے دیکہین کدہر کو لغزش مستانہ آج

چشم ساغر دل ہی مینا شوق ہی کیفی ہجوم
آمد انفاس مین ہی لغزش مستانہ آج

ہاتہ مین ساغر بغل مین شیشہ سر پر سبو
لیچلے پیر مغان کی خدمتین مستانہ آج

دیکہتا ہی سوی ساغر کیون نگاہ تیز سی
دیکھیے لاتا ہی آفت کیا دل مستانہ آج

رشک سی کیونکر نہ جاتی ہو نٹہ اپنی بادہ آ
لذت می لی رہا ہی ہر لب پیمانہ آج

کسکو گلگشت چمن مین عزم می نوشی ہوا
دست شاخ گل پہ ہی گل صورت پیمانہ آج

ہجر جانان مین پی ساقی جو ہی تکلیف جام
ہی بہر اشکون سی آنکھون کا بہری پیمانہ آج

۱۴۰	جوش مستی یا ذن سکسکی نہ ڈالی تک نسیم گر شین کیا کیا نہ دیگی گردش پیمانہ آج	۲۱

جسم مین موجود ہی کیفیت میخانہ آج
روح مثل بادہ تن ہی صورت پیمانہ آج

دید کے قابل نہین ہی محفل رندانہ آج
دختر رز کو لیے ہی گو دمین پیمانہ آج

بیخودی آغوش ہی مین کر رہی ہی مستیان
مے خیال یار ہی دل ہی مرا پیمانہ آج

بنگئی پہلی ہی کیفی ہم نگاہ مست کے
لبتک آئی ہی نہین پایا لب پیمانہ آج

یک نہ زاہد اسقدر چل سوی میخانہ چلین
دیکھ لے تو ہی بہار صحبت رندانہ آج

دل منور ہی خیال عارض پرنور سے
مطلع خورشید تابان ہی مرا کاشانہ آج

خون ہو کر ہی ٹپکتا ہی دہانِ زخم سے
بن گیا ہون مین شگاف پہلو پیمانہ آج

چھٹ نہین سکتا وہ کی ہی بخیہ وز نے شوق نے
ہی دہن گویا کہ پیوند لب پیمانہ آج

محتسب نے آکے محفل کو نماز سے کر دیا
جھک گئی خم گر پڑا سجدے مین ہر پیمانہ آج

روح اپنا گھر سمجھتی ہی تو عشق اپنا مقام
دو مکین ہین ایک قصر جسم مین ہمخانہ آج

زلف مین ہنگام آرایش نہان ہو جاے گی
جسم ہو پیدا اگر ہیگا استخوان شانہ آج

التیام زخم کردے گی یہ آرایش تری
چاک گیسو ہی صنم بھر دیگا چاک شانہ آج

چھپ گئی ہر ویمین خم آتی ہی مجہ مینوش کے
چین گیسو ہو کی سمٹا دامن میخانہ آج

جل رہا ہون وصل مین ہی شعلہ رخسار کی
بن گئی تقدیر میری قسمت پروانہ آج

ناز کرتا ہی تصور ہی جمال یار کا
دل کو حاصل ہی مری تکلیف معشوقانہ آج

چرخ پر رہین نہ مانہمین شب شتاق ہین
تار جانان ہو گیا شاید مرا افسانہ آج

شمع بالین کی تمنا ہی نہ پرواے چراغ
بیکسی دکھلا رہی ہی ہمت مردانہ آج

بعد مدت آمد آمد ہی عروس مرگ کی
جلوۂ مدفن دکھاتا ہی مرا کاشانہ آج

ہمت چلا و دیگی قید جسم ہی سے نجات
مژدہ یاد ای روح تجکو فرقت کاشانہ آج

جل گیا پروانہ دیکھو ایک ہی انداز مین
یار نے کی شمع کو تعلیم معشوقانہ آج

یہ غزل فی البدیہہ جواب ہی لکھی تسیم
ورنہ یہ سودای بیجا اپنی سر مین تہانہ آج

۱۴۱	ردیف جیم فارسی	۵

نہین دیکھی یہ تصویر کے بہی زنجیر کے پیچ / کس بلا کے ہین تری زلف گرہ گیر کے پیچ

لاکہ انسان ہو ہشیار مگر ای دل زار / فہم مین آتی ہین کسکے خط تقدیر کے پیچ

خط مین اوصاف لکہی کاکل برہم کی جو آج / ہم سمجہتی ہین ستمگر تری تحریر کے پیچ

ایک دو ہون تو گلہ اونکا زبان پر آئے / روز ہوتی ہین نئی اوس بت بے پیر کے پیچ

سرگذشت اپنی سناٴین تجہی کیا خاک نسیم / ہمسے جاتی ہی نہین اس فلک پیر کے پیچ

۱۴۲	ردیف حای حطی	۵

بہاتی ہی جیسے دلبر عیار کی طرح / بیہوش ہون مین مردم بیمار کی طرح

کہتے ہین مجہکو دیکہ کے خاموش ہین یہی / کیون چپ کھڑے ہو سامنی دیوار کیطرح

ای روزن دریچۂ جانان قصور کیا / کیون گہورتا ہی چشم ستمگار کی طرح

اللہ رے درازی گیسوی دلربا / گہٹتے نہین کبہی شب بیمار کی طرح

۱۴۳	کچہ حال اپنا کہہ تو ہوا کیا تجہی نسیم کرتا ہی آہین کسلیے بیمار کیطرح	۵

رکہتی ہے کب اعتبار ایجان روح / جسم مین ہی چار دن مہمان روح

فکر دنیا خواہش عیش بقا / کیا نہین رکہتے بہلا ارمان روح

سیکڑون آتی ہین خاطر مین خیال / روز کرتے ہی نئے سامان روح

جسم کیا شی ہے کہ تا ہنگام مرگ / دوست رکہتی ہے اسے ہر آن روح

۱۴۴	غور سے دیکہا جو ہمنے ای نسیم تن بت گہتی ہی نہایت شایان روح	۱۵

رہی ہمیشہ اسیری سے اختیار مین روح / چہٹی بدن سے پہنسی دام زلف یار مین روح

بدل رہا ہی جو تا نسے یہ کروٹین لاشہ / بس فنا ہی تری یاد جسم زار مین روح

ملال تمکو ہی تم ہو دل بکدر رہیں — غبار روح میں ہی یا کہ ہے غبار میں روح

کہیں اجازت رفتار دے تو اکت پیا — کہ راہ تکتی ہی آغوش انتظار میں روح

فنا ہی عشق میں کیا برگزیدگی ہی ہمیں — کہ اپنا جسم ہوا ہی تن مزار میں روح

نہ زندگی سے خوشی ہون موت سے راضی — نہ اختیار میں دل ہی نہ اختیار میں روح

دکہا دی جلوۂ آخر کہ وقت ہے آخر — ہی میہمان نفس چند جسم زار میں روح

تہیں ہیں ہم تری نکلے سستیاں پس مرگ — بہک رہی ہی ابہی تک اسی خمار میں روح

پیا ہی بادۂ الفت کا ساغر لبریز — ابہی سرور میں دل ہی ابہی خمار میں روح

عجب نہیں جو پکاری تجہی مری آغوش — ترا خیال ہوا ہی مرے کنار میں روح

خیال گل کبہی خاطر سے کم نہو بلبل — بہار یہ ہی کہ نکلے اسی بہار میں روح

بہار داغ جگر سے ہوا مزاج نہ سیر — تمام عمر رہی سیر لالہ زار میں روح

خیال کاکل برہم سے حال ہی برہم — پہنسے ہوی ہی عجب دام انتشار میں روح

عدم ہوا ہی بدن کاہش محبت سے — کنار قبر میں ہی رحمت فشار میں روح

١٤٥ خوش آئی عادت طفلی ہیں فنا ہی نسیم — کہ لوٹتی ہی مری دامن مزار میں روح ١٥

تن ضعف سی کہاں کہ جو ہوتی بدن میں روح — لپٹی ہوئی ہی جسم سمجھ کر کفن میں روح

سہی آپ اپنے دید میں معشوق باطنی — محو برہنگی ہے لباس بدن میں روح

قائل ضرور چاہیے تکلیف مخلصے — کب سی اسیر دام ہی رکہا ہی تن میں روح

بہ سوختے ہیں نظارہ باہم کے مشغلے — یاں روح تن کی دیکہتی ہے دید تن میں روح

سینہ ہجوم داغ سے گویا ہی لالہ زار — رہتی ہی یاد دلبر گل پیرہن میں روح

ہر سو ہی شکل نکہت گل جوش انتشار — ہی جستجوی دلبر غنچہ دہن میں روح

دیتا ہی زخم میں اثر جان لعاب تیغ — رکہتا ہی ہر شگاف جراحت دہن میں روح

ایسے ہین حلقہ ہای رگ جسم استوار
گویا پڑی ہی بندش تار رسن مین روح

ممکن نہین کہ جای مصیبت فراق کی
نکلی گی ایکدن اسی رنج و محن مین روح

اے عشق کچہ غبار بدن چھوڑ دیجیو
احباب ہی لپٹ نسکی گی کفن مین روح

غافل طلسم دہر مقام فریب ہے
اٹکا نہ تو محبت ہر مرد و زن مین روح

کیسا لعاب افعی گیسو مین زہر تھا
پانی ہوی جو دیکھتی ہی سیری تن مین روح

ہی شمع رو بصورت پروانہ رات دن
رہتی ہی محو دید ترے انجمن مین روح

عصمت شعار پاک ہین لوث نگاہ سے
پردہ کیے رہی گی حجاب بدن مین روح

ہر وقت ہی اذیت بیجا ہمین نسیم
بیچین ہی خیال بت سیم تن مین روح

۱۴۶ — ردیف خای معجمہ — ۱۵

نہین جلاد کی کچہ آستین سرخ
شہید ونکے لہو سے ہی زمین سرخ

دکھایا اشک خونین نے نیا رنگ
سر دامن سے ہی تا آستین سرخ

یہ رنگ پیرہن تہمت فزا ہے
کہ ہی قاتل ابہی تک آستین سرخ

غضب لائیگے یہ آتش فزا جے
کہ ہے غصہ سے رو کی مہ جبین سرخ

شگون قتل ایذا دوستان ہے
جو ہی بر مین لباس نازنین سرخ

ہمارا لخت دل ہو زیب خاتم
کہ اب بہتر نہین اس سے نگین سرخ

خبر کیا میرے دلکی پوچھتے ہو
سنان تیر کیا دیکھے نہین سرخ

نشان خون بسمل کم نہو گا
رہیگا مدتون روے زمین سرخ

مین شیدا تھا لب رنگین کا تیرے
کفن دینا مجھی اے نازنین سرخ

ترا بسمل جو بیتابانے پر آئے
تو ہو پشت فلک روی زمین سرخ

زبان تیغ سے ہی جسم رنگین
دہان زخم ہین اے ہمنشین سرخ

لباس سرخ پہنا سیم تن نے
نظر آتا ہی رنگ یاسمین سرخ

جما رنگ شہادت [illegible] — کرا ونچی اونگلیان برسون رہین سرخ
نکالا ہے بغل سے دلکو ہین نے — براے نذر لایا ہون نگین سرخ
نسیم ایسے لکہے ہین شعر رنگین — برنگ گل غزل کی ہے زمین سرخ

۱۴۷	ردیف دال مہملہ	۱۳

نجائیگی تری وحشی کی رائگان فریاد — یقین ہی کہ ہو زنجیر آسمان فریاد
فلک تو کیا ہی لب عرش تک جائیگی — مین ناتوان ہون نہین میری ناتوان فریاد
شب فراق بڑی لطف سی گذرتی ہی — انیس نالہ فغان دوست مہربان فریاد
بہت دنو نمین ہمین آج نیند آئی ہی — نکر فرار یہ رو رو کے نوحہ خوان فریاد
یہ ضعف ہی کہ ہم اک آہ کو ترستی ہین — اسیر سینہ ہی کیا آئی تا دہان فریاد
کمال قاعدہ دان ستم ہی برسو نسے — اوٹھا چکے ہی بہت صحبت بتان فریاد
اثر ہوا ہی وہ درد فراق کا مجہ مین — کرینگے بعد فنا میری استخوان فریاد
بہت دنون مین دل آزاریان یہ سیکہی گی — ابہی نہین ہی تمہاری فراجدان فریاد
نہ تخت عرش نہ کرسی نہ لامکان دیکہا — نجائیگی ابہی میری کہان کہان فریاد
کبہی تو جذب محبت اثر دکہائے گا — کبہی تو لائیگی اونکو کشان کشان فریاد
خیال کاکل شب رنگ سی یہ حال ہوا — مرے دہن سی نکل کر ہوی دہوان فریاد
یہی ہی اے فلک پیر صورت انصاف — سنین وہ نغمہ مطرب کرون مین یان فریاد

۱۴۸	نسیم چرخ و زمین پر نہین ہے کچہ موقوف کہان کہان نہ بنائیگی آشیان فریاد	۹

سنا ہی کیا تمہین بیمار ناتوان فریاد — کہ دل سے آ نہین سکتی ہی تا زبان فریاد
شب فراق مین تا صبح میری ساتہ رہی — بہت دنو نمین ہوی مجہ پہ مہربان فریاد
فراز چرخ سے تا عرش کونسا ہی سفر — ابہی نجائیگی دیکہو کہان کہان فریاد

صدا نکلتے ہی ہر استخوانسے دل شکست
ہین ایسے کہ نالہ کہ یہ کرتا ہون نکے دہان فریاد

فلک کے ظلم سے ہر وقت لب پر آہ ہین ہین
جفا ہی پر یہی کرتی ہین نوجوان فریاد

وہ لطف کرتے ہین دل دیکھنا جو ہی منظور
مجھے ہی ڈر نہ رہے کے وقت امتحان فریاد

ہزار طور سے ڈہونڈا پتا نہین ملتا
نکل کے منہ سے ہوی ہی نشان کہان فریاد

بلند پان جو سمائین مزاج عاشق ہین
بہت دنونسے ہی سیاح آسمان فریاد

۱۶	یقین ہی کہ دکہائی نسیم کچہ تاثیر نجا ہی گی کبہی عاشق کی رائگان فریاد	۱۴۹

اپنی ہستی پر نکیون ہو منفعل ہر دردمند
جانتا ہی دشمن اپنا صاحب آزار درد

وہ ہی آجاتی ہین اکثر پوچہنی کیواسطے
باعث راحت مجہی ہر لحظہ ہی غمخوار درد

ایک جانب چارہ گر ہین ایک جانب غیر دوست
ہمکو دکہلاتا ہی کیا کیا گرمی بازار درد

صبح سے تا شام نالہ شام سی تا صبح آہ
کسقدر رکہتا ہی دلمین عاشق بیمار درد

صورت حرف غلط بیمار ہجران کا تری
سٹ گیا ای جان زیر سایۂ دیوار درد

ضعف سی طاقت نہین فریاد کی باقی رہی
دلمین ہی میری بشکل لذت بیکار درد

صورت معشوق ہی اسکی جدائی ناگوار
دوست رکہتا ہی نہایت زخم تیغ یار درد

نے مصیبت دوستی لطف سخن ہی تا نہین
دلمین کچہ پیدا کری ہر صاحب اشعار درد

زخم دل چاک جگر سینہ ہی سارا داغدار
کیا کہی رکہتا ہی کیا کیا عاشق ناچار درد

عاشقونکے حال سے معشوق کو پروا نہین
تجکو کیا معلوم ہی رکہتی ہین کیا کیا یار درد

نظم ہی کیفیت حال مصیبت خیز عشق
کیا عجب پیدا کرین دلمین مری اشعار درد

ہم نفس کیا پوچہتا ہی نالی ہین کرتا ہون کیون
آج کی شب ہے مری پہلو مین بی دلدار درد

کثرت تکلیف سی آتی ہین نالی تا زبان
غیر ممکن ہی کہ ہووے کاوش آزار درد

چاک کرتا ہی دم فریاد ہر گل پیرہن
کسقدر رکہتا ہی شور بلبل گلزار درد

کم نہین ہی زخم سے ایذا کلام تلخ کے
کرتی ہی پیدا جگر مین بات کی تلوار درد

۱۵۰

بات منہ سے کسطرح نکلے کہ عالم غیر ہی
آج رکھتا ہی نسیم اپنا دل افگار درد

۱۳

نقاب منہ سے اوٹھا دے اگر ہمارا چاند
کنار چرخ سے کرنے لگے کنارا چاند

فروغ رخ کے مضامین کنار فکر مین ہین
فراز چرخ سے آغوش مین اوتارا چاند

دو نیم ہو تری تیغ نگاہ سے کٹ کر
جو دیکہ پائی ذرا آنکہ کا اشارا چاند

نہ دیکہے سوی قمر پہر کبہی نظر بہر کر
دکہائی دے جو تجہی ایفلک ہمارا چاند

فروغ حسن نے ایسی تجلیان بخشین
زمین پہ ہی تری پاپوش کا ستارا چاند

یہ نور عکس رخ یار سی ہوا حاصل
کہ اپنی سینے مین آئینے نی اوتارا چاند

اوٹہا نقاب کہ دل دیسی تڑپتا ہی
دکہا دے حسن جہانتاب کا خدارا چاند

جو دیکہ لے کف پا یار کے قدم چومی
کری فراق کنار فلک گوارا چاند

بہار نور قدم سے تری منور ہون
عجب نہین جو بنی ردی سنگ خارا چاند

ہلال بنکے فلک پہ جو بدر ہوتا ہی
سمجہ گیا تری ابرو کا کچہ اشارا چاند

تمہارے حسن نے ہر دانوین اوجیتا
ہزار طرح سے گہٹ بڑہ کی بازی ہارا چاند

چمک کی تیغ تبسم نے روشنی یہ دی
ہوا ہی سینے مین دلکا ہر ایک پارا چاند

نسیم ایسی غزل یہ بلند روشن ہی
سنے جو یار کہی چرخ سے اوتارا چاند

۱۵۱

۱۲

کسقدر خاطر غمدیدہ ہی دشوار پسند
جز اجل کچہ نہین کرتا ترا بیمار پسند

سر و تن دیدہ و دل جان و جگر حاضر ہین
آج محروم نہ رکہ کچہ تو کراے یار پسند

دیکہ لیتے ہین تمہین جب ادہر آجاتی ہو
کسطرح ہون نہ ہمین روزن دیوار پسند

رحم کچہ عیب ہے جسسی کہ خفا ہوتے ہو
یہ خوشی ہی جو کہین دلبر آزار پسند

جی کو بھایا ہی کچھ ایسا کہ نہیں کچھ بھاتا
سیل صحرا ہی نہ ہی جلوۂ گلزار پسند

کام غلمان سے ہی اوسکو نہ غرض حور سے
کچھ نہیں کرتا ترا طالب دیدار پسند

خار سے آبلہ پا کو ہی رغبت ایسے
جسطرح حضرت منصور کو تھی دار پسند

خانۂ قید سمجھ کر نہ بسر کے اسمین
اسلیے روح کو آیا نہ تن زار پسند

تم ہمین لاکھ کرو دل نہیں ہٹتے کا مرا
جی مین جو آی کہو ہی مجھی تکرار پسند

کسلیے چین پہ جبین ہو کہو کیسا ہی مزاج
کونسی فکر مین ہی خاطر اغیار پسند

دام الفت سی بجز مرگ رہائی مشکل
کیا کرے غیر قضا تیر اگنہ گار پسند

کیا مری ہم نفس ہر دین پائی ہین نسیم
اسلیے عشق کی ہی گرمی بازار پسند

۱۵۲	ردیف ذال معجمہ	۱۱

ہوش باقی نہیں جسدم سی کہ دیکھا تعویذ
تھر لایا ہی مری دل پہ تمہارا تعویذ

دل تو کیا جاتی پڑ جائینگے لالے سبکو
آفتین لائیگا ایجان نہ کیا کیا تعویذ

جو کہوں وہ نکرین عذر و تامل اوس مین
دوست لائیو میرے لیے ایسا تعویذ

تھا نہ افسون نہ یہ جادو نہ جگا یا منتر
کچھ تو سوچی کہ جو یون آپنے پھینکا تعویذ

جو ارادی ہین طبیعت کے وہ سب ہین معلوم
کہتے ہین ہنس کے نہ باندہین گی یہ تیرا تعویذ

چین کیسا کہ نہیں ہوش کسی مین ایجان
مل گیا ہی کسی اوستاد سی اچھا تعویذ

پھر کوی صورت دلخواہ نظر مین آسکے
آج تو نام خدا آپنے باندہا تعویذ

یہ تو اک پارۂ دل ہی جو مرا ہاتھ مین ہے
بدگمانی سے اسے آپنے سمجھا تعویذ

گر مری زیست ہی منظور تو جلد ای غمخوار
دفن کر آنہ دَرا و سکے کسی جا تعویذ

مہر و مہ گرد ہین کیا حسن ہے اللہ اللہ
کچھ دکھاتا ہی نئے طرح کا جلوا تعویذ

۱۵۳	ہچکی باندہی جو ذرا داغ چھپائی کو نسیم میرے بازو پہ مرے یار نے سمجھا تعویذ	۹

ڈورا ہی چاہیے ایسا جو ہو ایک تعویذ — باندھنا رشتہ جانسے مری اپنا تعویذ
چاہیے سب سی حسینوں کا ہوا اچھا تعویذ — تیری بازو پہ بندھا ہی شمس و قمر کا تعویذ
اثر گرمی الفت نے کیا سوز سوا — جل گیا بعد فنا میری لحد کا تعویذ
عوض ظلم کوی رحم بھی کر اے گلچین — قبر بلبل پہ ہو برگ گل تر کا تعویذ
رات دن بازو قاتل پہ بندھا رہتا ہے — ہی مرا اشک مری دیدۂ تر کا تعویذ
پھر وہی حالت دل ہی کہ نہیں ہم کو چین — دوستو لاؤ کہیں سی تو خدارا تعویذ
کچھ ابھی سی خفقان کو مری فرق نہیں ہے — کیا غضب لائیگا دیکھیں یہ تمہارا تعویذ
کھینچ لائی اثر جذب محبت سے تجھے — او پری ہی نہی کیا ابکی وہ پیدا تعویذ
خود بخود وہ پس مدت ادھر آئی ہیں تسنیم — کام آیا مری تقدیر کا لکھا تعویذ

۲۰	ردیف رای مہملہ	۱۵۴

صدقی تری جاؤں مری پیاری دلبر — تو کیوں ہی مکدر
حاضر ہوں تری در پہ جھکائی ہوی میں سر — لے ہاتھ میں خنجر
جبتک کہ ہوں جیتا جان غنیمت اسی دلبر — ہٹ کر نہ ستمگر
کھلوا نہ مرا منہ کہ نہایت ہوں مکدر — کھل جائینگی دفتر
بیڈھب نظر آتی ہیں جو دلبر ترے تیور — ہر وقت ہوں مضطر
ہوں زیست کی سامان سے سیر مجھی کیونکر — جب تو ہو مکدر
کیا پوچھتے ہو ہنسکے کہ تو کیوں ہی مکدر — کیوں رہتا ہی مضطر
ہر پارۂ دل آتش فرقت سی دہک کر — ہی سینی میں اخگر
یہ حسن خداداد کہاں اسمیں ہی یکتا — تو کیوں ہی ابر زبان
کیا بات ہی یوسف میں ہی آفت دوراں — ہو تجھسے جو بہتر

کیا منہ ہی کہون اسکے سوا شکر خدا ہی　　　جو کچھ ہی بجا ہے
سب جانتے ہین حال مرا جسکو ملا ہے　　　معشوق ستمگر

کٹتی ہی بڑی کشمکش رنج مین اوقات　　　آفت ہی ہر اک رات
سنتا نہین وہ ظالم بیدرد مری بات　　　ای واے مقدر

ہوتا ہی نہین شیوع کسیوقت ذرا کم ؛　　　آشفتہ ہے عالم
رہتا ہی بپا کوچہ سفاک مین ہردم　　　ہنگامہ محشر

دریان ہی تو ہی ستم و جور مین کامل　　　بدکیشی سی حاصل
کیون ہمکو گھر کتا ہی کہ قابو مین نہین دل　　　ہین عاشق مضطر

اک طرفہ تماشا یہ نمایان ہی مری جان ؛　　　روتا ہون جو ہر آن
جو بوند گراتی ہی مری چشم دُر افشان　　　بنجاتا ہے گوہر

اب چارہ گرونکا بھی ہوتا ہی اشارا　　　ہمکو نہین یارا
جز وصل نہین عاشق بیتاب کا چارا　　　کیونکر ہون ششدر

ساجد ہین ترے در پہ مسلمان و برہمن　　　رکھی ہوی گردن
پھر عارض تابان کا دکھا جلوہ روشن　　　او آفت محشر

پھر خوبی تقدیر سے آئی وہی مشکل　　　ہوجاینگے بسمل
پھر آج ہین ابروی قاتل خونخوار کی ایدل　　　بدلے ہوے تیور

کیونکر نہو ہر عاشق بیتاب کو ارمان　　　قربان دل و جان
دو عارض تابندہ ترے ہی سی تابان　　　ہین صبح مکرر

جیسے کہ ہوا مین غم فرقت مین گرفتار　　　مانند گنہگار
وا رہتی ہین ایجان مری دیدۂ بیدار　　　ہر دم صفت در

ہان قسمت اغیار پہ رشک آتی ہین ہم　　　کیا اور کہین ہم

سورہ مری پہلو مین ہی او فتنۂ عالم — شب بہر نہین دم بہر

ایدل ہو عشق نکر نا کبھی زنہار — ہشیار خبردار

کب پوچھتی ہین بات حسینان جفا کا — بے سلسلۂ زر

رنج سخن تلخ کی شہری ہوے ہر سو — نادم نہین کچہ تو

شمشیر زبان کی تری او دلبر خونخوا — کہلنے لگے جوہر

تدبیر ہی بیفائدہ اچھا نہین انجام — ہون عاشق ناکام

آئیگا شب ہجر مین کیونکر مجھے آرام — بے پہلو دلبر

۱۵۵ دل حاجت دنیا سی پریشان ہی کیسا — کوڑی ہی نہ پیسا

افلاس نے گھیرا ہی نسیم آیکو ایسا — ای وای مقدر ۱۴

جسنے دیکھی ہو تری رخسار روشن کی بہار — کب خوش آتی ہی اوسی ایدوست گلشن کی بہار

اسقدر نازان نہو یہ رنگ گل ہی بی ثبات — چار دن کی واسطے بلبل ہی گلشن کی بہار

فرقت جانان ہی ہجوم رنج بیتابی کی جوش — دل ٹھکانی ہو تو دیکھین چل کی گلشن کی بہار

کون دیکھی نئی تماشائی عالم ایجاد کی — عارض گل کیطرح مہمان ہی گلشن کی بہار

جلوۂ رخسار تابان کا جو ہر جانب ہے عکس — برق تابان کی چمک دیتی ہی دامن کی بہار

کیون خفا ہوتا ہی چھینٹو نسے لہو کی بار بار — اور بڑہ جائیگی ظالم تیری دامن کی بہار

سبزۂ نوخیز سے لطف گلستان ہے عیان — دیکھ اگر او ستمگر میرے مدفن کی بہار

گر نہین کوئی نہ باقی ہی کسلئی احتیاج — دیکھتی ہی جیسی اب میری کفن کی بہار

کیون نہ صدقی جائیی ایدل ہجوم داغ کی — کم نہین ہی جلوۂ گلزار سی تن کی بہار

ہان اوٹھا اب پردۂ رخسار روشن ایکبار — دیکھنے آئی ہین ہم بھی تیری جوبن کی بہار

کہتے ہو تو بھی ہین جیسا کہ دیکھا تھا نہین — تم کو خوش آئی مگر پوشاک دشمن کی بہار

مثل پیراہن ہوئی ہی زیور وحشت کی ہار — کم گریبان سی نہین ہی طوق گردن کی بہار

سوز فرقت سے بھڑکی اٹھتی ہے جب سینے میں آگ
گر پڑا جاتی ہے اکثر شمع روشن کی بہار

۱۷	داغ ہجر یار سینے پر غنیمت ہے نسیم دیکھتے ہیں ہر سحر ہم اپنی گلشن کی بہار	۱۵۶

پھر شجر سر سبز ہیں کہتی ہیں آتی ہے بہار
رنگ بدلا دیکھیے کیا رنگ لاتی ہے بہار

مدتوں سے منتظر بیٹھے ہیں مشتاقِ جنون
دیکھیے کس کس کو دیوانہ بناتی ہے بہار

دیکھیے جب رنگ عالم اک نئی عالم پہ ہے
صورت انفاس ہر دم آتی جاتی ہے بہار

رہتی ہیں فصل خزاں کی مدتوں تک بیابان
چار دن کے واسطے گلشن میں آتی ہے بہار

سبز کر دیتی ہے پتّے سرخ کر دیتی ہے پھول
رنگ کس کس طور سے اپنا جماتی ہے بہار

کوئی گل ہے سرخ کوئی زرد کوئی نیلگون
دیکھیے جس رنگ میں کچھ رنگ لاتی ہے بہار

جلوۂ گلشن دکھا کر بخشتے ہیں راحتیں
کلفت رنج خزاں دل سے مٹاتی ہے بہار

چھپ کے خود پردے میں کر دیتی ہے ظاہر صورتیں
آپ پنہاں ہے مگر جلوے دکھاتی ہے بہار

حال ہو جاتا ہے ابتر رنگ عاشق کی طرح
سنتے ہی نام خزاں کچھ سہم جاتی ہے بہار

غیر ممکن ہے کہ چھوڑے پی پی ہنسائی صبح کو
رات بھر غنچوں کو کیا کیا گدگداتی ہے بہار

خندۂ گل کی صدائیں بے سبب آتی نہیں
جوش وحشت کے ہمیں مژدے سناتی ہے بہار

اپنے استقبال اوّل سے نکلتی ہیں شریر
پہلے سب سے باغ میں بلبل کو پاتی ہے بہار

بلبلیں ہوتی ہیں خوش رنگینی گل دیکھ کے
اپنی احسان چار دن سب پر جتاتی ہے بہار

بے ثباتی کا جو اپنی دھیان آتا ہے اسے
گل سے اور بلبل سے کیا آنکھیں چراتی ہے بہار

غالباً معشوق ہے یہ بھی کسی کے ورنہ کیوں
آنکھ پر چشم بینا سے چھپاتی ہے بہار

آدمی کو دیکھنا لازم ہے بچشم غور سے
کب بھلا ہنستے ہیں غنچے مسکراتی ہے بہار

۱۸	آمد فصل خزاں ہے لطف نصرت ہے نسیم چلیے اب سے ہی چمن سنتی ہیں جاتی ہے بہار	۱۵۷

آنسو نہیں ہیں یہ مژۂ اشکبار پر
گویا نمود آبلہ ہے نوک خار پر

ناصح نکر یہ سرزنشیں بس معاف کر
کب اختیار ہے دل بے اختیار پر

افعی کا شک ہوا کبھی زنجیر ناز کا
کیا کیا گمان نہیں ہمیں گیسوی یار پر

تائب ہوں مدتوں سے سمجھنا نہ اور کچھ
تم ساتھ ہو بس آج مرے اعتبار پر

جا بجے دکھا رہا ہی عجب رنگ سوسنی
نام خدا لبوں کی مسی ہی بہار پر

کسطرح آئی چین مجھے ہجر یار میں
بجلی گری ہے غم کی دل بیقرار پر

گلچیں ہے باغ میں نہ فغان عندلیب کے
دہوکے خزاں کے ہوتے ہیں فصل بہار پر

کیسے یہ یاد گل تھی کہ خاموش کر دیا
نالے بھی آسکے نہ زبان ہزار پر

رہتی دہی کوئی یار میں عجز و ضعیف ہوں
احسان کر ای صبا مری مشت غبار پر

کر امتحان حق وفا عاشقوں کا تجہہ
صیاد عندلیب سے کہول ایکبار پر

امیدوار جوش جنوں چند روز سی
بیٹھے ہوئے ہیں آمد فصل بہار پر

جلوے دکھا رہی ہیں جگر میں ہجوم داغ
جوبن ہی آج کل تو مری لالہ زار پر

ثابت نہیں یہ کسکی ہے ارمان کی خاک ہی
اک بیکسی برستی ہی شمع مزار پر

رہتی ہی اشکبار جو شب بہر وہ میری طرح
ہنستی ہی صبح گریۂ شمع مزار پر

جو اسمیں روشنی ہی وہ آنکہوں میں چمک کہاں
چشمک ہی اشک کی گہر آبدار پر

تاری بہری ہیں دامن شب نے یہی لحان
افشاں چمک رہی ہی جو گیسوی یار پر

مدت کے بعد چند نفس چین آگیا
رکہا ہی کسنے پاؤں ہماری مزار پر

۱۵۸	کہائی ہیں داغ ہمنی یہانتک کہ اہی نسیم دہوکا ہی گلستاں کا دل افگار پر	۹

ہوں میں عاشق جان جاتی ہی مری اوس نور پر
وہ جو آیا تہا نظر موسی کو جلوہ طور پر

بسکہ لازم ہی حضوری عاشقوں کی واسطی
دیکہہ میری دل میں دیکہا تہا جو موسی طور پر

لطف دیدلی تکلف مین ہی عاشق کی لیی
آنکہ ہی جہپکی تو کیا موسی نی دیکہا طور پر

ہر تعلق سی بری رہتا ہون مین مثل ملک
پہر طبیعت آگئی ہے ایک رشک حور پر

یہ نزاکت یہ ادا یہ ناز یہ شوخی کہان
تجکو دیکہا ہی پڑی کی آنکہ کیونکر حور پر

ایک ہی گو نام مین لیکن جدا خصلت ہین یہ
آنکہ رندون کی پڑے کیا زخم کے انگور پر

وقت بیہوشی جو لب پر نام انگور آگیا
ہاتہ ڈالا ہی اپنے زخم کے انگور پر

وہ حرارت ہی کہ جو بہتا ہی آنسو آنکہ سے
آتے آتے سوکہ جاتا ہی تن محرور پر

وہ نہین آگاہ رسم دوستی سی جان جان
رحم کرنا چاہیے کچہ عاشق مجبور پر

۱۵۹ ولہ ۱۶۰

قل اگر آہین کرین گے خاک پر ٭
جائین گے نالے مری افلاک پر

ہاتہ مین خنجر کمر مین تیغ تیز ٭
یہ ارادے ایک مشت خاک پر

روح عاشق یا حباب آرزو
ہین گمان کیا کیا تری پوشاک پر

چہپ سکے گا تمسے کیا میرا مزار
حسرتین لوٹا کرین گے خاک پر

تیغ غم کس کس طرح روز فراق
ناز کرتی ہے دل صد چاک پر

داغ دل بیکار جانے کا نہین
پہول لالے کا اوگے گا خاک پر

صید جو دو چار ہین لٹکے ہوے
آج عالم ہے ترے فتراک پر

بوسے لیہاے گلون جو سے لیے
رنگ ہے ہر ریشۂ مسواک پر

کیا عجب مجہ رند کا آنسو ہے
دانہ انگور ہینکہ تاک پر

حسرت افزا ہے مرے طبع روان
رشک ہی اس توسن چالاک پر

کچہ تو فرماؤ خطا کیا ہو گئے
قہر کیون ہے عاشق غمناک پر

ایسکو دریا کو وقت امتحان
رشک آیا دیدۂ نمناک پر

نقش پا ہو اگر ہے آرزو
آکے تم میرے مزار پاک پر

خال اک دانہ ہی کیونکہ یہ سمجھے — آپ ہی کے رخسار آتشناک پر
یاد دندان پہ رو آ گئی — برق چمکی خاطر غمناک پر
کسطرف جاتا ہے وہ عیار آج — بیٹھیے اب چلکے اوسکے تاک پر

۱۶۰ — جان و دل تجھ پر محبت مین نسیم / مین فدا ہون صاحب لولاک پر — ۱۴

جما ہی قطرہ خون جگر شمشیر دشمن پر — تماشا ہی یہ گل پھولا نیا دیوار آہن پر
اذیت دی مری سو تہمتن نے جلنے والونکو — زبان مین پڑ گئی چھالی قدم رکھا جو مدفن پر
اثر ہی غفلت عشق صنم کا خاک مین اب تک — قدم رکھی ہی نیند آتی ہی مری سنگ مدفن پر
وہ پیار ان اٹھا مین اس جہانسے بعد مرنے کے — ہزارون آرزوئین لوٹتی ہین خاک مدفن پر
شگاف پیرہن ہی کثرت شادی ہویدا ہے — گمان ہوتا ہی ہنسی کا ہماری چاک دامن پر
رگ گردن نہ کیونکر صورت زنار ہو جائے — طبیعت آگئی ہی اپنی اک طفل برہمن پر
کبھی خنجر کبھی شمشیر وہ رکھتی ہین یان تک — نہ کیونکر رشک پیدا ہو ہمین تقدیر آہن پر
دکھاتی ہی قیامت جلوہ پہ انکے چلنے مین — یقین ہی صور کا ہر نالہ زنجیر آہن پر
بنایا باغ کو بھی دشت آخر بخت بلبل نے — نظر آتی ہین کانٹی ہر طرف دیوار گلشن پر
سیاہی بی سبب کب ہی نہین خالی دیے ہی کے — گمان ہی بخت عاشق کا ہمین گلہائے سوسن پر
خوشا قسمت کہ ہم آغوش ہر دم ہی ستارہ سے — بجا ہی رشک آئے اگر مجھے تقدیر دشمن پر
پسند چشم سوزن ہون اگر مین کیا عجب اسکا — نقاہت سی گمان ہی رشتہ باریک کا تن پر
گلو سی کردیا آزاد اوسکو میری ہاتھون نے — جنون احسان ہوا تیرا نہایت طوق گردن پر

۱۶۱ — ولہ — ۱۵

رحم آجاتا ہی دشمن کی پریشانی پر — زخم خون روتے ہین شمشیر کی عریانی پر
کیون رکھا کاتب قدرت نے فلک پر خورشید — نقطہ دینا تھا یہ تری خط پیشانی پر

صاف رکھ قاتل عالم شکن ابرو کو
موج صمصام نہ ہی تیغ خراسانی پر

آمد فصل بہاری ہی سے پے استقبال
کہولی ہین شوق مین مرغان گلستانی پر

نالہ زنجیر سے چھپ چھپ کے نکل جاتا ہی
پاسبان پاتی ہین الزام نگہبانی پر

ہوگئی بے سخنی قفل دہن غنچون کو
تہا شک بی ادبی خندۂ پنہانی پر

برہمی کرتی ہی مجموعۂ خاطر برہم
صبر کہو دیتے ہین لفظونکی پریشانی پر

نقطۂ حسن ہی تل مصحف رخ پر تیری
کفر ہی صورت شک آیۂ قرآنی پر

تیرے آگی تو فروغ رخ روشن معلوم
دیکھی نقطۂ شک یوسف کنعانی پر

آسمان صحبت احباب سی کب خالی ہی
نالی رہتی ہین ہمارے ہی فلک ثانی پر

ہم وہ مشتاق اذیت ہین کہ ہر دم قاتل
زخم کہاتی ہین امید نمک افشانی پر

مر گئے ایک ہی جلوی ہین پریرو یونکی
پانون رکہا ہی نہ تہا تخت سلیمانی پر

راہ برگشتہ نصیبی نظر آئے کیا کیا
خضر کا شک ہی مجہی غول بیابانی پر

مرگئی کہتی ہی کہتے تیرے گیسو کا حال
مختصر جہگڑے ہوے قصۂ طولانی پر

١٦٢	قبر مین جوشش گریہ نی ا وبہارا ہی نسیم ہم تہ خاک بہی رہتی ہین سدا پانی پر	١٣

غیر ممکن ہے کہ ہو ہجر مین ای یار سحر
دیکھیے کرتا ہی کیونکر ترا بیمار سحر

ناخن فکر سے بہی کہل نہین سکتی ہرگز
ہوگئی میرے لیے عقدۂ دشوار سحر

نظر آتی نہین کسوقت سی ہم دیکھتے ہین
ہوگئی اتنو بشکل کمر یار سحر

پوچھتا کیا ہی گذرتی ہی شب غم کیونکر
روکی کرتی ہین تری عاشق بیمار سحر

کیا کہون ہوتا ہی کچھ اور ہی اونکی صورت
دیکھتے ہین جو تری طالب دیدار سحر

آکہین وعدہ فراموش کہ عالم ہی تنگ
اب نہ دیکھین گی تری تازہ گرفتار سحر

مین تو ہون نزع مین اونکو ہی اذیت ہر دم
کسطرح کرتی ہین دیکہون مری غمخوار سحر

منہ دکھاتی نہیں افسوس شب فرقت میں / رکھتی ہی عاشق جانباز سی کیا عار سحر

کچھ حیات نفس چند ہی باقی اے دل / ہم پڑے ہین ہونگے کسی کی ہین بیوار سحر

رات اور دن کی نمونی ہین یہ جان تجھین / زلف ہی شام اگر ہین تو ہی رخسار سحر

ہر نفس مین دم آخر کی مزی آتے ہین / یہ یقین کب ہی کہ دیکھین تو ہی بیمار سحر

وہ تو پہلو مین نہین درد کی شدت دیکھین / آج کس طور سے ہوا ہی دل بیمار سحر

۱۳	روز دو چار نئی گل نظر آتی ہین نسیم جاتی ہین ہم جو کبھی جانب گلزار سحر	۱۶۳

زخم تیغ یار نے بخشا دہان بالای سر / شکر کو کیونکر نہو ہر مو زبان بالای سر

نوک نیزہ سر پہ ہی گردن پہ ہی پیکان تیر / اک زبان زیب گلو ہی اک زبان بالای سر

زندگی کرتے جو بحث حرمت بادہ حرام / کھینچکر رکھدیتی واعظ کی زبان بالای سر

خوب دیکھی اس خراب آباد کی پست و بلند / خاک زیر پا ہی دو دو آسمان بالای سر

عاشق اوسکا ہون کہ ہنگام فراق جسم و جان / لیگی لاشے کو میری حور جنان بالای سر

راحت آغوش کف پا کی حنا حاصل کری / بل کری کیونکر نہ زلف پیچان جان بالای سر

پیچ و خم جو افعی گیسو کے دکھلانی لگا / پھر بلا لایا دل نامہربان بالای سر

ای فلک تیری ستم کو کیا سمجھتی ہین بلا / لیتی ہین ہر روز ہم جور بتان بالای سر

کسکی پا بوسی کے خاطر یہ بلندی ہی تجھی / ای فلک ہی کونسا عرش آشیان بالای سر

شاہد سودای عشق یار ہین مجکو عزیز / سنگ طفلان کی ہین کہتا ہون نشان بالای سر

صحبت یکدم ہی بلبل کو نہ گلچین منع کر / لے نہ جائیگی اوڑا کر بوستان بالای سر

سایہ پرور دمنا ہی دل ناداں مرا / لا نیو آفت نہ کوئی آسمان بالای سر

۱۱	قید ظالم سے ہو حاصل مخلصی کسدن نسیم دیکھیے کبتک رہی یہ آسمان بالای سر	۱۶۴

ہی بلندی مین بھی پستی کا نشان بالای سر
آسمان کہتا ہی اور اک آسمان بالای سر

صحبت اعلی سے ادنی کو بھی عزت ہی حصول
طرۂ دستار نے پایا مکان بالای سر

کب بھلا فرصت ملی تعلیم گردش سے ہمین
روز چکر کر رہا ہی آسمان بالای سر

خواب تنہائی میسر ہے کہان اس دہر مین
چل رہی ہین آسمان کی چکیان بالای سر

دیدۂ پیہم کے بھری ہین دلمین کیا کیا حوصلے
خوش نہین آتا حجاب آسمان بالای سر

دیکھ ہی رفعت کا باعث اتحاد خاک و باد
جاتی ہی اوڑ اوڑ کی گرد کاروان بالای سر

نذر لیلی کے لیے کس شوق سے اک مشت خاک
دشت سے لایا ہی قیس ناتوان بالای سر

کس ادب سے پیش آتی ہی پس مردن صبا
رکھتی ہی مشت غبار بیکسان بالای سر

ابر مین اٹھکھیلیان غنچو نسے کرتی ہی صبا
شوخیان کھلاتی ہی تتلیان بالای سر

نالہ جانسوز ہی افسوس کر سکتے نہین
پھر بلا لائے نہ کوئی ہمزبان بالای سر

۱۶۵	تنگ ہین ہم اس دل نالان سے کیسی ای نسیم روز ہی ہنگامۂ شور و فغان بالای سر	۹

مر گئی افسوس ہی بلبل نہ کیون سر توڑ کر
کر دیا قید قفس صیاد نے پر توڑ کر

کیون بگڑ کر یہ کہو کیا شی تمہین ملتی نہین
حکم ہو لا دون فلک سے یار اختر توڑ کر

خون کا قطرہ نہ نکلا خشک تھا ایسا بدن
منفعل کیا کیا ہوا فصاد نشتر توڑ کر

بعد مردن چاہیی صیاد کچھ الطاف سے
قبر پہ بلبل کے رکھدینا گل تر توڑ کر

خستہ جانون پر نہ ایسا ظلم کرنا چاہیی
رنج بلبل کو نہ دی گلچین گل تر توڑ کر

دیکھتا رو کی صفا کی جو تیری روشنی
پھینک دیتا یار آئینہ سکندر توڑ کر

سخت جانی کا برا ہو یار کو صدمے دیے
باندھ کر شمشیر آتے ہین وہ خنجر توڑ کر

ایک قطرہ خون کا نکلا نہ جسم خشک سے
حیرتی فصاد ہین نشتر پہ نشتر توڑ کر

۱۶۶	اوسکی کوچے تک رسائی کسطرح ہو اے نسیم	کوئی بڑھ سکتا نہین جا مقدر توڑ کر	۱۸

جسطرح آہو نہ آئی دشت ایجان چھوڑکر
جا نہیں سکتا ہی دیوانہ بیابان چھوڑکر

غیر ممکن ہے کہ مجھسے ترک عشق زلف ہو
جا نہیں سکتا پریشان کو پریشان چھوڑکر

تنگ خاطر رحم کے قابل ہی چند پاسبان
مین ابہی آیا ہون زندان مین بیابان چھوڑکر

صاحب اسلام ہین ای عشق ہمسے یہ محال
کیجیے یاد صنم آیات قرآن چھوڑکر

رہتے رہتے بیکسے کو بہی محبت ہو گئے
کسطرح جای مرا حال پریشان چھوڑکر

مرتبہ بہتر ہے کچھ آغاز سے انجام کا
ہاتھ دامن کیطرف دوڑا گریبان چھوڑکر

طعنے اب سہتی ہین عریانی کی اے دست جنون
کیون نہ اے دست تو نی لی تار گریبان چھوڑکر

دیکھنے کو کچھ نشان رہنی دی ای جوش جنون
چاک کر سب پیرہن لیکن گریبان چھوڑکر

کچھ دنون مین خاک ہوکر خاک مین ملجاؤنگا
کب بہلا جاتا ہون اب مین کوچ جانان چھوڑکر

اتحاد تا قیامت ہی فراق اسکو محال
جائینگے حسرت کہان گور غریبان چھوڑکر

داغ تن کی لطف یاد آئینگے ایجان جیتے جی
کیسے بلبل تہی کہ جاتی ہی گلستان چھوڑکر

نام بہی لیتا نہین کوئی کسی کا بعد مرگ
منفعل کیسی ہوی ہی جسم کو جان چھوڑکر

ربط باہم مثل روح و تن ہی کیونکر جا سکے
صبح ماتم دامن شام غریبان چھوڑکر

میہمان ہین کچھ تو خاطر کر کہ تیری واسطے
ای لحد ہم آئی ہین دنیا کا سامان چھوڑکر

وصل کامل کی جدائی فکر ناخن سے محال
بخیہ کیا جائیگا پیوند گریبان چھوڑکر

دونون تیری جستجو مین پہرتی ہین در در تباہ
دیر ہندو چھوڑکر کعبہ مسلمان چھوڑکر

بعد مردن بہی ہی عہد وفا کا پاس ہے
بیکسی جاتی نہین گور غریبان چھوڑکر

۱۶۷	بی رخ اوس بیکس لیی ہتی ہے عاشق نسیم وہ کہان جائیگا تمسا ماہ کنعان چھوڑکر	۱۵

مخلصی پائی بلا سے دل مضطر کیونکر
توڑ سیلے حلقۂ زنجیر مقدر کیونکر

آنکھ جہپکی کی نہ مشتاق قضا کی ظالم
دیکہ کرتی ہین نظارے تہ خنجر کیونکر

آنکھ اوٹھا دیکھہ ذرا جانب خنجر قاتل
گھورتا ہی مجھی ہر دیدۂ جوہر کیونکر

کھینچ شمشیر اگر دلمین ارادہ کچھہ ہی
دیکھہ مرجاتے ہین جانباز ستمگر کیونکر

گر یہی ضعف رہا فرصت برخیز کی بعد
ناتوان جائینگے تیری لب کوثر کیونکر

سرجھکایا نہ کبھی ناصیہ سائی کی لیے
مُنہ دکھائیگا تجھے خسرو خاور کیونکر

جو لکھا صفحۂ قسمت مین وہ مٹنی کا نہین
مختصر کیجیے طومار مقدر کیونکر

کیا وفادار جفا پیشہ ہی دیکھو ظالم
دوستی کرتا ہی دم سی دم خنجر کیونکر

دہوم آئینۂ رخسار کی سُنکر تیری
چین پائیگا تہ خاک سکندر کیونکر

ہر رگ تن مین ہی میرے اثر تشنہ لبیں
مخلصی پائیگا فصاد کا نشتر کیونکر

دیکھہ ہر ہر سر مژگان کا تماشا ظالم
ڈوبتا ہی رگ جان مین یہ نشتر کیونکر

ساتھہ مدت سی ہین سرمایۂ سودا میری
پہیکدون دامن لبریز سی پتھر کیونکر

سنگدل کو مری نالون پہ نہ رحم آئیگا
موم ہوجائیگا فریاد سے پتھر کیونکر

آتش گرمیِ مضمون سے پہونکا جاتا ہی
نامہ لیجائیگا تا یار کبوتر کیونکر

۲۳	صدقے اس قوت بازو کی دل و جانسے نسیم دیکھو اوکھاڑا ہی علی نی در خیبر کیونکر	۱۴۸

عضو تن میرے جلتے رہی اخگر ہوکر
پرورش روح نے پائی ہی سمندر ہوکر

اب تو بدخواہ بھی پیش آتی ہین کمتر ہوکر
تیغ ملتی ہی گلے سے مری خنجر ہوکر

مختصر ہوگی دکھا لطف درازی اپنی اے زلف
میرے آغوش مین آجا شب محشر ہوکر

کیسا پایا قفس تنگ الہی توبہ
طائر روح رہا جسم مین بے پر ہوکر

ہاتھہ بڑھ بڑھ کے پڑے پر نہ پہونچی قاتل
رہ گئی زخم جگر حد مقدر ہوکر

روح بھی کوئی دولہن تھی کہ میری قالب سی
مُنہ چھپائی ہوئے نکلے تہ خنجر ہوکر

یہ تمنا ہی کہ وہ بھی مری آغوش مین ہون
جیتے مین ہی خلق کو لون دامن محشر ہوکر

غیرت آئی ہی شب ہجر مین رنے سے مجھکو
رنج دیتی ہی اجل طعنۂ دلبر ہو کر

پڑگئی چھینٹ تو اتنا نہ خفا ہو واعظ
مے رہیگی تری آغوش مین دختر ہو کر

خواہش وصل سے خط پڑھنی کی قابل ہا
لپٹے الفاظ سے الفاظ مکرر ہو کر

موت شرمائیگی کیونکر مجھے بدعہد ہیسے
صاف پھر جاؤنگا مین وعدۂ دلبر ہو کر

آب شمشیر سے محروم نہ رکھ اے قاتل
سوکھی جاتی ہین لب زخم مری تر ہو کر

منتین کرتے ہین آتے نہین اللہ اللہ
نیند بھی یار ہوئی آنکھ سے باہر ہو کر

کسقدر حسرت پرواز بھری ہی دلمین
روح نکلی بدن زار سے شہپر ہو کر

درد پیچیدہ جو اوٹھی تھی مری آہونکی
مدتون چرخ سے لپٹی رہی اژدر ہو کر

کسقدر راحت آغوش لی بالیدہ کیا
اشک ٹپکا مری دامن سی سمندر ہو کر

کیا اثر ہے لب شیرین جو تری چوسی تھی
زہر گھلتا ہی دہن مین مری شکر ہو کر

مرکے ہٹ کرتے ہین یا تو عدم کی سفر
حشر تک قبر سے اوٹھتا نہین بستر ہو کر

مضطرب تھا دم تجویز مقرر صانع
رہ گیا مصرع ابرو جو مکرر ہو کر

ذبح کے بعد بھی کم حسرت دیدار نہو
گھور لی روح قضا دیدۂ جوہر ہو کر

بوسی گر ہمنی لیی ہین تو دیی بھی ہے تمکو
چھٹ گئے آپکی احسان سے برابر ہو کر

سر کٹا کر تجھے دکھلائینگے جلوی قاتل
شمع بن جائینگے ہم قامت بے سر ہو کر

۱۶۹	کبھی خالی کبھی لبریز بسر کی ہی نسیمؔ شکل خم مثل سبو صورت ساغر ہو کر	۱۸

کبھی ہوتا ہون ظاہر جلوۂ حسن تجلی ہو کر
کبھی خاطر مین چھپ جاتا ہون تیری آرزو ہو کر

کبھی کم ہوکے شرماتا ہون مثل قطرہ ساغر مین
کبھی کثرت سی گر جاتا ہون شیشی کا گلو ہو کر

بڑھا لیتا ہون اکثر ربط یار پاک دامن سے
لپٹ جاتا ہون دست پاسی مین آب وضو ہو کر

سکونت سی بہت بڑھ کی ہی میری خانہ بردوشی
رہا کرتا ہون ہر خاطر مین تیری جستجو ہو کر

نہین ہی احتیاج غیر وقت جوش بیتابی
چھلک جاتا ہون آپ کف ساقی مین شیشہ ہوکر

سکھائی ہی نئی تدبیر مجکو میری خاطر نی
پسند آتا ہون دشمن کو بھی تیری گفتگو ہوکر

نہین چلتی کوئی تدبیر کیا کیا فکر کرتی ہین
مین کر دیتا ہون قائل سبکو تیری گفتگو ہوکر

تقاضای تمنا سی نہ اک جا دو گھڑی بیٹھی
پھرا یا عمر بھر عالم مین تیری جستجو ہوکر

نہ کیونکہ شور ہو عالم مین میری فکر خاطر کا
دلونکو کھینچ لیتا ہون تمہارا رنگ و بو ہوکر

نہین ممکن کبھی تر دامنی مین فرق کچہ آئے
بہا کرتی ہین اشک چشم میری آبجو ہوکر

نشان کیا پوچھتی ہو بی نشانونکی ٹھکانونکا
دماغون مین رہا کرتا ہون مین گیسو کی بو ہوکر

کبھی ملک حلب مین ہون کبھی شہر ختن مین ہون
نہین ہٹتا تری شہرت کی صورت ایک سو ہوکر

خراش ناخن غم سینہ مدتونکا دور کرتا ہون
لپٹ جاتا ہون بیتابی سی تری زلف مشکبو ہوکر

کبھی مین بیخودی ہستی کی ہستی او پیدا ہی
کبھی ابرو بھی بن جاتا ہون قصر آبرو ہوکر

اوٹھا لیتا ہون جو آتی مصیبت اپنے سر پر مین
سہا کرتا ہون ظلم دلربا عاشق کی خو ہوکر

بھلے کو بھی برا سمجھا ہون بی ہر دوست دشمن سمجھے
نہین کچہ بھی مین ہٹتا مزاج جنگجو ہوکر

فریبی زور رندی مین طرح کی لطف حاصل ہین
جلاتا ہون دلونکو یار شمع رو ہوکر

١٧	لہو بھی پیرہن تر دیکھکر یار رون کی فریاد نسیم آیا ہی کوی یار سی کیا سرخرو ہوکر	١٧٠

مین جو بیخود ہون کسیکا روی زیبا دیکھکر
کہتے ہین احباب میری مجکو کیا کیا دیکھکر

سب یہ کہتے تھے وہ بیرحم ہی بیدرد ہی
دل دیا اوس بیمروت کو بھلا کیا دیکھکر

اپنی اجل قربان تری مجپہ کیا احسان کیا
خوش ہوا وہ میری مرنیکا تماشا دیکھکر

دوست رکہتے ہین عزیز و اقربا ہین بیزار
تمکو رحم آتا نہین کچہ حال میرا دیکھکر

کیا کہون کیسی بلا آئی ہی میری جان پر
اڑ گیا کافر تری زلف چلیپا دیکھکر

تیری آنکھونکی ہین مستیان یاد آ گئین
وقت بیہوشی ہم تاثیر صہبا دیکھکر

لو میں پھر بیمار ہوتا ہوں کہیں راضی رہو
میں نے سمجھا تم خفا ہو مجھکو اچھا دیکھکر

ساتھ تھا اک قافلہ طفلان ابجد دوست کا
وہ بھی کچھ گھبرا گئے میرا جوش سودا دیکھکر

ضبط خواہش کر نہ سکتا یوں غم ہستی پارسا
کیا کہوں کیا دل میں آیا تمکو تنہا دیکھکر

میں نے اک دریا بہایا آنکھ سے اپنی تری کل
اور پھر آئی مجھے بھی موج دریا دیکھکر

ایک کا ہی ایک شاکی ایک سے آزردہ ایک
حال اپنا ہی دگرگون حال دنیا دیکھکر

وہ بھی آئے نہیں مرنے پر خدا کیواسطے
ای اجل گھبرا گیا تیرا تقاضا دیکھکر

غیر ممکن ہے کہ خوش آئیں ہمیں حور جنان
آنکہ اب کس پر پڑی گی حسن تیرا دیکھکر

کیسی یہ بیدردیاں یارب کہ بدلی رحم کے
لوگ ہنستے ہیں کسیکا مجھکو شیدا دیکھکر

دوست دشمن وہ خفا آزردہ مرگ تمنا
رحم آتا ہی ہمیں اب حال اپنا دیکھکر

شب جو تھی ہم وہ ہم جوش حسد سے فلک
پھر لایا عاشق و معشوق یکجا دیکھکر

۱۷۱	دوستوں نے رو دیا جب شکل دیکھی ای نسیم کیا کہوں کیا حال تھا وہ حال تیرا دیکھکر	۱۷

میں مر گیا ہوں تیرے خریدار دیکھکر
ٹھنڈا ہوا ہوں گرمی بازار دیکھکر

افتادگان خاک کو پابوس کا ہی شوق
رکھنا قدم زمین پہ ذرا یار دیکھکر

آئیں جو یاد وقت گذشتہ کی صحبتیں
رونے لگا میں جانب گلزار دیکھکر

اب دیکھیں ہمکو خوبی تقدیر کیا دکھا
پھر دل دیا ہی یار طرحدار دیکھکر

مرنیکا ہو گیا ہی جو ہر شخص کو یقین
روتے ہیں وہ بھی صورت بیمار دیکھکر

آئینے نے سکھائیں اُنھیں کج مزاجیاں
ٹیڑھے ہوئے وہ ابروِ خمدار دیکھکر

برہم ہوا ہی ایک جہان جسطرح کہ میں
محشر بپا ہے جلوۂ رخسار دیکھکر

پردہ کیا اونھوں نے طلبگار جانکر
چھپتے ہیں اب وہ خواہش دیدار دیکھکر

ثابت نہیں کہ آج ہوی کونسی خطا
کیوں گھورتے ہیں مجھکو وہ سو بار دیکھکر

مجکو تو ہے خیال جو تمکو نہین خیال
جلتا ہون مین یہ صحبت اغیار دیکھکر

تیغ نگاہ یار کی دلبر جو زخم ہین
مین کانپتا ہون ابرو خمدار دیکھکر

جہکتی ہی خود بخود مری گردن کو سطرف
اى یار تیری ہاتہ مین تلوار دیکھکر

آخر کو رنج عشق سی حالت یہ ہوگیی
روتے ہین مجکو اب مری غمخوار دیکھکر

درد جگر فراق کی تپ شوق کی غشی
حیران ہی چارہ گر مری آزار دیکھکر

برسے جو آگ صحن زمین پر تمام رات
گہبراگیی وہ آہ شرربار دیکھکر

ایسا ہجوم شوق نے بیخود بنادیا
دیوار ہوگیا مین یار کی دیوار دیکھکر

۱۷۲ مژگان کی صف مین تیغ لکہی شعرا نے نسیم
رکہا قدم نہ منزل پر خار دیکھکر ۱۲

اشک اٹہی تہ دامن سی ٹپک کر باہر
قعر دریا سے نکل آئی شناور باہر

اسقدر جوش محبت سی گلو نے کہینچا
گہٹتے گہٹتے نکل آیا دم خنجر باہر

چشم و زدیدہ ہی واہی ہی نظارکو
سینۂ تیغ سے ہی دیدۂ جوہر باہر

خلعت مرگ مین ہی تنگ لی اتنی قاتل
پانو ڈہانکی ہی کفن کی تو رہا سر باہر

جذب مشتاق شہادت کو نظر کر ظالم
او نکل آیا ہی کمر سے تری خنجر باہر

شنہ فقط اتنی لیی وہ نہین کہلاتی ہین
رہیے آغوش تصور سی بہی باہر باہر

خاک پیوند لحد کے لیے لائی ہی صبا
کارسازی کے سب اسباب ہین باہر باہر

کاٹتا ہی مری اس خوف سے بازو صیاد
کہ نہو چاک قفس سی ہی کوی پر باہر

تہا حسرت دل کا تو تپا وقت شگاف
نکل آئی مری پہلو سے کچہ اخگر باہر

گر نہین ضبط کا یارا ہی تو ہان بسم اللہ
چہوڑ پہلو کو نکل جا دل مضطر باہر

گم نہین ایک گہڑی مشغلہ بیتابی
وحشت دل سے برابر ہی ہمین گہر باہر

۱۷۳ الخوف آوارہ مزاجی ہمین آتا ہی نسیم
طفل اشک آنکہ سی ہنسی لگی اکثر باہر ۱۷

قربان ہو رہی ہی مری جان ادہر اودہر — وان رخنہ ہی جو زلف پریشان ادہر اودہر

جاتے ہین جب وہ سوی چمن سیر کی لیی — ہوتی ہین ساتھ عاشق نالان ادہر اودہر

ہین لخت دل کہین تو کہین پارہ جگر — رہتے ہین پیش چشم گلستان ادہر اودہر

ہنگامہ جنون سی جو دونو ہوی ہین چاک — دامن ادہر اودہر ہی گریبان ادہر اودہر

زلفین چھٹی ہوی ہین جو چہرہ پہ دو طرف — لہرا رہی ہین افعی پیچان ادہر اودہر

دیکھا اونہون نے مردہ مجھی نین اشکبار — آتے نظر ہین خواب پریشان ادہر اودہر

یا دشمنونسے قطع ہو یا مجھسے ترک ربط — کیون لکو کر رہی ہو مری جان ادہر اودہر

مطرب وہان ہین جمع نوا ساز ہر طرف — ہوتے ہین کل سی عیش کی سامان ادہر اودہر

کیونکر کرون مین بات جب رہست یار کے — رہتے ہین ساتھ ساتھ نگہبان ادہر اودہر

وہ اپنی ہٹ پہ ہین مجھی اپنی کہی کی ضد — سمجھا رہی ہین دونکو انسان ادہر اودہر

آنکھون پہ سائیان ہین مری دید کی ہون کیا — پھیلے ہوی ہین دامن مژگان ادہر اودہر

وہ بت ہی ہین ہون صاحب ہین بیچ فیصلہ — ہوتے ہین جمع گبر و مسلمان ادہر اودہر

وہ چاہتے ہین آئین مین کہتا ہون آ جاؤ — کس لطف پر ہی رغبت احسان ادہر اودہر

نالان ہی اقربا سی ہین ہون مجبور و تنگ — کس کسطرح کی دلمین ہین ارمان ادہر اودہر

ہرجائی اونکو کہتے ہین بی شرم مجھکو لوگ — اوٹھتی ہین رات دن یہی طوفان ادہر اودہر

منظور ہی جو رنجش سابق کا فیصلہ — ہر روز جمع ہوتی ہین مہمان ادہر اودہر

ہین پہلوؤن مین داغ جو دونو طرف نسیم — جلوی دکھا رہی ہین گلستان ادہر اودہر

۱۷۴	ردیف زای معجمہ	۱۲

کیونکر اوٹھای طرۂ زلف دوتا کی ناز — کافر سے نچائینگے ہمسے بلا کے ناز

برسون کے بعد میری بر آئی ہین چاہتین — کیا کیا نہ آرزو یہ ہوی ہین دعا کے ناز

کس کس مصیبتونسی ہوئی ہی نصیب مرگ — کیا کیا اوٹھای ہین شب غم مین قضا کی ناز

کہلتی ہین عقد غنچہ کس آہستگی کی ساتہ / کہوتے ہین کیا عروس چمن سی صبا کے ناز

عشاق جانفروش کے کچہ اور رنگ ہین / گستاخ ہوگئی ہین تمہاری اوٹہا کے ناز

ایسل ستمگرونکی جفا سے نہ پہیر منہ / سہتے نہین کتنا کش روز جزا کے ناز

گنجایش عذاب دل زار مین نہین / کبتک اوٹہائین ظالم ناآشنا کی ناز

کیا کیا نہین ہوا ہی حجاب نگاہ سی / لائین ہین آفتین تری شرم و حیا کی ناز

بیہودگی ہے نالہ و فریاد بیکسی / جز مرگ کون اوٹہاسی ہی عا کی ناز

نوبت کرے تا بہ قدم یار آچکی / طولانیون پہ ہین تری زلف دوتا کی ناز

دیکہو ضرور بار ترا کتسی ہوگا رنگ / ایجان نہ اوٹہ سکین گے قدم سے حنا کے ناز

۱۷۵ — تن شعلہ ہای غم سے ہوا خاک ای نسیم / دیکہین گے استخوان ہماری ہما کی ناز — ۱۴

باقی ہی شوق قاتل شمشیر زن ہنوز / ٹپکا رہی ہین زخم لعاب دہن ہنوز

منظور دل ہی عزت بی پردگی ہمین / کرتی ہین چاک کنج لحد مین کفن ہنوز

ابتک وہی ہین ہمسی تری کج ادائیان / ایچرخ کم ہوا نہ ترا بانکپن ہنوز

ہوسے ترنہین ہی کم مری ویرانہ دوستی / بہاتا نہین ہی سرسی خیال وطن ہنوز

قاتل دریغ کر نہ لعاب زبان تیغ / کہلے ہوی ہین زخم ہماری دہن ہنوز

تجدید رنج یاد رخ و زلف مین ہوے / مصروف تازگی ہین عذاب کہن ہنوز

ہم سرد ہی ہوے نفس سرد کہینچکر / گرمی دکہا رہی ہی تری انجمن ہنوز

ہر غنچہ منتظر ہی تری شوق دید مین / پابند آرزو ہی بہار چمن ہنوز

جلوے دکہا رہی ہین مگر داغ ہای دل / ای رشک گل ہی ہی ہوای چمن ہنوز

پہلے ہی سی سوال کی ہین بدگمانیان / نکلا نہین دہن سے ہماری سخن ہنوز

ایسی اسے خوش آئی ہی قالب کی کہنگی / پہنے ہوی ہی روح وہی پیرہن ہنوز

اسی جان اضطراب تکرار سی ہی ابھی
باقی ہی دیکہ صحبت شمع و لگن ہنوز

اوٹہین سے گے کیا سوال نکیرین کی لیی
باقی ہی قبر مین بہی وہی ضعف تن ہنوز

ہر لخت دل مین ریزۂ الماس ہی نسیم
بہولا نہین ہی یار کا وہ قور تن ہنوز

۱۷۶	ردیف سین مہملہ	۲۰

کل چہرے پائینگے جتنی ہین اسیران قفس
دنکو مہمان قضا رات کو مہمان قفس

دی کہین رخصت فریاد انہین ای صیاد
تنگ آئین ہین بہت ضبط سی مرغان قفس

مژدہ ای قسمت بد دام بلا مین آکر
میہمان چمنستان ہوی مہمان قفس

پنبہ در گوش نرہ بہر خدا ای صیاد
سن ذرا زمزمۂ نالۂ مرغان قفس

لوریان گود مین لیکر جو قضا نی دی ہین
پانو پہیلای ہوی سوتی ہین مرغان قفس

مژدہ چاک قفس کیا ہی اسیرونکی لیی
آنکہ کہولی ہوی بیٹہی ہین نگہبان قفس

برگ گل فرش قفس چاہیی کرنا صیاد
جی کو بہلائین یونہین کاش اسیران قفس

خوابگاہ ستم افزا ہے گرفتارونکی
یارب آباد رہی گوشۂ دامان قفس

فصل گل آئی ہی مرغان چمن ہین ناشاد
کہدو صیاد سی طیار رہی سامان قفس

مخلصی پنجۂ الفت سی بہت مشکل ہی
چہوٹ سکتے نہین ناخن مری دامان قفس

مخلصی نے ہمین پہر شوق اسیری بخشا
یاد آنی لگی وہ صحبت یاران قفس

نیند آجای اجل کے میری افسانی سی
تا قیامت نہ کہلی چشم نگہبان قفس

چہوڑ دی توڑ کے بازو کہین باہر صیاد
تنگ آتا ہی اوٹہانا ہمین احسان قفس

مخلصی پاکے فراموش کیا مجکو آہ
یاد آیا نہ احبا کو مین مہمان قفس

چہٹکے ہم مسکن اعدا سے بہی رنجیدہ رہے
مدتون دل مین رہی حسرت ہجران قفس

نہ پڑی آنکہ تری اور طرف ای صیاد
کیا نہ بلبل کے سوا تہا کوئی شایان قفس

اشک خونین کی ہین قطری ہی ہمصورت گل
دیکہ صیاد ذرا لطف گلستان قفس

ہوگئے ایک ہی پرواز مین خالی آغوش — کیا غضب ہے نہ بر آیا کوئی ارمان قفس

ہیبت نالۂ پرغم سے زمین کانپ اوٹھی — چرخ چکر مین ہو دیکھی جو مرے شان قفس

رنج عشرت سے نہین کم جو ہوا احباب تسلیم — مغتنم جان تو یہ صحبت یاران قفس

۱۷۷	ردیف شین معجمہ	۱۹

صاف طینت کو کدورت ہے بدن کی خواہش — روح مین وہ ہون کہ نہین ہے جسے تن کی خواہش

جو معدوم ہین انکی ہے طلب لا حاصل — نہ کمر کی ہے تمنا نہ دہن کے خواہش

نو مصیبت ہون تری الفت دیرین سے وزر — تازگی پہ ہے مری داغ کہن کی خواہش

پڑ گئی دید گلستان سے ابھی ہے لالی — رنگ کھلانی لگی سیر چمن کی خواہش

اسقدر ہمکو غرض دوست ملی غربت مین — کہ نہین صحبت یاران وطن کی خواہش

آرزو ہے سخن چند ہے تجھسے قاتل — اسلیے ہے مری زخمونکو دہن کی خواہش

کم نہین گوہر غلطان سے ہماری آنسو — ایدل زار نکر در عدن کی خواہش

داغ ہین دل مین نہین سیر گلستانکی ہوس — باغبان تجکو مبارک ہو چمن کی خواہش

صورت اشک سفر کردہ ہون آوارہ مزاج — نہ پھر آنیکی ہوس ہے نہ وطن کی خواہش

ناتوانی سے ہون مثل کمر یار نہان — میری وحشت کو نہین طوق و رسن کی خواہش

سلسلہ رشتہ گیسو سے ہوا ہے اپنا — نو اسیر مین ہوے دام کہن کی خواہش

بیخبر مین ہوس دید مین تیرے ہر دم — روح سے کام نہ رکھتی ہین بدن کی خواہش

پاک ہین قاقم و سنجاب سے خاکستر پوش — خاکسارونکو نہین زیب بدن کی خواہش

خوب لپٹا ہے لحد سے پس مردن لاشہ — جسطرح ہوتی ہے دولہا کو دلہن کی خواہش

دار فانی سے ہے افسردہ مزاج اصل — سبزۂ دشت نہ گلزار وطن کی خواہش

غش پہ غش آتی ہین کچھ ہیا ہے سجدہ روح — کیون نہ ایجان ہو ہمیں سیب ذقن کی خواہش

ہے جنگلی دشت سے جبکہ مجھے گھر یاد آیا — شام غربت کو ہوئی صبح وطن کی خواہش

یاد آئی ہے مجھے ایذا طلبی کی راحت
پھر طبیعت کو ہوئی رنج و محن کی خواہش

فائدہ کیا ہی بہت ہرزہ کلامی سی نسیم
کیجیے اور طرف حسن سخن کی خواہش

۱۶۸	ردیف صاد مہملہ	۱۷

آ دیکھ لے بیتابی بسمل کا ذرا رقص
کرتے ہین لب تیغ بہی مشتاق قضا رقص

رہتا ہی تری افعی گیسو کا تصور
کرتی ہی مری پیش نظر روز بلا رقص

ہی خواہش تعلیم جو ادتری ہی کر سے
سیکھے گی قدم سی تری کیا زلف دوتا رقص

یاد آتی ہین جب لطف طواف در احباب
کرتی ہی تمنا مری ہنگام دعا رقص

وہ نازو ادا ہائی ہین ہم مرگ تمہاری
فرش سر مقتول پہ کرتی ہی جفا رقص

پردہ نہ رہا کچھ تری بے پردگیون سے
کرنی لگی بیساختہ پابند حیا رقص

ٹہوکر نے سکہایا تری انداز غضب خیز
زیبا ہی جو چھپ چھپ کے کری دزد حنا رقص

خود رفتگی کیف محبت سے خبر کیا
مزدور کی نزدیک ہی حال فقرا رقص

غم خوردہ طبیعت کو نہین عیش سی مطلب
کیا دیکھنے آئیگا گرفتار عزا رقص

ہی منزل بیتابی دل ضبط سی خالی
بسمل تری کرتی ہین تہ تیغ نیا رقص

جانباز وفا بعد فنا ہوتے ہین زندہ
ہی اسلیے بالاے مزار شہدا رقص

آنکہون کی اشارے سی تشنج لکو غضب ہین
ہر ہر تری انداز سے ہوتا ہی نیا رقص

شب جاے وہ مہتاب بچہاتی ہی سحر تک
کرتی ہی یہان پیش لحد آکی صبا رقص

افسانہ شب سنکے نکل آیا ہی خورشید
کس ہوم سی محفل مین تری یار ہوا رقص

نالونکی مری دہوم زمین پر ہی شب بہر
ایوان فلک پر مری آہونکا رہا رقص

لے لیتی ہی جان عاشق جانباز کی کیونکر
دکہلا و ہمین جان جہان بہر خدا رقص

سوچو تو نسیم آپکی کس لطف سی گذرے
برسون ہی سر شام سی تا صبح رہا رقص

۱۶۹	ردیف ضاد معجمہ	۲۴

ایدل سمجھ نہ پاس عزیز و یگانہ فرض ۔۔۔ عاشق کیواسطے نہین رسم زمانہ فرض

تدبیر بہی ضرور ہی ہر قصد کے لیے ۔۔۔ کرتوا ہی سے قتل عدو کا زمانہ فرض

ناصح کی پند طعنۂ احباب سن چکے ۔۔۔ کرتے نہین کسیکا ہم اپنا یگانہ فرض

کرنی پڑے گی خدمت صیاد عندلیب ۔۔۔ دو دن کیواسطے نہ سمجھ آشیانہ فرض

رک جاؤ گفتگو مین نہ ہنگام بازپرس ۔۔۔ عاشق کی قتل کا کوئی کرلو بہانہ فرض

زینت سی کیا غرض ہی پس اے ہم نفس ۔۔۔ چادر کی ہی ضرور نہ ہی شامیانہ فرض

کمل بہت ہی خلعت زرتار گر نہین ۔۔۔ محتاج پر نہین ہی لباس شہانہ فرض

کرتے ہین ہم وہی کہ جو آتا ہی ذہن مین ۔۔۔ کب جانتی ہین طاعت رسم زمانہ فرض

مفلس ہون اسقدر کہ میسر کچھ نہین ۔۔۔ کرتا ہون اپنی سیاہی کہ دیوار خانہ فرض

خدمت کا پاس ہوتا ہی ظالم کو بھی ضرور ۔۔۔ صیاد جانتا ہی مرا آب و دانہ فرض

ایجان جان خدنگ نگہ مین کمی نہ ہو ۔۔۔ کرلو ہمارے دل کو ہی کوئی نشانہ فرض

اظہار مدعا سے بگڑنا ضرور کیا ۔۔۔ ایجان سیکھیے سخن دوستانہ فرض

مشاطگی سے حسن خدا داد پاک ہی ۔۔۔ زلفون کیواسطے نہین تزئین شانہ فرض

بگڑا ہوا ہی عمر کا رہوار اسلیے ۔۔۔ کرتا ہی ہر کشید نفس تازیانہ فرض

صدمے اوٹھا رہا ہون جو نازک دماغ ہون ۔۔۔ کرتا ہون موج نکہت گل تازیانہ فرض

کیونکر نہ تیری در پہ رہین جبہ سائیان ۔۔۔ عشاق کو ہوا ادب آستانہ فرض

چھوڑینگی خاک ہو کی بہی تیرا نہ آستان ۔۔۔ ایجان کر وفا مین ہمین تو یگانہ فرض

آتا ہی تا بچشم تمنا ہی رزق مین ۔۔۔ دامن ہر ایک اشک کو کرتا ہی دانہ فرض

عالی دماغیان نہ گئین بعد مرگ بھی ۔۔۔ کرتی ہین ہم ردا ہی فلک شامیانہ فرض

پاداش قتل سے ہی ڈرتے ہو کس لیے ۔۔۔ لاکھون فریب ہین کوئی کرلو بہانہ فرض

مضمون کے بہی شعر اگر ہون تو خوب ہین ۔۔۔ کچھ ہو نہین گئی غزل عاشقانہ فرض

ہر دم جلا رہی ہین دم گرم ہڈیان — کرتے ہین سوز دل کو ہم اپنی زبانہ فرض

جو قابل شنیدہ نہو داستان غم — کہتے ہین کیجیے ادھر تیر افسانہ فرض

دیتا الوہم ہی خمس سخن جلد ای نسیم — ہر مالدار پر ہی زکوٰۃ خزانہ فرض

۱۸۰	ردیف طای مہملہ	۲۱

قاصد جو پڑہ چکین وہ مرا ماجرای خط — کہنا کہ اور آتا ہی اک خط قفای خط

گم گشتگی کا حال جو لکہا تہا یار کو — وہ پڑہتی پڑہتی بہول گیا ماجرای خط

افسانہای ہجر کی طولانیان تہین — برسون پڑہا کبہی نہ ہوئی انتہای خط

فرصت کہان ہی ضعف سی جو حال لکہ سکین — قاصد ہمارا شوق ہی بس ہی بجای خط

خط نامہ بر کو پہیر دیا اور یہ کہا — کہنا کہ ہمنی جان لیا مدعای خط

نازک مزاج ہین کہین آزردگی نہو — جلدی نہ کیجیو مری قاصد برای خط

گر خط نہ پڑہ سکین تو زبانی ہی نامہ بر — کہدینا مدعای مصیبت فزای خط

کیا ذکر نامہ بر کہ دم واپسین ہی یان — اب اور ہی ہوا ہی نہین ہی ہوای خط

غفلت یہ تہی تصور رخسار یار سے — لکہا ہزار بار وہی مدعای خط

تہا وہ بیان نامہ بر مین لگا وقت واپسین — نکلا ہزار بار ہی منہ سی ہای خط

سمجھین نہ مگر صاف کہین حال واقعی — کیونکر لکہون کہ وہ ہین سی آشنای خط

آجای نامہ بر جو پس مرگ ہمنشین — دینا مری مزار پہ لا کر ہوای خط

آجای نامہ بر نہ کہیکے فریب مین — ڈر ہی نہ مدعی پہ کہلے مدعای خط

قاصد جواب نامہ لکہا یار نے مجہے — تعریف مدعا مین کرون یا ثنای خط

مضمون خون دل کو بہی شنجرف سے لکہا — کس رنگ پر ہے شوخی رنگ حنای خط

پڑہ کر وہ خط شوق مرا اوٹہ کہڑی ہوے — تعظیم خواستگار ہوا ماجرای خط

پرہیزگار شوق وہ ہمکو ہین جانتے — مضمون پاک ڈہونڈہ رہی ہین بجای خط

برسون گذر چکے ہوس انتظار مین — معلوم کچہ نہین سبب التوای خط

رخسار مدعا کی نظارونکا شوق ہی — قاصد دکہادی ناصیۂ خوش نمای خط

قاصد زیادہ اس سی ہوس کیا ضرور ہے — دیتا ہون نقد جان مین تجہی رونمای خط

آخر نسیم نامہ و پیغام تا کجا — بہتر یہی ہی کہ آپ چلو تم بجای خط

ردیف ظای معجمہ — ١٨١ — ٥

پاک ہی لذت عشرت سی زبان واعظ — جو بلا آئی الٰہی سو بجان واعظ

ہم نفس باغ جنان گہر ہی گنہ گارونکا — ڈہونڈہ دوزخ مین کہین جا کی مکان واعظ

خدمت رند قدح نوش مین بے ادبی — جہین ہی کاٹہی دانتونسے زبان واعظ

خود فراموش ہی کیا اور کو سمجہائیگا — راست بازونسے کجی پہ ہی گمان واعظ

کیون نہ ہو تیر اشارات سی عالم مجروح — قد خم گشتہ ہی گویا کہ کمان واعظ

ردیف عین مہملہ — ١٨٢ — ١٣

ہجر مین میری جلانیکی رکہ پروانہ شمع — ہای بکہون آجکی شب ایک جا پروانہ شمع

جب پڑی زنجیر گریہ پہر کہان آزادگی — دام مین لائیگا تجکو اشک کا ہر دانہ شمع

دیکہکر محفل مین دشمن جلتے جلتے بجہ گئے — کہہ گئی پوشیدہ میری حال کا افسانہ شمع

بات کچہ جو پایا نہو آنسو بہا دیتا اسے — رکہتے ہی پیری مین حسن گریہ طفلانہ شمع

روسیاہی قسمت گلگیر مین لکہی گئے — بیگناہی کے لیے پیدا ہوی پروانہ شمع

زندگی تک آتش الفت کے تہین سب میان — جان پروانیکی نکلی ہو گئی بیگانہ شمع

وای قسمت نخل گریہ ایک ہی اوگتا نہین — یعنی ہی ناحق لگن مین اشک کا ہر دانہ شمع

دنکو پنہان رات کو فانوس کی زیر نقاب — کسقدر رکہتی ہی پاس فرقت پروانہ شمع

دامن گریہ چہپا دیتا ہی عریانی کا عیب — تن پہ رکہتی ہی ردای اشک بیتابانہ شمع

کیا غضب ہے ہو گئی گل معشوق بلبل بن گئی — کچہ نہ آیا تجکو پاس الفت پروانہ شمع

صاحب زینت ہین محتاج زینت غیر سے
حاجت مشاطہ رکھتی ہی فکر شانہ شمع

قیدی زنجیر گریہ کیون ہی پروانونکی شکل
مانگ لی پرواز کرنی کو بہر پروانہ شمع

بعد مردن عاشقونکی پاسبان معشوق ہین
رات بہر کرتی ہی حفظ لاشۂ پروانہ شمع

وله

۱۸۳ — ۱۴

حسن معشوقی ہین ہی رکھتی ہی ناسور شمع
سوز باطن تو نکم ہوتا جو ہوتی چور شمع

کیا فروغ مرگ ہی اے حسرت عاشق کا اثر
گل چڑہاتی ہی لحد پر ہنکے نخل نور شمع

اشک غلطان لاتی ہی دست تہی نذر کو
جانتی ہی آنسوون کو دانۂ انگور شمع

اشک کے دامن ہین کہلی اپنی پروانیکی لاش
مفلسی سے کچھ نہین کہتی اگر مقدور شمع

گریبان کہلا رہی ہی اپنی جسم سرد کی
صرف سوزش کر رہی ہی روغن کافور شمع

سر کٹاتی گر فروغ زندگی منظور ہے
دیکھ وقت روشنی کہتی ہی کیا دستور شمع

دغدغہ ہی تجھ کو یار ایذا دوست سی
جانتی ہی ہر لب گلگیر کو ساطور شمع

حسن تابندہ ہی شعلہ رشتۂ پیچیدہ زلف
سامنی پروانیکے آتی ہی بنکر حور شمع

بیحجابی کے فری اوٹہی پروانیکے ساتھ
جل رہی ہی پردۂ فانوس مین مجبور شمع

رکھتی ہی سینہ مشبک کثرت ناسور سے
سر سے پا تک ہی بہ شکل خانۂ زنبور شمع

خود نمائی ہی حسینونکی لیے بی پردگی
عیب عریانی سے ہی اس واسطے معذور شمع

بے نقابی گر ہے رخسار آتشناک سے
بزم جانان مین تہی فانوس کہنہ دور شمع

چند دم کی روشنی پہر آنسوونکا ڈہیر ہی
ہی بہلا کس حسن پی اتنا یہ مغرور شمع

۱۸۴ — ۲۶

زیر بار روشنی اعمال کی ہی ہی نسیم
آرزو خورشید کی ہمکو ہی منظور شمع

مہر و محفل کہیں رکھتی ہی جو دستور شمع
ایک ہی پا سے کہڑی رہتی ہی ہی شب بہر حضور شمع

دیر سی تکتی ہی تیرا عارض پرنور شمع
دیکھ تو کیا دیکھتی ہی او بت مغرور شمع

پارسائی کے ہین دعوی کیون نہو مغرور شمع
پردۂ فانوس مین ہی شاہد مستور شمع

اتحاد تیرہ باطن سے نہین مسرور شمع
دود و شعلہ سی رکھتی ہی نہایت دور شمع

جلوۂ عارض سی تیری کیون نہ بہاگی دور شمع
سامنی خورشید کی رکھتی نہین ہی نور شمع

آبلے اشکون کے رخ سی کر رہی ہی دور شمع
یا لگن مین بہر رہی ہی دانہ انگور شمع

کونسے وقت اوسکو یاد سوز پروانہ نہین
کب بہلا رکہتی ہی ٹھنڈا سینۂ محرور شمع

شعلہ کا ہی کو ہی سر پہ ہے یہ چوٹی نور کی
جب یہ جلوی ہون نمایان کیون نہو مغرور شمع

خود بہا دیتی ہی جب ناسور کو بہر جاتی ہی
جانتی ہی تنگ اپنی زخم پر انگور شمع

عکس سی عارض شفاف کا جو پڑ گیا
کسقدر یہ چمکی ہی گویا ہوگئی بلور شمع

جم گیا ہی جا بجا دود جگر پروانی کا
سرنگین رکھتی ہی ہر سر دیدۂ ناسور شمع

کس قدر انداز کے تیر نظر کا خوف تہا
کیون ہوئی تہی پردۂ فانوس مین مستور شمع

آنکہ ہی پائی ہی قسمت سے تو وہ ناسور کی
کسکو دکہلائی یہ اپنا دیدۂ بی نور شمع

شاہدان شعلہ رو کو جو گردی عیب ہے
دوسرا یسی ہوئی ہی اس لیی معذور شمع

لن ترانی کر رہا ہی تاج شعلہ فرق پر
آج تو دکہلا رہی ہی کچہ فروغ طور شمع

ہٹ گیا منہ سی دوپٹا شب جو عارض کی تری
آفتاب حسن چمکا ہوگئی بے نور شمع

قصہ میرا دیکہ کر کہتی ہین سو سو ناز سی
کچہ حیا کر دیکہ تو وہ دیکہتی ہی دور شمع

صدقی ہین اوس تیرگی کی جسمین تم ہو بیحجاب
جلد او ٹہول کر دو ایجان نہین منظور شمع

دیکہ سوز ہجر سے میرا فروغ استخوان
کیون منگاتا ہی عبث اپنی لیی ریشۂ کافور شمع

یاد آئی ہی جو اوسکو صحبت پروانہ کے
رو رہی ہی ہمکو تمکو دیکہکر مسرور شمع

منہ سی اتنا ہی نہ نکلا کیون جلاتی ہو مجہے
ہوگئی ایسے تمہاری سامنی مجبور شمع

سر پہ یار شعلہ اسمین کچہ اشکون کا ہجوم
آکی محفل مین تمہاری بن گئی فردور شمع

سوز سیر اسا تمہاری حسن کی سی دشمنی
دونون باتین کی ہین پیدا کیون نہو مغرور شمع

یہ بھی سیکھی ناز معشوقی تمہاری شرم سے
پردۂ فانوس مین رہنی لگی مستور شمع

زخم ملتا ہی حسینوں کو بھی جور چرخ سے
رکھتی ہی سینی مین اپنی جا بجا ناسور شمع

۱۸۵	اس زمین مین اک غزل لکھو مضامین پر النسیم جلوۂ افکار سے ہی خاطر مسرور شمع	۳۱

اس فروغ چند ساعت پر نہو مغرور شمع
صبح کو ہو جاے گی رزق دہان مور شمع

آپ بھر لیتی ہی اپنی اشک سی ناسور شمع
رکھتی ہی کب احتیاج مرہم کافور شمع

آجکی شب یہ کہتی ہی یہ نیا دستور شمع
مجھسے تم کچھ دور رہو اور تمسی ہی کچھ دور شمع

شعلہ رو یونکے محبت نے اثر اتنا کیا
بعد مردن بھی ہی اپنی پاسبان گور شمع

بی نیازی ہی بشکل دیدۂ اعمی مجھے
کچھ غرض کہتا نہین گو پاس ہی یا دور شمع

عکس افگن ہین جو عارض قاتل سفاک کی
سینہ سا طور ہین ہی جوہر ساطور شمع

واہ ری قسمت حصول دید غیرونکی لیے
آنکہ تو رکھتی نہین کیا دیکھی بینا نور شمع

تیرگی ہی باعث آرام سوزی کی لیے
ہوتی ہی اے دل وبال خانۂ زنبور شمع

اسکو شب بھر سوز حاصل ہمین شعلے رات دن
کب بھلا رکھتی ہی میرا سا تن محرور شمع

آپ دھو لیتی ہی چہرہ اپنی آب اشک سے
احتیاج خدمتی رکھتی نہین منظور شمع

صورت موسی غشی ہی صاحبان بزم کو
مانگ لائی ہی کہانسے جلوۂ طور شمع

وا ری قسمت بی بضاعت سے خدر کرتی ہین سب
بھاگتی ہی خانۂ مفلس سے کوسون دور شمع

پاکبازان محبت سے تعلق ہی ہین پاک
بعد مردن بی کفن پروانہ ہی بی گور شمع

جو کہ مہمان خدا ہین انکو پھر کیا احتیاج
اہل جنت کی لیے ہوگا جمال حور شمع

ہان اسے معشوق عاشق حال کہنا چاہیے
رکھتی ہی سینی مین اپنی جا بجا ناسور شمع

ناز معشوقی نہ انداز حیا ازا اسمین ہی
مجکو حیرت ہی ہوئی کس بات پر مشہور شمع

جسم بیخون زردی چہرہ دلیل کس کی ہی
بے سبب کب ہی یہ صورت کچھ تو ہی رنجور شمع

یہ بھی عاشق ہی کسیکی جو ہو تیرا ایسا حال
جلوہ گر ہی صورت داغ تن محرور شمع

صبح تک جلتی رہی لیکن نہ پوچھی تنی بات
آپکی محفل سی دلمین لیچلی ناسور شمع

مجھسے وہ روتی ہی مین روتا ہون تیری جو مجھسے
اسطرف مجبور مین ہون اوسطرف مجبور شمع

اسمین سوز عشق تیرا اوسمین سوز ظاہری
لائیگی ایسا کہان سی سینہ محرور شمع

کہتے ہین اوٹھ آ کی صدقے کھلی بند نقاب
ایک ہی جلوہ مین اپنی ہوگئی بی نور شمع

بسکہ آنکھون مین تصور آپ کی عارض کا ہی
آج محفل مین نظر آتی ہی مجکو حور شمع

بدگمان جسطرح تم ناشنا جیسی میرا دل
دو بلائین ساتھ ہین ہو کسطرح مسرور شمع

یہ بھی کیا مین ہون کہ جو ہرگز نہین شایان رحم
صبح ہی رخصت کر اسکو ہو چکی بی نور شمع

وای غفلت شب رخصت پر جو ہی اسکو نظر
دیکھو ہم تم ہنس رہی ہین وہ ہی ہی دور شمع

بے زبانی سی ہی چپ سر کاٹنا پچتاو گئے
بدگمان ہوگئے ہو کیون بیجان نہین مغرور شمع

آپکے رخسار روشن نی مٹائی اسکی قدر
اب نظر آنی لگی مثل چراغ دور شمع

التماس آرزو کرتے تمہاری سامنے
ہان مگر ہی خلقت خاموش سی مجبور شمع

ہٹ گیا منہ سی تمہاری گر دوپٹا منھ ہم
پہلے نور صبح سی ہوجائیگی کافور شمع

کب ہین محتاج ضیا ہی غیر عاشق اے نسیم
داغ تن تابندہ ہین کہلائیگی کیا نور شمع

۱۷	ردیف غین معجمہ	۱۸۶

دلمین رہتا ہی ضیا سی داغ سے روشن چراغ
گھر ہی عاشق کا یہان جلتا ہی بی روغن چراغ

کب یقین ہی قبر پر اپنی رہی روشن چراغ
تم جلانی ہی نہ آؤگی پس مردن چراغ

شعلے دیتی ہین بدن مین جسقدر ہین استخوان
جلوہ گر رہتی ہین میری پیراہن چراغ

بعد مدت گرم صحبت ہی جو وہ آتش مزاج
شعلہ افسوس سی ہی سینہ دشمن چراغ

مخلصی مطلوب کے طالب سے ہو ممکن نہین
قید رکھتا ہی کنار شوق مین غن چراغ

ایک ہی سنت نہ بر آئی وہ خوش اقبال ہون
مدعی میرے لیے کرتی رہی روشن چراغ

اک تماشا ہی فروغ کرمکِ شب تاب سی
باغ مین ہر پہول رکہتا ہی تہِ دامن چراغ

روشنی دیتی ہین داغِ دل شگافِ قبر سے
جانتے ہین لوگ جلتی ہین تہِ مدفن چراغ

جسقدر بیتابی ہو باعث آرام ہی
بجہ کی سو رہتا ہی جب ہوتا ہی بی روغن چراغ

یہ جلاتا ہی انہین آتی ہین پروانی جو پاس
واسطی تشمت دوستونکا اپنی ہی دشمن چراغ

شب کی تاریکی لحد پر داغ تن زیرِ لحد
تیرگی بالای مدفن ہی تہِ مدفن چراغ

یون ہی مرجاونگا مین بہی رنجِ غم سی ای صنم
جلکی بجہ جاتا ہی شب کو جیسی بی روغن چراغ

عکسِ عارض سی تمہاری بڑہ گئی ہی دونی چمک
چشمِ بد دور آج رکہتا ہی عجب جوبن چراغ

امتحان کیواسطی اکثر بجہاتا ہون جو مین
تابشِ رخسار سی تم کرتی ہو روشن چراغ

انتقالِ روحِ عاشق کا زمانہ ہی قریب
لو مبارک ہو تمہین دشمن کرینگی روشن چراغ

بیکسونکو بہی تمہاری حسن سی ملتا ہی فیض
رات بہر رہتا ہی مزارِ بیکسن چراغ

۱۸۷	ای نسیم اب تم بدل کر قافیہ لکہو غزل جوشِ مضمون کہہ رہا ہی اور روشن چراغ	۹

باعث بی رونقی ہی جامِ بزمانمین چراغ
اس لیی روشن نہین کرتی ہیا بانمین چراغ

تیرہ بختونسی فروغِ ظاہری رہتا ہی دور
کسنی دیکہا ہی شامِ غریبان مین چراغ

اٹہ گیا عاشق کا لاشہ آج جہگڑا مٹ گیا
پاسبان روشن کرینگی اب کہی جانانمین چراغ

کچہ نہین مطلب نہین گر پاسبان برہم ہی
آہ کی شعلونسی جلجائینگی زندانمین چراغ

نور کی ہی روشنی سوتی ہین وہ آغوش مین
ایفلاک کہتا ہون مین ہی آج دامان مین چراغ

پہر شگاف سی ہی جو دیتا ہی رخ ہی پاک
جلوہ گر ہی کوچہ گیسوی جانانمین چراغ

سوجتا ہی جہپکی کچہ ہوا کا ہی جو خوف
رات بہر رہتا ہی اپنی فکر درمانمین چراغ

نور کی آنسو ٹپکتی ہین خیالِ یار مین
کیا تماشا ہی کہ ہین آغوش دامانمین چراغ

۱۸۸	ای نسیم اک خلاف بحر لکہ سہارا غزل	صبح ہو جاتی ہی تا نک بہر ہی کیا ہومین چراغ	۱۰

ہان کیون نہ بیٹھین ہم رہی بی سخن چراغ
رکھتا نہین نشانِ زبان و دہن چراغ

محتاج روشنی نہین عشاق آپکی
جلوہ سے داغکی ہین تہ پیرہن چراغ

مرنی کے بعد بھی وہ ہی شعلے ہین مشتعل
جلتے ہین یان اندرون مری زیرِ کفن چراغ

نیندونکی لطف خلق کو بیداریان اوسے
ہی پاسبانِ خانہ ہر مرد و زن چراغ

درپیش ہونگے عذرِ گذشتہ اوسی طرح
روشن کرو نہ آجکی شب جانِ من چراغ

عاشق ہی کاوشون پہ ہمیشہ سے تنگ آ
جلتا نہین مرے لحدِ کوہکن چراغ

جلتے ہو سیر کو تو رہی روشنی بہی ساتھ
دکھلائیگا نشیب و فرازِ چمن چراغ

بی رونقی دلیلِ مصیبت ہی ای صنم
رکھتا نہین مزارِ غریب الوطن چراغ

مفلس کا لاشہ رات کو اوٹھتی تھی تو ہی
خیاط کو بھی چاہیی بہرِ کفن چراغ

مضمونِ نور زا جو ہوی ضبط اے نسیم
ہی بزمِ سامعین مین ہمارا سخن چراغ

۱۶۹	ردیف فا	۱۶

لائی نصیب کھینچ کے بیداد کیطرف
دن پھر پھرا پھر آیا تو صیاد کیطرف

پاسِ وفا سے مُنہ نہ پھرا وقتِ نزع بھی
دی جان دیکھ دیکھ کی صیاد کیطرف

کیا اضطراب ہی کہ برابر ہین گردشین
سوے چمن کبھی کبھی صیاد کیطرف

مین اجنبی قفس سے مجھسی اجنبی
وہ مجکو دیکھتا ہی مین صیاد کیطرف

ای دامِ روزگار نہین بختِ عندلیب
کیون کھینچتا ہی تو مجھے صیاد کیطرف

کہتا ہی دل کچھ اور ہی یہ طرفہ لطف ہے
سیر طرف نہ اوس ستم ایجاد کیطرف

دیکھی جو بیتی روزِ جزا اوسکی بیکسی
شرما کی ہوگیا اوسی جلاد کیطرف

رو کو خدا کیواسطے یارو کہ جوشِ شوق
پھر مجکو لی چلا اوسی جلاد کیطرف

ہی مجکو جوشِ شوقِ شہادت حیا کی ساتھ
گردن جھکا ہی جاتا ہون جلاد کیطرف

شوقِ نیاز ہون کبھی قہرِ نگاہ ہون
اپنی طرف ہون مین کبھی جلاد کیطرف

ایسے مسافران عدم تنگ دل سے گئے — منہ بھی کیا نہ عالم ایجاد کیطرف
عاشق کا دل ہے آئین خوشی کا گذر کہان — آتا ہے کون خانۂ برباد کیطرف
مژدہ کسی طرح کا سنتا ہے گر کوئی — میں دیکھتا ہون خاطر ناشاد کیطرف
اونکو شگون آمد فصل بہار ہے — تکتے ہیں باغبان مری فریاد کیطرف
مشق خیال یار ہے یون دل کو جسطرح — سرعت ہو طفل کو سبق یاد کیطرف

۱۹۰	غنچے کھلے ہوئے ہیں چلو سیر کو نسیم جاتے ہیں ہم بلبل ناشاد کیطرف	۱۰

بھلا وہ کیا ہو مری حال زار سے واقف — نہیں ہے جو ستم روزگار سے واقف
وہ عندلیب ہون جسکے کھلی قفس میں آنکھ — نہیں ہیں لطف خزان و بہار سے واقف
نہیں اوٹھائی ہے جسنے تپش جدائی کی — وہ کیا ہو میرے دل داغدار سے واقف
فروغ حسن و شب زلف اسنے دیکھی ہے — یہ دل ہے گردش لیل و نہار سے واقف
خیال گریہ پس مرگ اوسکو کیا ہوگا — جو آج تک نہیں میرے مزار سے واقف
نہ جانتی تھی کہ تکلیف عشق میں ہوگی — نہیں تھی ہم ستم انتظار سے واقف
ہجوم کیف کی ہر دم ترقیان ہیں مجھے — وہ آنکھ ہون کہ نہیں جو خمار سے واقف
خلش اوٹھائی نہ نوک مژہ کی اشکون نے — یہ آبلے نہیں تکلیف خار سے واقف
وڑو خدا اسے گھونگٹ اسقدر نہیں چھپا — نہیں ہے جو جذبۂ دل بیقرار سے واقف

۱۹۱	میں وہ ہون غنچۂ پژمردہ اس چمن میں نسیم کہ جو نہیں کبھی لطف بہار سے واقف	۱۳

میں دیکھ کر یہ طول خم کیون نہ فکر آئی زلف — جز ابتدا نظر میں نہیں انتہائی زلف
حسرت ہی رہ گئی دل عاشق میں ہائی ہائی — شانے نے کچھ بیان کیا ماجرائی زلف
یارب دراز ہو شب ہجر اسسے بھی زیاد — رہتی ہے یہ دعا مری لب پر برائی زلف

عاشق کے دلکو فکر دوئی سے نہین فراغ
شانہ بھی سر لگا ہی ہوئی ہی قفائی زلف

عاشق کو دیکھ دیکھ کے ہوتا ہی پیچ و تاب
ثابت نہین سکے ہی کیا مدعائی زلف

بخشا جو بیقراری خاطر نے انتشار
ہم کہتے کہتے بھول گئی ماجرائی زلف

میری بھی داستان کو اسطرح طول ہی
جسطرح ہی دراز ترا ماجرائی زلف

دیتا ہون اپنی جان اگر کیجیے قبول
رکھتا ہون اور کیا جو تمہین رونمائی زلف

پائی تمہاری سر پہ جگہ واہ ری نصیب
کیا اندنون ہی اوج پہ بخت رسائی زلف

اللہ ری ضبط عاشق بیچارہ مرگیا
اتنا بھی اوسکے منہ سے نکلا کہ ہائی زلف

صدقے کیواسطے سے نہین فکر کیا ضرور
عاشق کی جان جائیگی لیکر بلائی زلف

قربان اس نصیب کے کیونکہ نہ جائیے
قسمت یہ ہے کہ سر پہ تمہاری چڑھائی زلف

سچ ہی سمجھ ہم شوق بھی ہی قہر الٰہی ہم
کیا کیا بلائین سہتی ہین مرتبہ برائی زلف

۱۹۲	ردیف قاف	۱۵

ہم غریبونکو بھی ملجاتی ہین پیمانہ عشق
یارب آباد رہی صحبت میخانہ عشق

یاد کیا آیا ہی فرزدہ کہ جو رونا بھولا
قہقہے کرتا ہی کچھ آج تو دیوانہ عشق

رات کم آتی ہی آرام سے پھر سو رہنا
سن لو کچھ عاشق بیتاب کا افسانہ عشق

آہ سے بنتا ہی یہان کوئی نہ کوئی مشتاق
کب بھلا رہتا ہی خالی کبھی کاشانہ عشق

اور خاک ایسی نہین جیسی شہر کی ہی خاک
یہی کرتی ہی سدا پرورش دانہ عشق

نہ درخت اسکا ہی کوئی نہ کہین پھل اسکا
ظاہرا نخل ثمر سے ہی بری دانہ عشق

روح پرواز ہوئی کام نہ آئی زنجیر
نہ رکا قید سے بھی ہو کر ترا دیوانہ عشق

حال کہتی نہین مرجاتی ہین عاشق خاموش
دیکھیے شمع کی جلجاتی ہین پروانہ عشق

سجدے ہوتے ہین ہزارون دم مستی شوق
اٹھتے ہی سی نہین ہم در میخانہ عشق

بند ہو جائیگا واعظ در توبہ لیکن
وا رہیگا یہان ہر دم در میخانہ عشق

بیخودی مین خودی ہی جو سمجھ رکھتا ہو
جو کہ بیہوش جہان ہی وہ ہی فرزانۂ عشق

جب نظر آئی تو کہل جای کہ کیا عالم ہی
صورتین او رہی کہتا ہی پریخانۂ عشق

کب تصور سی ہی خالی دل خستہ ایدوست
ہر دم آباد رہا کرتا ہی ویرانۂ عشق

کسکی تہی اسکی سوا منزل ویران مرغوب
سینۂ عاشق افسردہ ہوا خانۂ عشق

ای نسیم اب نہ محبت کی تمنا کرنا
ورنہ پہر لوگ کہین گی تمہین دیوانۂ عشق

۱۹۳ ردیف کاف ۱۸

پہنچی جو دم شوق نظر یار کی سر تک
اللہ ری نزاکت کہ لچک آئی کمر تک

ای روح نہ اتنا قفس جسم سی ہو تنگ
آ پہنچی ہین تیر نظر یار جگر تک

مر جائینگی پہلی دم رخصت طلبی سی
ہم خود سفری ہونگی ترے وقت سفر تک

کچہ دور نہین تیری نزاکت سی جو بل کہای
مو زلف کی آئینگی اگر موی کمر تک

یا یوہی کاکل کو ہی آسیب پہنچای
شانہ بہی نہ آجای کہین موی کمر تک

گو تجکو خبر ہو کہ نہو پر نہین غافل
آہین مری ہو آتی ہین ہر شب تری در تک

کیا دخل جو کم ہو مری گلگونی دامن
وا رہتی ہین زخم کی سینی سی جگر تک

گر بندہ نوازی کا ارادہ ہی تو جلد آ
ہون آجکی شب اور بہی مہمان سحر تک

کیا کیا نہ ارادی تہی مری جوش جنون کی
پہنچا نہ مگر ہاتہ گریبان سحر تک

ای ولولۂ شوق شب وصل صنم ہی
رہ جای کوئی حوصلہ باقی نہ سحر تک

وہ ضعف ہی اک لفظ زبان پر نہین آتا
جا سکتی نہین میری دعا باب اثر تک

جسکی لیی مین بیخبر ہر دو جہان ہون
افسوس کہ اسکو نہوی میری خبر تک

اک طرفہ تماشا ہی ذرا دیکہ لو تم بہی
لی آئینگی اونکو بہی کہتی ہوی گہر تک

ہر چند ہون دیوانہ مگر ہی ادب اتنا
آتی ہی قدم لینی کو وحشت مری گہر تک

تنہا تری کوچی سی کبہی مین نہین پہرتا
محروی قسمت مری ساتہ آتی ہی گہر تک

وہ حسن کی گرمی ہی جب آتا ہون تری پاس
شعلہ سا لپٹتا ہی مری پانو سی سر تک

ای ضعف اجازت دی کہ مین برہنہ ہو
آتا نہین دامن ہی کبھی دیدۂ تر تک

۱۹۴	وہ حال نسیم اب ہی کہ دشمن بہی ہی محجوب منہ اپنا چھپاتا ہی مرا زخم جگر تک	۱۴

خدارا ایسے چلو یار وجہی وس شوخ بدچلن تک
یہ حالت آتچو پہنچی ہی کہ رو دیتی ہین دشمن تک

وہ مطلب ہون کہ جسکو تم زبان پر لا نہین سکتے
وہ خواہش حسن کی پوشیدہ پہنچاتا ہون دشمن تک

خم پیری کی احسانسے جھکی ہی سقدر گردن
کہ آجاتا ہی اب سر گریبان سے مری دامن تک

وہ ہون دیوانہ پر مفلس سلاسل جسکی ٹوٹی ہی
میسر مجکو ہو سکتا نہین پیوند آہن تک

پہر آئی میری نالی بد دماغی دیکھ گلچین کی
کہا غیرت نے مر کر بہی نہین جانیکی گلشن تک

میری آنسو بھی لطف بی نیازیسے نہین جاتے
وہ گوہر ریز دامن ہین نہین آتی جو روزن تک

نہین ہی یاد کچھ طول گرفتاریسے بھولا
ہزارون بار پہر آتا ہون جا کر مین نشیمن تک

بنا ہون بادہ ہر ساعت مجھی آغوش حاصل ہی
کبھی ساغر کی قالب مین کبھی شیشی کی گردن تک

دوئی آئی نہین تیری مری تاثیر تنہائی
بگولی خاک ہو جاتی ہین آتی آتی مدفن تک

بشکل ابر ممسک مجکو بخل آب ریزی ہی
بھرے ہین آنکہ مین آنسو نہین آتی ہین دامن تک

نہ آئی کی ہیسر صحبت دشمن مجھی ہمت سی
گل پژمردہ ہون کیا جاونگا گلچین کے دامن تک

ندامت کیا ہوئی ایسی کہ رخصت سبکو کر دی ہی
ڈہلا آتا ہی مثل اشک رخسارونسے جوبن تک

درختونکو کیا بی برگ سنج مرگ بلبل نے
گلستانمین لباس ماتمی پہنی ہی سوسن تک

۱۹۵	نسیم اک دو بھی لکھ غزل جولان طبیعت ہی بڑہا آتا ہی جوش نو مضمون فکر روشن تک	۲۶

حجاب ابر مانع ہی گذر کیونکر ہو گلشن تک
وہ شبنم ہون پہنچ سکتا نہین پہولونکی دامن تک

بہاتا سیل گریہ کیا کہ جاتی یار بدظن تک
گلا کہونٹا گریبان کی نہ جو اشک آئی ہی دامن تک

کمال ضعف سے گھبرا کی آنسو میری کہتی ہین　　مدد اے اضطراب شوق لیچل ہمکو دامن تک

وہ کہتے ہین یہہ کسکے دل بیتابکا شعلہ　　کہ جھڑتی ہے اک بجلی سی آکر میری دامن تک

ہجوم جوش وحشت سے ہوی ہین بے ادب ایسے　　گریبان سے اوجھکر ہاتہ آجاتی ہین دامن تک

ہوای بوسہ مین ہین خاک ہوکر بھی پشیمان ہو　　ہوا آنی نہین دیتی کسی کی مجکو دامن تک

قدم جمنی نہین دیتی صفای عارض جانان　　پھسلتی ہے نظر ایسی کہ آجاتی ہے دامن تک

تری چلنی سے چہوٹا آنسوون نے ساتہ چہوڑنکا　　گلے مل مل کی آپس مین چلی آتی ہین دامن تک

ندامت ہو گی ایدست جنون گر کچہ رہا باقی　　غضب آیا جو آیا بخیہ گر کا ہاتہ دامن تک

نگاہ قہر سے کیون گھورتا ہے دیدہ ظالم　　قسم لے جو پہیرا ہاتہ بھی پہنچا ہو دامن تک

خوشا قسمت قفس مین ہم پہ پیکر اڑون پرلے　　نظر بھی اب تو جاسکتی نہین دیوار گلشن تک

خطا میری نہین صیاد میری آرزو لیجا　　کہ مجکو کہینچ لائی تہی ہی بوی گلشن تک

کبھی گلچین نی للکارا کبھی صیاد نی گھیرا　　نہ ٹہیرا ایکدم گلشن مین جب پایا نشیمن تک

بہار فصل گل آئی ہے مین کنج قفس مین ہون　　مبارکباد مجکو ڈھونڈہ جاتی ہے نشیمن تک

نکر آزاد اے صیاد لیکن رحم کر اتنا　　نظر سے دیکہ لون لیچل مجہی اجڑی نشیمن تک

گلون کے آتش رخسار سے شعلی بھڑکتی ہین　　لگی ہے آگ کوسون کسطرح جاؤن نشیمن تک

قفس سے چہٹکر دام اجل کی نو اسیری ہے　　نہین ممکن کہ میری روح بھی جائے نشیمن تک

وہ بیتابی کہان ممکن جو توڑی دام سے گہبرا　　وہ آزادی کہان حاصل چلے جائی نشیمن تک

اداسی سے ہم ماتم ہم صفیر آپس مین کرلینگے　　صبا لیجائیو دو چار پر میری نشیمن تک

قفس کہا ہے اتنی دور صیاد ستمگر نی　　کہ میری آرزو بہی جا نہین سکتی نشیمن تک

تری عاشق کا لاشہ ناپسند طبع ہے سبکو　　نہین آتا گروہ مور بہی سوراخ مدفن تک

ہمیشہ بر شگاف قبر سے کچہ دور رہتی ہے　　صبا بہی ناز کرتی ہے اگر آتی ہے مدفن تک

تمہاری ہرزہ گردیکا خیال آتا ہے جب مجہین　　ڈبو دیتا ہے سیلاب ندامت مجکو گردن تک

ہجوم کیف مستی سی یہ عالم اپنا ہی ساقی
چلی آتی ہی اُبلی ہوئی شیشی کی گردن تک

برستا ہی جو ابر تر تمنا مین ٹپکتی ہین
ڈبو دی آب مین آج ساقی مجکو گردن تک

غنیمت ہی نسیم آزاد ہونا جب میسر ہو
ملین گے ہم صفیر قفس سے پونہچکر صحن گلشن تک

۱۹۶	ردیف کاف فارسی	۱۵

